۱۲۰ سالہ قدیم فارسی سوانح مع اردو ترجمہ

معین الاولیاء

۱۳۱۳ھ

تالیف

حضرت دیوان سید امام الدین علیخاں چشتی

ڈپٹی کلکٹر اجمیر و سجادہ نشین حضور غریب نواز

مترجم: حضرت علامہ قاضی شیدا اعظم علی صوفی قادری حیدرآباد (دکن)

معاون مترجم: پیرزادہ مولانا سید سراج الدین معینی اجمیری

ناشر

سلطان الہند پبلی کیشنز حویلی دیوان صاحب درگاہ بازار اجمیر شریف

نام کتاب : معین الاولیاء (فارسی)

موضوع : سیرت (سوانح عمری)

مؤلف : حضرت دیوان سید امام الدین علیخاں چشتی
ڈپٹی کلکٹر اجمیر و سجادہ نشین حضور غریب نواز

حسبِ فرمائش : خواجہ سید غیاث الدین چشتی جانشین دیوان سید صولت حسین صاحبؒ

مترجم : علامہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری صدر جمعیۃ المشائخ

معاون مترجم : پیرزادہ سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ

سن اشاعت : ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۰۱۳ء

تعداد بارِ اول : ایک ہزار

قیمت : Rs 500 (پانچ سو) روپئے

ناشر : سلطان الہند پبلی کیشنز، حویلی دیوان صاحب، اجمیر شریف

ملنے کا پتہ : چشتیہ بک ڈپو۔ نزد جنت ہوٹل، چشتیہ مارکیٹ، اجمیر

موبائل نمبر : 09461592786,09460933025,09829217860

Moinul Aulia

By: **Qazi Syed Imamuddin Alikhan Sb.**
Dy. Collector & Sajjada Nashin Dargah Khwaja Sb. Ajmer Sharif
Translated By: **Qazi Syed Shah Azam Ali Sahab Soofi**
President, Jamiatul Mashaikh Hydrabad
Published By: **Sultanul Hind Publications**
Haveli Diwan Sahab, Dargah Bazar, Ajmer
Available at: **Chishtiya Book Depo**
Near Jannat Hotel,Under Haveli Diwan Sahab,Ajmer

هوالمعز

تہدیہ

میں اپنی اس علمی کاوش کو سلطان الہند حضور خواجہ
غریب نواز قدس سرہ کی بارگاہ بیکس پناہ میں بطور
خراج قلب ونظر پیش کرتا ہوں جن کی چشمِ فیضان
کی بدولت اس مبارک کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے
کا مجھے حوصلہ نصیب ہوا۔

نیز

تقدس مآب حضرت دیوان سید صولت حسین علیخانؒ
سابق سجادہ نشین آستانہ اجمیری کی روح پرفتوح کو
اس کا ایصال ثواب کرتا ہوں کہ جن کا یہ دیرینہ
خواب الحمدللہ آج شرمندۂ تعبیر ہوا۔

درویش خیراندیش
قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری
صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ
(مترجم معین الاولیاء)

حمد و نعت شریف

دیوان سید امام الدین علیخاں

حمدِ خدا لکھے یہ بشر کی مجال کیا — یاں جائے دم زدن ہی نہیں قیل قال کیا

لا رَیب لاَشَرِیْکَ لَہ ، اسکی ذات ہے — جو کچھ ہے غیر ذات وہ اسکی صفات ہے

معبودِ کل ہے مالکِ ارض و سما ہے وہ — المختصر یہ ہے کہ ہمارا خدا ہے وہ

محفل میں ذکر حضرتِ خیر الانام ہے — ہر شخص کی زباں پہ محمد کا نام ہے

ہر ایک دل میں بادۂ الفت کا جوش ہے — بے ہوش ہو رہا ہے وہی جس کو ہوش ہے

آغاز ذکر سیدِ خیرالوریٰ ہوا — خاموش اہلِ بزم ہیں کیوں آج کیا ہوا

ہے آج قدسیوں کا نزول اس مقام پر — بھیجو درود بھیجو محمد کے نام پر

چھوڑو یہ سرد مہری اگر کچھ شرم ہو — آہیں بھرو کہ محفلِ میلاد گرم ہو

افسوس تم سے ہو نہ سکے یہ بھی اہتمام — بھیجو درود لب پہ جب آجائے انکا نام

بیٹھو ذرا سنبھل کے ذرا دل کو تھام لو — لو میرے ساتھ تم بھی محمد کا نام لو

ہر سمت جلوہ ریز شعائیں ہیں نور کی — آتی ہے کوئی دم میں سواری حضور کی

آمد قریب تر ہے اب اس بزم گاہ میں — آنکھیں بچھاؤ چل کے محمد کی راہ میں

مشتاقِ دید دیدۂ دل وا کئے رہیں — بہرِ نثار نقدِ دل و جاں لئے رہیں

دامان و جیب بھر لو گہر رول رول کر — جو مانگنا ہے مانگ لو دل کھول کھول کر

مانگے گا جو مراد وہی آج پائے گا — یہ وقت جائے گا تو کبھی پھر نہ آئے گا

کافی ہے اسکا نام مہمات کے لئے
لو سب اٹھاؤ ہاتھ مناجات کے لئے

از: دیوان اثرؔ

مناجات

دیوان سیدامام الدین علیخاں

مرحبا ختمِ رسل سیدِ والا نسبی   نہ تو ہوگا نہ ہوا اور کوئی تجھ سا نبی
نارِ دوزخ سے بچا اپنے گناہگاروں کو   آبِ رحمت سے بجھا آگ کے انگاروں کو
جس نے مانگا وہی پایا دمِ حاجت طلبی   تیری سرکار سخی ہے ترا دربار سخی
الغیاث اے شہِ لولاک رسولِ مدنی   الغیاث! اب تو مری جان ہی پر آن بنی
طاقتِ ضبط نہ یارائے شکیبائی ہے   ہم ہیں اور ہجر ہے اور گوشۂ تنہائی ہے
مالکِ کلک ولایت شہ والا کے لئے   سیدہ محترمہ فاطمہ زہرا کے لئے
کشتۂ خنجر و تسلیم و رضا کا صدقہ   صبر و مظلومی مسموم جفا کا صدقہ
ملک و جن و بشر ارض و سما کا صدقہ   کرسی و لوح و قلم عرشِ علا کا صدقہ
صدقہ اصحاب کا صدقہ ترے انصاروں کا   صدقہ قرآن کا قرآن کے سیپاروں کا
تھک کے میں بیٹھ گیا راہ میں تیری چل کر   آلِ اطہار کا صدقہ مری مشکل حل کر
یا نبی تیرے سوا کون سنے کس سے کہیں   کوئی ایسا نظر آتا ہی نہیں کس سے کہیں
طالبِ دید ہوں دیدار دکھا دے مجھ کو   ساغرِ بادۂ توحید پلادے مجھ کو
عاصیوں کے لئے بخشش کا سہارا تو ہے   زاہد ہے حضرتِ زاہد کا ہمارا تو ہے
میرا مالک مرا مولا میرا آقا تو ہے   زاہد ہے حضرتِ زاہد کا ہمارا تو ہے
ہند سے جلد مدینہ میں بلالو مجھ کو   روضۂ پاک ان آنکھوں سے دکھا دو مجھ کو

یا نبی کس کو میسر ہے غلامی تیری
بادشاہی سے تو بہتر ہے غلامی تیری

از: دیوان اثرؔ

سلام ونعت

دیوان سید امام الدین علیخاں

یا رسول اللہ یا خیر الوریٰ   یا نبی اللہ یا نور الہدیٰ
السلام اے مہرِ تابانِ عرب   السلام اے جانِ جانانِ عرب
السلام اے مایۂ علم و عمل   السلام اے آیۂ ما قل و دل
السلام اے شافعِ روزِ جزا   السلام اے ہادیِ راہِ خدا
السلام اے شاہدِ امی لقب   السلام اے باعثِ فخرِ عرب
اے امیرِ عرشِ اعظم السلام   اے معظم از معظم السلام
آبروئے حشر تیرے ساتھ ہو   تیرا دامن ہو ہمارا ہاتھ ہو
نارِ دوزخ سے بچا لینا مجھے   اپنے دامن میں چھپا لینا مجھے
تیرا بازارِ شفاعت گرم ہے   ہم گنہگاروں کی تجھ کو شرم ہے
حشر میں تیرا ہی تیرا راج ہے   تیری امت کی تجھی کو لاج ہے
عمر گذری ساری بد افعال میں   نام نیکی کا نہیں اعمال میں
یوں تو آمرزش کے لائق ہم نہیں   اور جو تم چاہو تو کچھ بھی غم نہیں
چاہئے طاعت نہ تقویٰ چاہئے   مہرباں تو ہو تو پھر کیا چاہئے
دین پر دعویٰ نہ کچھ اسلام پر   مطمئن بیٹھے ہیں تیرے نام پر
لب پہ حرف آنے لگا فریاد کا   المدد یہ وقت ہے امداد کا
چاند سی صورت دکھا جانا مجھے   اپنا دیوانہ بنا جانا مجھے
لب پہ تیرا نام دل میں نور ہو   کُنجِ مرقد نور سے معمور ہو
یوں ادا ہو کُنجِ مرقد میں نماز   سر ترے قدموں پہ ہو بندہ نواز
تیرا ہی جلوہ رہے پیشِ نظر   کچھ نہ دیکھوں تیری صورت دیکھ کر
منہ سے کلمہ کے سوا نکلے نہ بات   گور کی پرسش سے ہو جائے نجات

منہ سے جب گھبرا کے تیرا نام لوں دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام لوں
چین سے سوؤں لحد کے ڈھیر میں ہو مدینہ کا سماں اجمیر میں
ہو مئے الفت کا جس دم دل میں جوش یا محمد کہہ کے ہو جاؤں خموش
دفعتاً بگڑے ہوئے بن جائیں کام قبر میں مفتوح ہو باب السلام
عرض حالِ خویشتن کردم تمام
بر ادائے صد درود و صد سلام

از: دیوان اثرؔ

تضمین۔ حضرت جامی کی نعت شریف پر

دیوان سید امام الدین علیخاں

یہ تمنا ہے کہ محشر میں رسولِ عربی بیچ میں تم ہو اِدھر میں ہوں اُدھر خیلِ نبی
اور یوں عرض کروں میں دمِ حاجت طلبی مرحبا سیدی مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
چشمِ بد دور مجھے اپنی ہی آنکھوں کی قسم نور ہی نور نظر آتا ہے سر تا بہ قدم
واہ رے حسن! خدا جانے یہ کیا ہے عالم منِ بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی
خوب کی سیرِ جہاں ، سارا زمانہ دیکھا ایسا بے مثل طرحدار تو دیکھا نہ سنا
یہ کچھ اور ہی انداز ہیں ، اے صلِّ علیٰ! نسبتے نیست بذاتِ تو بنی آدم را
بر تر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی
لب پہ دم آنے لگا منہ سے نکلتی نہیں بات عطشِ ہجر سے ہے جاں پہ عذابِ سکرات
ایک دو جام ادھر بھی ترے خم کی خیرات ما ہمہ تشنہ لبانیم توئی آبِ حیات
لطف فرما کہ ز حد می گذرد تشنہ لبی
آج تو اور ہی دربار کے کچھ ہیں انداز جمع ہے خلقِ خدا تا بہ سرا پردۂ ناز

دیر اب بندہ نوازی میں ہے کیا بندہ نواز   بر درِ فیضِ تو استادہ بصد عجز و نیاز
رومی و طوسی و ہندی و یمنی و حلبی

سرگزشتِ منِ برگشتۂ پامال مپرس   حالِ من حالِ سگانِ تو زِ من حال مپرس
سستیِ زہدِ مبیں ، زشتیِ احوال مپرس   عاصیانیم زِ ما نیکیِ اعمال مپرس
سوئے ما روئے شفاعت بکن از بے سببی

گھر سے نکلا ہوں ترے دھیان میں جوگی بنکر   منتظر دیر سے بیٹھا ہوں سرِ راہ گزر
کب تلک دیر خدا کے لئے اب دیر نہ کر   چشمِ رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقبی ، ہاشمی و مطلبی

لوحِ محفوظ پہ ہیں تیرے محامد مسطور   تیرے اوصاف سے ہیں جملہ صحائف معمور
تیری اللہ کو خاطر ہے یہاں تک منظور   ذاتِ پاکِ تو دریں ملکِ عرب کردہ ظہور
زاں سبب آمدہ قرآں بزبانِ عربی

شہِ لولاک لما سیدِ والا نسبی   یا رسولِ عربی ہاشمی و مطلبی
نظرِ سوئے اثر نیز دمِ جاں بلبی   سیدی انت حبیبی وطبیبِ قلبی
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

از: دیوان اثرؔ

نظر نہ آیا کوئی آپ سا غریب نواز قدس سرہٗ

مولانا قاضی صوفی اعظم القادری (مترجم)

شفائے دردِ دلِ مبتلا غریب نواز　　ہیں چارہ سازِ غمِ لا دوا غریب نواز

دکھاؤ چہرۂ زیبا ذرا غریب نواز　　یہی غریب کی ہے التجا غریب نواز

تمہارے در کو میں اب چھوڑ کر کہاں جاؤں　　ہوں آستاں کا تمہارے گدا غریب نواز

غریب و بیکس و بے چارہ، بے نوا ہوں میں　　نہیں ہے کوئی مرا آسرا غریب نواز

ہزاروں دیکھے ہیں اہلِ کرم جہاں میں مگر　　نظر نہ آیا کوئی آپ سا غریب نواز

کروں میں سجدے لگاؤں میں اسکو آنکھوں سے　　جو پاؤں آپ کا میں نقشِ پا غریب نواز

پڑا ہے سابقہ مرقد میں اب فرشتوں سے　　مدد کو آیئے اس وقت یا غریب نواز

مرے خراجِ عقیدت کا ہے یہ نذرانہ　　تمہاری شان میں جو کچھ کہا غریب نواز

ذرا تو سن لو صدا اک غریب اعظمؔ کی
پکارتا ہے جو در پر کھڑا غریب نواز

فارسی قطعۂ تاریخِ اشاعت عیسوی

از مترجم علامہ قاضی سید شاہ اعظمؔ علی صوفی اعظمؔ القادری

کرد تصنیف ایں "معین الاولیاء" چوں دلنشیں
حضرتِ سید امام الدین سجادہ نشیں
ترجمہ از فارسی در اردو کردہ کمتریں
منکشف شد حالِ نسلِ حضرتِ خواجہ معیں
کُن رقم سالِ اشاعت صوفی اعظمؔ قادری
ذکرِ اولادِ معین الدیں شدہ شائع مبیں

۲۰۰۹ء

*****

معین الاولیا کے ترجمہ کی تکمیل پر

از خداخاں صاحب مونسؔ ، سابق ناظم درگاہ خواجہ صاحب اجمیر

قبولِ بارگاہِ ایزدی ہوگا یہ نذرانہ
غیاث الدین صاحب رحمتِ باری مبارک ہو
ہزاروں تشنگانِ علم اس سے فیض پائیں گے
یہ محنت یہ لگن یہ جذبِ دیں داری مبارک ہو
یہ کارِ خیر ہے بیشک ، کہو تاریخ اے مونسؔ
معین الاولیا کی ترجمہ کاری مبارک ہو

۱۴۳۲ھ

دعا گو حاجی الحرمین خداداد مونس

۱۴۳۲ھ

اردو قطعۂ تاریخِ طباعت ہجری

ازفرزند مترجم قاضی سید شاہ مصطفٰی علی صوفی سعیدؔ قادری ایم۔اے (عثمانیہ)

معین الاولیاء کا ترجمہ فرمایا والد نے
بالآخر کام آئی نسبتِ روحانی خواجہ کی
اشاعت اور رسمِ رونمائی ہونے والی ہے
بفضلِ رب' نوازش ہے یہ سب اجمیری خواجہ کی
طباعت کا سنِ ہجری سعیدِؔ قادری کہدو
"معین الاولیاء" ۔ کامل سوانح عمری خواجہ کی


۱ ۴ ۳ ۰ ھ

اردو قطعۂ تاریخِ ترجمہ ہجری

ازفرزند مترجم ڈاکٹر حافظ سید شاہ مرتضٰی علی صوفی حیدرؔ قادری مولوی کامل (نظامیہ) پی ایچ ڈی (عثمانیہ)

لکھا تھا فارسی میں تذکرہ اجمیری خواجہؒ کا   امام الدین صاحبؒ نے جو تھے درگاہ کے دیواں
کیا ہے والدِ ماجد نے اردو ترجمہ کیا خوب   سلیس و عام فہم و دلنشین وعمدہ وشایاں
کہو بے ساختہ تاریخ حیدرؔ ترجمہ کی یوں
معین الاولیاء" کا ترجمہ ہے کس قدر آساں

۱ ۴ ۲ ۹ ھ



سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ
خواجہ فخر الدین چشتی سرواڑ شریف
سید حسام الدین (سانبھر شریف)
سید قیام الدین بابر بال
سید تاج الدین بایزید بزرگ
سید نور الدین طاہر
سید رفیع الدین بایزید خورد
سید معین الدین ثالث
سید ابوالخیر
سید معین الدین رابع
سید مبارک دیوان شاہ
سید نظام الدین
سید خضر محمد
سید محمد محسن
سید شمس الدین
سید بندے علی
سید خدمت علی
سید مزاج علی
سید طالب حسین
سید محمد حسین
سیدہ لطیفہ بیگم زوجہ دیوان سید عنایت حسین سجادہ نشین
شیخ المشائخ (حکیم) دیوان سید عنایت حسین علیخاں سجادہ نشین (وصال ۱۹۵۹ء)
شیخ المشائخ دیوان خواجہ سید صولت حسین علیخاں سجادہ نشین (وصال ۲۰۰۲ء)
سید عشرت حسین
سید ہدایت حسین
سید سعادت حسین
سید برکات حسین
سید طلعت حسین
سید ابوالکلام
سید صفات
سید صباحت
سید حسنات
سعید الدین
فرید الدین
سیدہ ناظمہ
سیدہ شمع (منّی)
حبیب الدین
حسیب الدین
سیدہ تسلیم
سیدہ یاسمین
سیدہ جبین
سید حیات حسین
سیدہ زیبا
سیدہ زوبی
سیدہ فرح
سیدہ نعیمہ زوجہ خواجہ غیاث الدین چشتی
سیدہ سیما (وفات ۲۰۱۱ء)
سیدہ روما
سید وجاہت حسین (طارق)
سیدہ عظمیٰ (وفات)
سید فراست حسین (شارق)
خواجہ سید غیاث الدین چشتی ناشر کتاب ہذا
سید امام الدین پولس انسپکٹر
سید نجم الدین خواجہ پریس
سیدہ صدیقہ زوجہ سید اقرار حسین
مولانا سید سراج الدین معاون مترجم کتاب ہذا
سید نظام الدین اسکرین پرنٹر
سید سلیم الدین ریلوے ملازم
سیدہ صبیحہ زوجہ محمد سلیم
سید جمال الدین کمپیوٹر ڈزائنر و پرنٹر
حافظ ڈاکٹر سید صلاح الدین
سید منیر الدین بی۔اے
سیدہ راضیہ زوجہ محمد حبیب منزلی
سیدہ غزالہ
سید سیف الدین
سید فیض الدین
سید منور
سید ساحل
سیدہ فاطمہ زہرہ
سیدہ مدیحہ
سیدہ کشف
فاطمہ
زینب
معین الحسن
سید ذکی الدین
سید مصباح الدین
سیدہ عالیہ
سیدہ ہانیہ
سید قطب الدین
سیدہ محسنہ
سیدہ ثمینہ
سید عظیم الدین
سیدہ سماء معینی
سید رضی الدین
سید صفی الدین
سید زین الدین
سیدہ شیرین
سید محمد حسین
سید احمد حسین
محمد امین
حمیرہ نور

پیش لفظ

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر، آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان و حضور سلطان الہند غریب نواز خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدین حسن چشتی سنجری ثم اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی نظرِ عنایت، والدی و مرشدی حضرت شیخ المشائخ دیوان سید صولت حسین علیخاں سجادہ نشین حضور غریب نواز کا روحانی تصرف کہ اس ناچیز کو غریب نواز کے حالات پر مبنی تاریخی و مستند کتاب معین الاولیا کا اردو ترجمہ مع فارسی متن شائع کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔

والدِ محترم کی دلی خواہش تھی کہ غریب نواز سے متعلق کتابیں شائع کرتے وقت اعلیٰ معیار کا خاص خیال رکھا جائے۔ الحمدللہ دیوان معین الدین چشتی موسوم بہ کلامِ عرفاں طراز کا دوسرا و تیسرا ایڈیشن شائع کرتے وقت والدِ محترم کی خواہش و ہدایت کے پیشِ نظر ہی اسے اعلیٰ معیار پر شائع کیا گیا۔

"معین الاولیاء" کی اہمیت کا اندازہ اسی سے لگایا جاسکتا ہے کہ غریب نواز رحمۃ اللہ کے مستند سوانح نگاروں نے اسکا حوالہ اپنی کتابوں میں دیا ہے۔ ساتھ ہی اس کتاب کی اشاعت کے لئے کلکٹر و اسسٹنٹ کمشنر اجمیر نے 6-11-1892 کو ایک حکم (Order) جاری کیا کہ

درگاہ کمیٹی 75 روپے	دیوان اسٹیٹ 75 روپے
کورٹ آف وارڈ 50 روپے	ڈسٹرکٹ فنڈ 50 روپے

منشی امام الدین صاحب کو دیں گے۔ اور شائع ہونے کے بعد علی الترتیب 15-10-2-2 عدد کتابیں انکو دی جائیں گی۔ گویا یہ ایک تاریخی دستاویز ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ کرنا آسان کام نہیں تھا فرامین کا ترجمہ کرنا اس سے بھی مشکل، حضرت صوفی صاحب جیسی قابل شخصیت دوسرے برادر عزیز سراج الدین کی جستجو اور تحقیق پھر مزید ان تین کتابوں نے یہ کام اور آسان کر دیا۔

(۱) فرامین سلاطین از: منشی بشیر الدین

(۲) مغل ڈاکیومنٹ حصہ اول و دوم از: ایس آئی اے ترمذی سابق ڈائرکٹر محکمہ آثار قدیمہ دہلی

(۳) اجمیر تھرو انسکرپشن از: ایس آئی اے ترمذی سابق ڈائرکٹر محکمہ آثار قدیمہ دہلی

اولاد غریب نوازؒ کا ذکر متعدد کتابوں میں پایا جاتا ہے جس میں سے قابل ذکر مندرجہ ذیل کتابیں ہیں جس میں اولاد غریب نوازؒ کا مفصل ذکر ہے۔

(۱) مدائن المعین (فارسی) شیخ رحمت اللہ بن جمال الدین

(۲) مناقب الحبیب (فارسی، اردو) حاجی نجم الدین سلیمانیؒ

(۳) دی بایوگرافی آف خواجہ معین الدین چشتی (انگریزی) ڈبلیو۔ ڈی۔ بیگ

(۴) دی شرائن اینڈ کلٹ آف خواجہ معین الدین (انگریزی) پی۔ ایم۔ کیوری

(۵) عہدہ تولیت (اردو) مرزا عبدالقادر بیگ

(۶) گلدستہ چشتی چمن (اردو) محمد عبداللہ قادری

(۷) تاجدار اجمیر (اردو) ڈاکٹر سید محمد آفاق کاظمی

(۸) عطائے رسول (اردو) حضرت معین الدین خامس

اتنے دلائل اور تحقیق اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی کوئی شخص اپنی اندرونی بغض کی وجہ سے اولاد خواجہ غریب نوازؒ کا انکار کرے تو یہی کہا جائیگا

گر نہ بیند بروز شپرۂ چشم — چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

اگر دن کے اجالے میں چمگاڈر کی آنکھ سورج کو نہیں دیکھتی تو سورج کا کیا قصور

حضرت خواجہ حسین ناگوریؒ و حضرت خواجہ حسین اجمیریؒ دونوں الگ الگ بزرگ شخصیتیں ہیں۔ حضرت خواجہ حسین ناگوریؒ حضرت صوفی حمید الدین ناگوریؒ خلیفہ خواجہ غریب نوازؒ کی اولاد میں سے ہیں جو درگاہ خواجہ صاحب اجمیر میں برسوں معتکف رہے اور خواجہ صاحب کا گنبد اور بلند دروازہ آپ کے ذریعہ ہی تعمیر ہوا جس کا مفصل ذکر ''اخبار الاخیار'' میں موجود ہے دوسرے خواجہ حسین اجمیری اکبر بادشاہ کے زمانے میں سجادہ نشین تھے آپ غریب نوازؒ کی اولاد میں سے ہیں منتخب تواریخ میں (ملا عبدالقادر بدایونی) نے آپ کو نور کا تودہ لکھا ہے خواجہ خواجگان کے گنبد کی تزئین کا کام آپ کے زمانے میں ہوا ہے۔ مغرب سے پہلے گنبد شریف کے اندر پڑھی جانے والی ''روشنی'' آپ ہی کی تحریر کردہ ہے۔ آپ کا مزار سولہ کھمبے میں ہے جس پر شاندار گنبد جہانگیر بادشاہ کے زمانے میں تعمیر ہوا۔ آپ کے مقبرے میں خواجہ صاحب کے دیگر سجادگان کے

مزارات کے ساتھ دائیں طرف کونے میں اس فقیر کے دادا شیخ المشائخ دیوان سید عنایت حسین علیخان کا بھی مزار ہے

اس کتاب کی طباعت میں کافی وقت لگ گیا۔ ذہن میں ایک ہی بات تھی کہ چاہے تاخیر ہوجائے مگر کام اعلیٰ معیار کا ہونا چاہئے۔

معین الاولیا کے نام سے کچھ حضرات نے کتابیں شائع کی ہیں۔ شاید یا تو انکو معلوم نہیں ہوگا کہ اس نام سے کتاب شائع ہو چکی ہے یا جان بوجھ کر بھی یہ نام رکھا ہو کہ عوام کو کہیں کہ دیکھئے یہ کتاب معین الاولیا ہے۔ لیکن اس میں حضور غریب نواز کی اولاد کا تذکرہ نہیں ہے۔ بہر حال جو بھی انکی نیت ہو۔ اللہ ان کو ہدایت دے۔ اصلی و مستند ''معین الاولیاء'' یہی کتاب ہے۔

میں حضرت سید شاہ اعظم علی صوفی قادری مدظلہ العالی کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے کہ آپ نے اس ناچیز کی درخواست پر اپنی گونا گوں مصروفیات کے باوجود اعلیٰ و معیاری ترجمہ فرمایا۔ یقیناً اس کتاب کا ترجمہ وہی شخص کر سکتا تھا جو اعلیٰ علمی صلاحیت کا حامل، بزرگانِ دین کا عاشق اور صوفی مزاج رکھنے والا ہو۔ الحمد للہ یہ سب صلاحیتیں حضرت صوفی صاحب میں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ یہ حضرت صوفی صاحب کی حضور غریب نواز سے والہانہ محبت کا نتیجہ ہے کہ مصروفیت کے باوجود آپ نے اس کا ترجمہ فرمایا۔ جسکے لئے میں اور ہم سبھی اہلِ خاندان آپ کے بے حد ممنون ہیں۔ اللہ تعالیٰ بطفیل حضور غریب نواز آپکی عمر دراز فرمائے اور آپ سے ہمیں مزید استفادہ کا موقع عنایت فرمائے۔ آمین۔

برادرِ عزیز پیرزادہ مولانا سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ و مدرس دار العلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر بھی اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کو بروئے کار لائے۔ کتاب کے بابِ چہارم کا مکمل ترجمہ کیا۔ خواجہ صاحب کی نسبی اولاد سے متعلق بڑے حصہ کا ترجمہ کیا نیز کتاب کے فرامین کی تصحیح و ترجمہ میں حضرت صوفی صاحب کے بہترین معاون ثابت ہوئے۔ اور ساتھ ہی کمپیوٹر ٹائپنگ و پروف ریڈنگ کو بحسن و خوبی انجام دیا۔

کتاب کی افادیت کیلئے فرامین سلاطین دہلی کے حصہ میں مغلیہ دور میں رائج پیمائش کے ہندسوں کو اصل معین الاولیاء سے (عکس) کر کے چسپا کیا گیا ہے وہ ہندسہ اس دور میں رائج نہیں ہے ساتھ ہی جہاں جہاں بہت سی مہریں تھیں وہاں بھی اصل کتاب سے اسکیان (عکس)

کر کے داخل کیا گیا ہے۔ صفحہ ۲۹۸ ر سے ۳۰۵ ر تک حکم عدالت اُردو میں تھے اسلئے اصل کتاب کا عکس اسکیان کر کے جوں کا توں ہی رکھ دیا ہے۔

ساتھ ہی سراج میاں نے فرامین کے ترجمہ کی تصحیح پروف ریڈنگ کے وقت جو اصطلاحات سمجھیں وہ قارئین کی سہولت کے پیش نظر الگ سے ان کی تفصیل لکھ دی ہے جو ایک قابل قدر کام ہے۔

میں مندرجہ ذیل ان سبھی حضرات کا بھی ممنون ہوں۔

جناب بشیر الدین صدیقی صاحب نے اصل فارسی کتاب سے لفظ بہ لفظ فارسی پروف ریڈنگ کی۔

جناب سید مصطفی علی صوفی سعید پاشاہ ابن حضرت صوفی صاحب نے کمپیوٹر ٹائپنگ اور تصحیح میں مدد کی ۔مولانا بشیر القادری صاحب صدر مدرس دار العلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر، جناب سید سید ین صاحب یو۔کے۔خداداد خاں مونس سابق ناظم درگاہ خواجہ صاحب اجمیر شریف، محمد شمشیر عالم کلکتہ، یعقوب منصوری کیکڑی، سید جاوید علی صاحب حیدرآباد، محمد معراج الدین کلکتہ، جیلانی خان صاحب حیدرآباد، عبدالرحیم حیدرآباد کا انکے تعاون کے لئے بے حد شکر گزار ہوں

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا گو ہوں کہ حضور غریب نواز کے طفیل ان سبھی حضرات کو دین ودنیا کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے۔آمین

اس کتاب کے ترجمہ، پرنٹنگ ، یا ٹائپنگ میں کوئی غلطی نظر آئے تو اس فقیر کو مطلع فرمانے کی زحمت فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کو صحیح کیا جاسکے۔

خواجہ سید غیاث الدین چشتی

عرض مترجم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَ حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی وَ عَلٰی اٰلِہٖ سَفِیْنَۃِ النَّجَاۃِ وَ اَصْحَابِہٖ نُجُوْمِ الْھُدیٰ وَ عَلٰی اَوْلِیَائِ اُمَّتِہٖ مَصَابِیْحِ الصِّدْقِ وَ الصَّفَا۔ اَمَّا بَعْدُ۔

حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے "ذِکْرُ الْاَنْبِیَائِ مِنَ الْعِبَادَۃِ وَ ذِکْرُ الصَّالِحِیْنَ کَفَّارَۃٌ" یعنی انبیاء کرام کا ذکرِ اقدس عبادت میں شامل ہے اور اولیائے صالحین کا ذکرِ جمیل گناہوں کا کفارہ ہے۔ خواہ زبان اس سے رطب اللسان ہو یا قلم کو اس کا شرف محترم نصیب ہو۔ خواجۂ خواجگاں، قبلۂ چشتیاں، کعبۂ عارفاں، قطب المشائخ، سلطان الھند، غریب نواز حضرت خواجہ معین الدین حسن حسینی الحسنی چشتی سجزی اجمیری کی ذات قدسی صفات کہ جن کے قطب الاقطاب اور ولیِ برحق ہونے میں کوئی شک وشبہ ہی نہیں۔ آپ کا یہ تذکرۂ مبارک یقیناً ہمارے معاصی کے کفارہ کا اور ہماری خطاؤں کی بخشش کا عظیم وسیلہ ہے۔

تقدس مآب حضرت دیوان سید صولت حسین چشتی نور اللہ مرقدہ قدیم سجادہ نشین آستانہ خواجہ اجمیری کی بزرگ شخصیت اعلیٰ علمی ذوق کی حامل تھی۔ مشائخ چشتیہ خصوصاً غریب نواز کے نادر و نایاب ملفوظات، تصنیفات اور تالیفات بشکل مطبوعات ومخطوطات کی تلاش وجستجو اور انکے اردو تراجم کی اشاعت میں وہ زندگی بھر سرگرم وسرگرداں رہے۔ چنانچہ دنیائے فانی سے عالمِ بقا کی جانب سفر فرمانے سے عین قبل آپ کی حیدرآباد دکن میں تشریف آوری اسی سلسلہ کی آخری کڑی تھی۔ اس فقیر حقیر پر آپ کے بڑے مراحمِ مشفقانہ تھے۔ کبھی اطلاع کے بعد اور کبھی بلا اطلاع اچانک فقیر خانہ یعنی "تصوف منزل" تشریف لاتے اور اکثر وبیشتر کتب کی ترتیب وتدوین میں مشورت کا یا عربی وفارسی کتب کے تراجم کی سعادت کا مجھے موقع عنایت فرماتے اور میری علمی خدمات پر خوب دعاؤں سے نوازتے۔ آخری دورہ حیدرآباد کے دوران آپ نے "معین الاولیاء" نامی ایک ضخیم فارسی کتاب کا اردو ترجمہ کرنے کی مجھ سے خصوصی فرمائش کی تھی اور جلد از جلد اسکا ایک زیراکس ارسال کرنے کا وعدہ بھی فرمایا تھا۔ مگر آپ کی حیات وفا نہ کرسکی کیونکہ

اجمیر شریف واپس ہوتے ہی ۱؍محرم ۱۴۲۲ھ مطابق ۱۶؍مارچ ۲۰۰۲ء کو حرکتِ قلب بند ہوجانے کے باعث آپ کے اچانک سانحۂ ارتحال کی اطلاع نے یہاں سب کو افسردہ کردیا۔ حق تعالیٰ آپ کی لحد میں نور کے بقعے اور رحمت کے اطباق نازل فرمائے۔ آمین۔

''اگر پدر نہ تواند پسر تمام کند'' کے مصداق اس سے کچھ عرصہ بعد حضرت ہی کے فرزندِ اکبر و جانشین گرامی قدر الحاج خواجہ سید غیاث الدین صاحب چشتی حفظہ اللہ تصوف منزل تشریف لائے تو آپ نے فارسی ''معین الاولیا'' کا زیراکس اردو ترجمہ کرنے کے لئے میرے سامنے رکھ دیا۔ صاحبزادہ موصوف اپنے اوصافِ جمیلہ اور ذوقِ علمیہ میں بفحوائے ''اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ'' واقعی اپنے والدِ بزرگوار کے سچے جانشین واقع ہوئے ہیں۔ اگرچہ تصنیف و تالیف اور تراجم کے دیگر بہت سے کام میرے ہاتھ پر تھے اس کے باوجود اسے حضور غریب نواز قدس سرہٗ کی نوازش اور میرے لئے عین سعادت سمجھتے ہوئے میں نے ترجمہ کی ذمہ داری قبول کرلی۔ بڑی حد تک ترجمہ پایۂ تکمیل کے قریب تک پہنچ گیا تھا کہ میری اہلیہ شدید علیل ہوگئیں۔ جس کے باعث میری ساری علمی مصروفیات بری طرح متاثر ہوگئیں۔ لہٰذا باقی ماندہ چند صفحات مخلصی خواجہ سید غیاث الدین صاحب کی خدمت میں معذرت کے ساتھ میں واپس کردیے تاکہ مزید تاخیر کے بغیر کسی اور صاحب سے ترجمہ کی تکمیل کرالی جائے۔ کچھ عرصہ بعد حق تعالیٰ نے مجھے افکارِ خانگی سے راحت و نجات عطا فرمائی تو حج و زیارت حرمین شریفین کا پھر سے شرف نصیب ہوا۔ مقدس سفر سے واپسی پر پتہ چلا کہ معین الاولیا کے ترجمہ کا تتمہ جوں کا توں ہے۔ کیونکہ ایک صدی قدیم فارسی زبان نہایت ادق ہونے کے باعث دانشور صاحبان ترجمہ کرنے سے گریز کررہے ہیں۔ غالباً حق تعالیٰ اور اسکے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہی منظور تھا نیز حضور غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی مرضی بھی یہی تھی کہ باقی ترجمہ کی سعادت بھی میرے نصیب میں آئے۔ چنانچہ اسکی اب الحمدللہ تکمیل ہوچکی ہے۔

معین الاولیاء دراصل آج سے ۱۱۹ سال قبل ۱۳۱۳ھ میں مطبع معین الہند اجمیر شریف میں زیورِ طبع سے آراستہ ہوئی۔ اسکا ایک نسخہ حیدرآباد دکن کے سالار جنگ میوزیم لائبریری میں محفوظ

ہے۔ جس کی فہرست میں فن سوانح عمری کے تحت اس کا سلسلہ نمبر (۳۴۷) درج ہے۔ اسکین شدہ کتاب کا نمبر U7396 ہے۔ اسی کی ایک زیراکس کاپی اردو ترجمہ کے لئے مجھے فراہم کی گئی ہے۔ ایک نسخہ حضرت دیوان سید صولت حسین قدیم سجادہ نشین اجمیر شریف کے کتب خانہ میں بھی موجود ہے۔ کتاب کے اندرونی ٹائٹل پر سالِ اشاعت سہواً ۱۳۱۲ھ طبع ہوا ہے۔ لیکن کتاب کے آخری صفحات پر طباعت واشاعت کے قطعات تاریخ سے صاف ظاہر ہے کہ سالِ طباعت ۱۳۱۲ھ نہیں بلکہ ۱۳۱۳ھ ہے۔

(۳۱۱) صفحات پر محیط اصل معین الاولیا کو فاضل مؤلف نے چار ابواب پر تقسیم کیا ہے۔ باب اول (۲۳ صفحات) میں خواجہ بزرگ غریب نواز کے حالات ومقالات ومراسم درگاہ شریف کا اجمالی خاکہ ہے۔

باب دوم (۱۴۷) صفحات پر مشتمل ہے جس میں حضور غریب نواز کی اولاد واحفاد میں کوئی (۱۳۵) حضرات کے تفصیلی حالات دئے گئے ہیں اور ہر دور کے سلاطین وحکمران اور وزراء و امرا کے فرامین، احکام اور اسناد کے حوالوں کے ساتھ انکی توثیق بھی کی گئی ہے۔

باب سوم (۱۰۲) صفحات پر محیط ہے جس میں حضور غریب نواز کی روحانی اولاد یعنی آپ سے فیض وتربیت یافتہ خلفا اور خلفا کے خلفا وغیرہ کی تفصیل دی گئی ہے۔

باب چہارم کے آخری (۳۶) صفحات پر اجمیر شریف اور اس کے اندر واقع قدیم مقدس اور مشہور مقامات کی تاریخ اور تعمیر وتوسیع کی تفصیلات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

بالخصوص حضرت خواجہ اجمیری کی نسبی اولاد واحفاد اور روحانی اولاد کے تحت خلفاء درخلفاء میں جملہ زائد از تین سو (۳۰۰) حضرات کے فرداً فرداً حالات جمع کرنے میں مؤلف معین الاولیاء نے واقعی محنت شاقہ اور جانفشانی سے کام لیا ہے جس کو ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔

عجیب اتفاق ہے کہ سلسلہ عالیہ چشتیہ میں حضرت خواجہ ابو محمد چشتی قدس سرہ سے لے کر حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی تک یعنی مسلسل آٹھ واسطوں تک تقریباً ہر شیخِ طریقت نے اولاد

واحفاد موجود ہونے کے باوجود اپنے خلفا ہی میں سے کسی ایک کو اپنا جانشین مقرر فرماتے ہوئے یہ تاثر دیا ہے کہ اس منصبِ جلیلہ کے لئے جو بھی اہلیت، قابلیت اور لیاقت رکھتا ہو وہی جانشینی کا مستحق وحقدار قرار پائے گا۔ اس سے بعض لوگوں کے ذہن میں یہ غلط فہمی پیدا ہوگئی کہ ان شیوخ سلسلہ اور پیرانِ طریقت کی کوئی اولاد ہی نہیں تھی اس لئے خلفا کو اپنا جانشین مقرر کیا گیا۔ بالخصوص حضور غریب نواز قدس سرہ کے بارے میں یہ بات بڑے شد ومد کے ساتھ مشہور کردی گئی ہے کہ آپ کی کوئی اولاد ہی نہیں تھی اس لئے آج اس زمانے میں بھی آپ کی نسلِ مبارک کے کسی بھی فرد کا وجود ہی نہیں ہے۔ معین الاولیا میں دیے گئے زائد از ایک صدی سے موجود مستند دستاویزات اور سلاطین وحکمرانِ زمانہ کے اسنادِ مصدقہ سے ثابت ہو جاتا ہے کہ حضرت غریب نواز کو لاولد بتانے اور آپ کی نسل کے باقی نہ رہنے کا الزام بے بنیاد، جھوٹا اور خود ساختہ ہے۔ درحقیقت حضور غریب نواز کی اولادِ امجاد اور سجادہ نشینی کا سلسلہ آج تک جاری و ساری ہے۔ چنانچہ سابق سجادہ نشین حضرت دیوان صولت حسین چشتی علیہ الرحمہ اور موجودہ دیوان سید زین العابدین چشتی حضرت غریب نواز ہی کی نسلِ مبارک سے ہیں۔

کسی ایک زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنا بجائے خود ایک فن ہے۔ ترجمہ اور ہے ترجمانی اور ہے۔ اس میں خوبی وعمدگی اسی وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ بزرگوں کی تربیت اور تجربہ کے ساتھ دونوں زبانوں پر خاصا عبور حاصل ہو۔ معین الاولیا کے ترجمہ کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش میں حسبِ ذیل امور کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

(۱) مشکل بلکہ ادق فارسی الفاظ اور محاوروں کا سلیس، آسان اور عام فہم اردو ترجمہ کرنے کی مقدور بھر کوشش کی گئی ہے۔

(۲) بعض مقامات پر لغوی یا لفظی معنی لکھنے سے مفہوم غیر واضح معلوم ہوتا تھا اس لئے ایسی جگہ مرادی مفہوم درج کیا گیا ہے۔

(۳) زمانہ قدیم میں سلاطین اور حکمرانوں کی جانب سے صادر کردہ شاہی فرامین واحکام اور وزرا وامرا کی جانب سے جاری کردہ ہدایات، مراسلات اور اسناد کے متن وعبارت میں بعض

شخصیات کے اصل ناموں سے قبل عربی و فارسی بندشوں سے مرکب قصیدہ گوئی کے پیرایہ میں طول طویل تعریفی القاب اور توصیفی آداب تحریر کرنے کی روایت قائم تھی جس سے کسی کے تقدس واحترام کے اظہار کے ساتھ ساتھ پیشکار یا محرر کی اپنی فصاحت، بلاغت اور ادب دانی کا مظاہرہ بھی مقصود ہوتا تھا۔ مثلاً نام سے قبل طویل مترادف الفاظ اور ہم وزن و ہم قافیہ القاب پر مشتمل ایک عبارت بطور نمونہ ذیل میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

شرافت ونجابت مرتبت ،امارت و ایالت منزلت ،دانائے مدارج دین دولت ،شناسائے مراتب ملک وملت ،فرازندہ لوائے شوکت وحشمت ،طرازندہ بساط ابہت وعظمت ،اعتضاد خلافت وفرمانروائی، اعتماد سلطنت وکشور کشائی ،ظفر پیرائے معارک جہانبانی ،عیش آرائے محافل کامرانی ، جوہر مرأت حقیقت ووفا ،فروغ شمع یکرنگی وصفا، ہمدم دلکشائے مجلس خاص ،محرم خلوت سرائے صدق و اخلاص، کارفرمائے سیف وقلم، مدبر امورِ عالم ،قدوہ خوانین بلند، زبدہ امرائے عظیم الشان وزیر صائب تدبیر ممالک مدار ،امیر روشن ضمیر عالی مقدار ،لازم الاختصاص والاعزاز ،واجب الاحترام والامتیاز ،رکن السلطنت بادشاہ سلیمان اقتدار ،وزیر الممالک ،جمدۃ الملک ، مدار المہام ، یارِ وفادار، شجاع الدولہ برہان الملک، والاوقار، اعتماد الدولہ، آصف جاہ

تقریباً دس سطروں میں لکھے گئے ایسے القاب اور خطابات کا اردو ترجمہ کرنا بظاہر بے مقصد یا پھر ترجمہ میں ان ہی الفاظ کا بعینہ جوں کا توں نقل کر دینا بھی لا حاصل نظر آتا ہے۔ اس لئے ایسی عبارتوں کو بعض جگہ حذف کرتے ہوئے ترجمہ میں صرف نام اور نام کے ساتھ دو تین ضروری القاب لکھنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔

(۴) زمین کے رقبہ جات ، انعام ویومیہ کی رقوم اور اجناس غلہ کی مقدار کیلئے عربی آنکڑے اور ہندسے اصل فارسی متن میں جہاں کہیں لکھے ہوئے تھے۔ ترجمہ میں ان آنکڑوں کے ساتھ ساتھ اردو الفاظ اور اعداد بھی لکھ دئے گئے ہیں۔

بہر حال معین الاولیا کے ترجمہ کی تکمیل یقینا خداوند کریم کے فضل وکرم ، اسکے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت اور حضور غریب نواز قدس سرہ کی نوازش کا نتیجہ ہے جس کے لئے بارگاہِ

ایز دی میں جتنا بھی شکر کیا جائے کم ہے۔ گرامی قدر خواجہ سید غیاث الدین چشتی بھی اس کارِ خیر کی تکمیل میں اجرِ جزیل کے شریک وحصہ دار ہیں کہ آپ اس سلسلہ میں خصوصی طور پر اکثر اجمیر شریف سے حیدرآباد تشریف لانے کی زحمت فرماتے، ترجمہ کے کام میں پیش رفت کا جائزہ لیتے اور وقتاً فوقتاً مفید مشورے دیا کرتے۔ آپکے برادرِ خُرد مولانا سید سراج الدین معینی فاضل جامعہ نظامیہ ومدرس دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف اجمیر بھی شکریہ کے مستحق ہیں۔ برخوردار مصطفی علی صوفی قادری سعید پاشاہ بھی دعاؤں کے حقدار ہیں کہ دونوں نے کمپیوٹر کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ کا کام بڑی دلچسپی اور ذمہ داری سے انجام دیا۔ خصوصاً سراج پاشاہ صاحب نے تو ترجمہ ہی نہیں بلکہ اس کی تسوید وتبییض میں میرا خوب ہاتھ بٹایا اور میرے بہترین معاون ثابت ہوئے پھر فارسی متن کی مکمل پروف ریڈنگ اپنے ذمہ لی اور اسکی پذیرائی میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا اور میرا کام بڑا آسان کردیا۔ خاص طور پر کمپیوٹر کمپوزنگ کا زیادہ تر کام پھر اس میں بھی دائیں صفحہ پر فارسی متن اور اسکے مقابل کے صفحہ پر اسی کے ترجمہ کی ترتیب میں موصوف نے بڑی عرق ریزی سے کام لیا۔ سراج میاں نے ناظرہ قرآن مجید اور اردو کی تعلیم دارالعلوم معینیہ عثمانیہ میں حاصل کی۔ اسکے بعد بیکانیر میں مولانا فخر الدین صاحب سے فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں دارالعلوم اسحاقیہ جودھپور میں اولیٰ تا درجہ ثالثہ تک تعلیم حاصل کی اور وہاں امتیازی نمبرات سے کامیاب ہوتے رہے۔ عربی میں بہتری کے لئے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں ثانویہ رابعہ تا درجہ عالم تک چھ سال تعلیم حاصل کی۔ بعدہٗ والد محترم کی شدید خواہش کے باعث جامعہ نظامیہ حیدرآباد میں فاضل اور کامل اول تک تین سال تعلیم حاصل کی۔ اب دارالعلوم معینیہ عثمانیہ میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ میں بہ صمیمِ قلب دعاگو ہوں کہ رب العزت ان سب کو عزت، صحت اور سلامتی کے ساتھ مدارجِ دارین میں ترقی عطا فرمائے اور میری اس حقیر علمی کوشش کو میرے لئے مغفرت کا ذریعہ اور میرے والدین مرحومین کے درجات عقبیٰ میں بلندی کا ذریعہ بنادے۔ آمِیْنَ۔ بِجَاہِ طٰہٰ وَ یٰسٓ۔ اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ

وَ الْمُرْسَلِیْنَ۔ سَیِدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّؤُوْفِ الْاَمِیْنِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ۔ وَ اَصْحَابِہٖ الرَّاشِدِیْنَ اَجْمَعِیْنَ۔ وَ اَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ الصَّالِحِیْنَ۔ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

مرقوم ۳۰ رمئی ۲۰۰۸ء بروز جمعہ مطابق ۲۴ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ

تصوف منزل — خادم العلم والعلماء

قریب ہائیکورٹ، حیدرآباد — جانشین حضرت سید الصوفیہ

آندھراپردیش۔ انڈیا — قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری

صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ

وچیف ایڈیٹر ماہنامہ رسالہ 'صوفیِ اعظم'

معین الاولیا کے مؤلف

دیوان سید امام الدین علیخان چشتی علیہ الرحمہ

نام ''سید امام الدین'' ''علیخان'' خطاب، تخلص ''اثر'' حسینی الحسنی سادات سے تھے۔ چشتیہ مسلک رکھتے تھے۔آپ کا سلسلہ نسب بیسویں (۲۰) پشت میں حضرت خواجہ خواجگاں سید معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری غریب نواز قدس سرہ العزیز کے فرزند خواجہ سید فخر الدین قدس سرہٗ سے جاملتا ہے۔آپ کا شجرہ نسب درجِ ذیل ہے۔

دیوان سید امام الدین علیخاں بن سید منیر الدین بن سید امام علی بن دیوان سید محتشم علی احمد بن دیوان سید اصغر علی احمد بن دیوان سید امام الدین احمد بن دیوان سید منیر الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان شیخ ابوالفتح احمد بن دیوان سید علم الدین احمد بن دیوان خواجہ ابوالخیر بن شیخ المشائخ معین الدین احمد ثالث بن شیخ المشائخ سید رفیع الدین احمد بایزید خورد بن شیخ المشائخ سید نور الدین احمد طاہر بن شیخ المشائخ تاج الدین احمد بایزید بزرگ بن خواجہ قیام الدین بابر بال ہٹیلہ باگھ بن خواجہ سید حسام الدین سوختہ بن خواجہ سید فخر الدین بن قطب الاقطاب خواجہ معین الدین حسن چشتی سجزی غریب نواز قدس اسرارھم۔

دیوان سید امام الدین خلف سید منیر الدین چشتی کی ولادت با سعادت بتاریخ ۱۴ر شوال ۱۲۶۳ھ مطابق ۲۵ر ستمبر ۱۸۴۷ء (یعنی غدر سے دس سال قبل) اجمیر شریف میں ہوئی۔

مولوی سید مظفر حسین صاحب شوقؔ سے اجمیر ہی میں تعلیم حاصل کی۔متبحر عالم مولوی حکیم محمد حسن صاحب امروہی سے بھی آپ نے علمی استفادہ کیا آپ پیرزادگانِ اجمیر شریف میں علامۂ دہر شمار کئے گئے۔عربی میں متوسط لیکن فارسی میں اعلیٰ درجہ کی استعداد رکھتے تھے۔جس کا اندازہ آپ کی تالیف کردہ فارسی کتاب ''معین الاولیاء'' سے بخوبی ہوسکتا ہے۔اسی کے دیباچہ میں آپ نے حضرت خواجہ الہ بخش چشتی تونسوی کو اپنا پیرو مرشد قرار دیا ہے۔معین الاولیاء کے ٹائٹل پر آپ کے اسم گرامی کے ساتھ قاضی کا لفظ بھی ہے مگر اسکی مزید تفصیل معلوم نہ ہوسکی۔

پندرہ سال کی عمر ہی میں آپ نے ملازمت اختیار کی اور سب سے پہلے نائب تحصیلدار اجمیر

کے عہدہ پر بمشاہرہ پچاس روپے (Rs.50) مامور ہوئے۔ اس کے بعد ایک زمانہ تک اضلاع اجمیر میں تحصیلدار کے معزز عہدہ پر ممتاز رہے۔ بعد میں محکمہ بندوبست کے سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے نہایت ہی خوش اسلوبی سے کام انجام دیا اور اجمیر شریف میں ترقی پاتے پاتے چار سو روپیہ (Rs.400) کے مشاہرہ پر ریونیو اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر درجہ اول کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ بڑی نیکنامی اور دیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض ملازمت کو ادا کیا جس کے صلہ میں برطانوی گورنمنٹ کی طرف سے ۱۹۰۸ء میں آپ کے لئے دوسو روپے (Rs.200) پنشن مقرر کی گئی۔

صوفی منش طبیعت پائی تھی۔ اپنے برادرِ عمزاد حضرت خواجہ غیاث الدین علیخاں سجادہ نشین درگاہ شریف حضرت خواجہ غریب نواز قدس سرہ کی رحلت پر انکی جگہ سید امام الدین علیخاں (نوٹ: علیخاں یہ سجادہ نشین کے لئے خطاب ہے جو انگریزوں نے دیا تھا) بتاریخ ۲۰/جمادی الاولیٰ ۱۳۲۷ھ مطابق ۱۰/جون ۱۹۰۹ء مسند سجادہ نشینی درگاہ شریف حضرت خواجہ غریب نواز قدس سرہٗ پر جلوہ فرما ہوئے۔ اور دیوان کہلائے۔

دیوان سید امام الدین علیخاں اردو زبان کے بلند پایہ ادیب و شاعر بھی تھے۔ چودہ برس کی عمر سے شاعری کا شوق تھا۔ اثرؔ تخلص رکھتے تھے کچھ عرصہ تک مولوی مظفر حسین شوقؔ سے اپنے کلام میں اصلاح لیا کرتے تھے۔ جو مرزا غالبؔ کے ارشد تلامذہ سے تھے۔ بعد میں اپنی اکثر غزلیات خود مرزا غالبؔ کی خدمت میں اصلاح کے لئے بھیجا کرتے تھے۔ جون ۱۹۲۰ء میں ''دیوانِ اثرؔ'' کے نام سے آپ کا شعری مجموعہ نواب پالن پور نے ۱۳۳۹ھ مطابق ۱۹۲۰ء میں شائع کیا۔ جس کے دیباچہ ہی سے آپ کے یہ حالات زندگی ماخوذ ہیں۔

دیوان سید امام الدین چشتی صاحب کا ایک تذکرہ مصورِ فطرت خواجہ حسن نظامیؒ کے ''سفر مصر وحجاز'' کتاب میں بھی اولین صفحات پر ملتا ہے جب آپ دہلی سے اجمیر شریف ہوتے ہوئے بمبئی تشریف لے گئے تھے۔ ۲۰/مئی ۱۹۱۱ء مطابق ۲۱/جمادی الاولیٰ ۱۳۲۹ھ درگاہ شریف کی حاضری کے بعد شیخ المشائخ دیوان سید امام الدین صاحب سے ملنے حویلی تشریف لے گئے۔ حضرت حسن نظامی صاحب اس طرح رقمطراز ہیں۔

''قریب مغرب دیوان صاحب یعنی شیخ المشائخ دیوان سید امام الدین صاحب چشتی سجادہ

نشین اجمیر شریف سے نیاز حاصل کیا۔ ابتدا میں دیوان صاحب کی اس فقیر پر اور حلقہ پر خاص نظرِ عنایت تھی۔ لیکن بعد میں دراندازوں نے اس میں رخنے ڈال دئے تھے۔ اندیشہ ہوا کہ اس کا اثر موجود ملے گا۔ مگر نہیں۔ وہی قدیمی نوازشیں اور عنایات۔ فرمانے لگے حج کا بھی ارادہ ہے یا صرف مدینہ منورہ کی حاضری ہوگی۔ عرض کیا۔ اس سفر میں تو شاید حج کا موقعہ نہ ملے۔ آئندہ ارادہ کیا جائے گا۔ بالفعل دربارِ رسول کے سلام کا قصد ہے۔ ارشاد ہوا یہ خاص صوفیوں کا مسلک ہے۔ حضرت خواجگان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فقیر کو پہلے مدینہ شریف حاضر ہونا چاہئے۔ منزل درجہ بدرجہ طے ہوتی ہے۔ اسکے بعد فرمایا۔ تم جاتے ہو۔ حلقہ کا کام کس کے سپرد کیا۔ کہا گیا۔ عزیزم واحدی کے یہ امانت سپرد کی ہے۔ انشاء اللہ وہ سرگرمی سے اس خدمت کو انجام دیں گے۔ پھر مدرسہ معینیہ کا ذکر نکل آیا۔ اسکی جدید شاخ معینیہ ہائی اسکول کو درگاہ شریف کا خزانہ تین سو ساٹھ روپیہ ماہوار دیتا ہے۔ اس اسکول میں اکثر بلکہ سب مسلمان بچے پڑھتے ہیں۔ دیوان صاحب نے ایک صوفی عالم کو تعلیم کے علاوہ تربیت کے لئے مقرر فرمایا ہے۔ چند روزہ تربیت کا یہ اثر ہے کہ جو بچہ نماز نہیں پڑھتا اسکو دوسرے بچے اپنے ساتھ کھیلنے نہیں دیتے۔ اور کہتے ہیں کہ بے نمازی کا ہمارے ساتھ کام نہیں۔ اسی پر دوسری خوبیوں کا اندازہ کرنا چاہئے۔

میں نے عرض کی کہ مدرسہ قدیم یعنی عربی مدرسہ کا کیا حال ہے؟ فرمایا اسکو سو روپیہ ماہوار دیا جاتا ہے۔ اس میں بھی بتدریج ترقی دی جارہی ہے۔ اس وقت میں نے درس گاہ تصوف کا پرانا خیال پیش کیا۔ ارشاد ہوا کہ وقت کم ہے اور میں تم سے اس معاملہ میں مفصل گفتگو و مشاورت چاہتا ہوں۔ ایک زمانہ ہوا مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی نے اس کی تحریک کی تھی۔ مگر وہ تحریک جس شرط پر مبنی تھی وہ مجھے پسند نہ آئی۔ وہ کہتے تھے کہ آئندہ کوئی شخص سجادہ نشین نہ ہو سکے جب تک کہ درسگاہ تصوف سے سند حاصل نہ کرے۔ یہ ایک طرح کا ہتھیار تھا جو مدرسین ممتحنین کے ہاتھ میں فقرا و سجادہ نشینوں کے خلاف دیا جاتا تھا۔ اس لئے یہ تحریک نامکمل رہ گئی۔ مدرسۂ تصوف کی بے شک ضرورت ہے۔ لیکن پہلے تم کو اس کے اصول پر غور کرنا چاہئے۔ تعلیم تصوف کے دو طریقے ہیں۔ ایک حال اور دوسرا قال۔ حال نام ہے شیخ کی حرکات و سکنات کی پیروی کا۔ صحبتِ شیخ میں رہنے سے یہ تعلیم صرف آنکھ کے دیکھنے اور عمل کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اسکے لئے

درسگاہ کی ضرورت نہیں۔ رہا قال، وہ اخلاقی کتب کا پڑھنا اور احوال بزرگان کا معلوم کرنا، نکاتِ تصوف پر عبور ہونا ہے۔ اس کے واسطے بیشک درس کی ضرورت ہے۔ تم سفر سے واپس آجاؤ تو اس کام کے اٹھانے کا تدارک کریں گے۔ اس کے بعد یونیورسٹی پر گفتگو ہونے لگی۔

چلتے وقت وہ نوازش فرمائی جس کو اس سفر کی نیک فال کہنا چاہئے۔ یعنی **دربارِ خواجہ کا خاص خلعت** عطا فرمایا۔ یہ وہ ملبوس ہے جس کو دیوان صاحب حاضری آستانہ کے وقت استعمال فرماتے ہیں۔ خلعت دیتے وقت جو الفاظ ارشاد ہوئے وہ بڑے مؤثر تھے۔ فرمایا۔ جہاں جاتے ہو وہاں فقیری کی اصل شان موجود ہے۔ اس ملک میں اب کیا باقی رہا ہے۔ اپنا کام جرات و مستعدی سے کرو۔ رسوائی و مخالفت سے نہ ڈرو۔ سب کام کرنے والے اسکا شکار ہوتے آئے ہیں۔ میں تمہاری کامیابی کی ہر وقت دعا کرتا رہوں گا۔''

دیوان کی حیثیت سے سید امام الدین علیخاں صرف تین برس مسندِ سجادگی پر جلوہ افروز رہے۔ جس کے بعد بتاریخ ۱۱ر جمادی الاخریٰ ۱۳۳۰ھ ہجری مطابق ۲۹ر مئی ۱۹۱۲ء اس جہانِ فانی سے عالمِ بقا کو کوچ فرمایا۔ آپ نے اپنی یادگار میں کوئی اولاد نہیں چھوڑی لیکن آپ کی تالیف کردہ فارسی میں معین الاولیاء مطبوعہ کتاب ایک ایسی یادگار ہے جو خواجہ غریب نواز قدس سرہٗ کے احوال اور سلسلۂ انساب اولاد امجاد کے لئے ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ کی رحلت کے بعد آپکے ہم جدی برادرِ پھوپھی زاد شیخ المشائخ سید شرف الدین علیخاں سجادہ نشین ہوئے۔

نوٹ: لفظ دیوان کے متعدد معنی و مفہوم ادب میں ہیں۔ اسکی تفصیل کے لئے قدیم دیوان صاحب کی جانب سے شائع کردہ ''دیوان غریب نواز'' موسومہ ''کلامِ عرفاں طراز'' ملاحظہ ہو۔ جس میں ''دیوان'' کے زیرِ عنوان راقم السطور کا ایک مضمون شامل ہے

☆☆☆☆☆

مترجم معین الاولیاء

حضرت مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی حسنی حسینی قادری

حضرت مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری دکن کے ایک نہایت معروف ونامور سادات مشائخ، علمی گھرانے کے چشم و چراغ ہیں۔آپ کے والد یعنی حضرت مفتی ومحدث دکن سید الصوفیہ سید شاہ احمد علی صوفی علیہ الرحمہ اپنے زمانہ کے متبحر عالم ومفتی ہونے کے ساتھ ساتھ عربی وفارسی اور اردو کے ایک قادر الکلام شاعر بھی تھے جنکے آپ جانشین ہیں۔آپ کے دادا حضرت صوفی اعظم قطب دکن علیہ الرحمہ کی دینی وعلمی خدمات کا شہرہ چہار دانگ عالم میں تھا نثر ہو یا نظم ہر میدان میں اللہ تعالیٰ نے بڑا کمال بخشا تھا۔

عرف عام میں ''قاضی صاحب'' اور علمی حلقوں میں ''مصباح المفسرین اور صوفی اعظم ثانی'' جیسے مقبول القاب کے ساتھ جانے پہچانے جاتے ہیں۔چنانچہ اپنے جد امجد حضرت صوفی اعظم قطب دکن علیہ الرحمہ کے وصال سے صرف سات ماہ بعد یعنی بتاریخ ۱۶؍ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری بروز یکشنبہ بمقام تصوف کدہ واقع کبوتر خانہ قدیم بلدہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد (حالیہ مستقر ریاست آندھرا پردیش) قاضی صاحب تولد ہوئے تو عالم رویا میں والد ماجد کی حسب ہدایت و بشارت انھیں دادا کا نام یعنی سید اعظم علی صوفی دیا گیا۔

جامعہ نظامیہ اور جامعہ عثمانیہ دونوں کے علوم سے آراستہ وپیراستہ قاضی صاحب اپنے میں قدامت اور جدیدیت کا ایک حسین امتزاج رکھتے ہیں۔جہاں تک مشرقی علوم کی تحصیل کا تعلق ہے موصوف نے صرف سات برس کی عمر ہی میں ناظرہ قرآن مکمل کرلیا۔اور بہت جلد قاری عشرہ حضرت قاری شیخ سالم عمودی صوفیانیؒ کو مکمل قرآن مع تجوید سنانے کے بعد کم عمری ہی میں جامعہ نظامیہ کے امتحانات تجوید، امامت وخطابت وقضاءت میں امتیازی درجہ سے کامیابی حاصل کی۔عربی ادب اور صرف ونحو کی تعلیم مولانا محفوظ شریفؒ اور جامعہ

ازہر مصر کے فارغ مولانا صالح ازہریؒ سے حاصل کی منشی فاضل اور درس نظامی کی تکمیل کے سلسلہ میں اپنے والد ماجد ہی سے تفسیر‘ حدیث واصول حدیث‘ فقہ واصول فقہ میں استفادہ کیا‘ تصوف‘ کلام‘ منطق‘ ادب‘ معانی اور فلسفہ وغیرہ جملہ علوم عربیہ کی تحصیل کی۔ حدیث کا دوبارہ دور کیا‘ تفسیر میں خصوصی درک اور فتویٰ نویسی میں تربیت حاصل کی۔ سلوک تصوف اور مراقبات ومجاہدات طریقت کے جملہ مراحل طے کرلینے کے بعد اپنے والد ماجد ہی سے قادریہ مخرمیہ‘ قادریہ نسبیہ‘ چشتیہ‘ سہروردیہ‘ نقشبندیہ اور اویسیہ وغیرہ جملہ سلسلوں میں مع اذکار و اشغال بمقام تصوف منزل نزد ہائی کورٹ‘ مجمع خاص وعام میں سند و دستار فضیلت اور خرقۂ خلافت سے سرفراز ہوئے۔

والد محترم کے سایہ سے محرومی کے باعث گریجویشن کے بعد حالات‘ کسب معاش کے متقاضی ہوگئے تو ریلوے سرویس کمیشن امتحان میں امتیازی کامیابی حاصل کرنے کے بعد مرکزی حکومت کے محکمہ ریلوے شعبہ آپریٹنگ سے وابستگی اختیار کرلی۔ اپنی بہترین کارکردگی کے ذریعہ متعدد اعزازات‘ توصیفی صداقت نامے‘ تمغے حاصل کرنے کے بعد ۱۹۹۰ء وظیفہ‘ حسن خدمت پر سبکدوش ہوے اس کے بعد سے مسلسل دینی‘ علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے ذریعہ گذشتہ زائد از نصف صدی سے اپنی زبان اور قلم کے ذریعہ دین ومسلک کی ٹھوس‘ بے لوث اور خاموش خدمات انجام دیتے ہوے قاضی صاحب نے صف اول کے ممتاز علمائے دین ومشائخ کرام میں آج اپنا ایک خاص مقام بنالیا ہے۔ آپ قاضی شریعت بھی ہیں ہادی طریقت بھی‘ مقرر بھی ہیں مفسر بھی‘ ادیب بھی ہیں خطیب بھی‘ عربی فارسی انگریزی اردو زبان وادب کے مترجم و ماہر بھی ہیں تو سخنور وشاعر بھی‘ مصنف بھی ہیں مؤلف بھی۔ چنانچہ اب تک آپ کی کوئی چالیس (۴۰) کتابیں شائع ہوچکی ہیں جن میں مجموعہ کلام اعظمیات کے علاوہ تصانیف وتالیفات میں تجلیات بغداد‘ عمرہ وحج اور زیارت مدینہ‘ مقدس ٹیکمال ‘ زین حفاظ قرآن‘ عظمت والدین‘ عظمت اولیاء کرام‘ فضائل درود شریف‘ زیارت قبور‘ فاتحہ اموات‘ اور تراجم میں نورالانوار‘ شاہد الوجود‘ شاہد اذکار‘ زاد الموحدین دو حصے‘ اوراد قادریہ تین حصے دلائل الخیرات وبشائر الخیرات‘ اعظم البرکات‘ اور گنجینۂ درود شریف مع تراجم وغیرہ کو بے حد مقبولیت

حاصل ہوئی اوران کے متعدد ایڈیشن بھی شائع ہو چکے ہیں۔ (۸۷) سالہ قدیم ماہنامہ ''صوفی اعظم'' جس کے آپ چیف ایڈیٹر بھی ہیں آپ کی صحافتی خدمات پر دال ہے۔ جو ۲۰۰۱ء میں اپنی تجدید کے بعد سے مسلسل اور پابندی کے ساتھ شائع ہورہا ہے۔


حضرت قاضی صوفی صاحب نہ صرف ترجمہ کے فن سے بخوبی واقف ہیں بلکہ وہ اردو' عربی' فارسی اور انگریزی پر خوب دسترس رکھتے ہیں انہوں نے بہت ساری کتابوں کا عربی سے اردو میں' فارسی سے اردو میں' اردو سے انگریزی اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے اوران کی ترجمہ کی ہوئی کتابیں برصغیر ہندو پاک میں مشہور ومعروف بھی ہیں اور مقبول بھی۔

حضرت صوفی صاحب کے ترجمہ کی خاص بات یہ ہوتی ہے کہ وہ سلیس عام فہم اور بامحاورہ ہوتا ہے جس سے قاری کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ ترجمہ نہیں بلکہ اسی زبان میں لکھی ہوئی کوئی کتاب ہے۔

حضرت صوفی صاحب کی اس مہارت کا پتہ حضرت دیوان سید صولت حسین علیہ الرحمہ سابق سجادہ نشین بارگاہ اجمیر شریف کو خوب تھا یہی وجہ تھی کہ حضرت علیہ الرحمہ نے زیر نظر کتاب ''معین الاولیاء'' کے ترجمہ کی ذمہ داری بھی حضرت صوفی صاحب کو ہی دی تھی کیونکہ اس سے قبل بھی ''دیوان معین الدین'' موسومہ ''کلام عرفان طراز'' کے اشاعت کے موقع پر حضرت دیوان صاحب علیہ الرحمہ نے حضرت صوفی صاحب سے تقریظ لکھوائی تھی جو کافی پسند کی گئی' لیکن افسوس کہ یہ ترجمہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے حضرت دیوان صاحبؒ کی حیات میں شائع نہ ہوسکا۔

حضرت قاضی صوفی صاحب مجمع السلاسل پیر طریقت ہیں جن کے بے شمار مریدین' طالبین اور متوسلین وتلامذہ ہندوستان' پاکستان کے علاوہ برطانیہ' امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا' سعودی عرب اور عرب امارات وغیرہ کئی ممالک میں موجود ہیں۔

آج کل مختلف دینی' علمی وادبی تنظیموں مثلاً سید الصوفیہ اکیڈمی' صفہ صوفیہ' مکتبہ صوفیہ کے سرپرست' نیز صفۃ المصنفین اور کل ہند جمعیۃ المشائخ کے صدر نشین اور میکھال درگاہ سوسائٹی کے نائب صدر بھی ہیں۔ دینی علمی واصلاحی ماہنامہ رسالہ صوفی اعظم کے چیف ایڈیٹر ہیں نیز ملک کے اردو وانگریزی جرائد' اخبارات ورسائل میں مولانا قاضی صاحب



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد بیحد و ثنائے لاتعد مر خدائے را کہ شاید نوع انسان را بزیور علم و بخشش بیاراست و درود نامحدود و ثنا بر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ
و علی آلہ و اصحابہ اجمعین کہ تخلیق جمیع ہژدہ ہزار عالم و تفصیل بنی آدم از وجود باجودش بوجود آمد و از پرتو
جمال عالم افروزش ظلمت کفر از میان زمان و زمانیان برخاست - اما بعد فقیر حقیر درویش سید [illegible]
قاضی سید امام الدین بن سید منیر الدین کہ از کمترین گدایان خدمت مرشدی و مولائی سراج بزم حقیقت
نور اعین عرفان و معرفت شمع شبستان معاد و وحدت حضرت خواجہ الٰہ بخش چشتی تونسوی است بر ضمیر
طالع بیدار و رسا ہدایت آثار ہویداست از مطالعہ کتب سیر و سلوک و تواریخ و ملفوظ بعرض رسانیدہ در حالات و
مقامات اولیاء کاملین و بزرگان دین کماہی عز آگہی یافتہ تبعاً بتقاضائے یاران طریقت شعار و دوستان صفا
نظر بر سعادت دو جہان ہمتی گماشت کہ برخے از حالات و مقالات مرشد السالکین تاج المقربین و المحققین
مہر سپہر ایمان و ایقان حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء معین الحق و الملۃ و الدین حسن الحسینی چشتی سجزی
اجمیری قدس اللہ سرہ العزیز در ضبط تحریر و ربط تسطیر آوردن موجب سعادت دارین و مفاخرت
نشاتین خواہد بود - لاجرم کمر ہمت درست کردہ بترتیب این رسالہ کہ مشتمل بر چہار باب است مسمٰی بہ مونس

قدیم معین الاولیاء کے پہلے صفحہ کا عکس

فہرست مضامین اردو

ذکر اولاد سید معین الدین رابع بن ابوالخیر

تیسرا باب

حضرت خواجہ صاحب کی روحانی اولاد کا تذکرہ

تیسرے باب کی دوسری شاخ

تیسرا باب دوسری اصل

باب چہارم

بیرونِ شہر شمالی جانب کی عمارتیں

بیرون شہر مشرقی جانب کی عمارتیں

بیرون شہر جنوبی سمت کی عمارتیں

کے علمی مضامین اور تحقیقی مقالات اور علمی حلقوں میں بے حد پسند کیا جاتا ہے۔

مولانا کے ماہانہ اور ہفتہ واری درس تفسیر قرآن اور مواعظ حسنہ کو بڑی مقبولیت حاصل ہے جو شہر کے مختلف مساجد و مراکز میں پابندی کے ساتھ منعقد ہوا کرتے ہیں جن میں خطیب جامع مسجد (بی۔ایچ۔ای۔ایل) کی حیثیت سے ہر جمعہ کو آپ کی خطابت و امامت سے قبل پچھلے بیس سال سے آپ کی مخاطبت اور جامع مسجد صحیفۂ اعظم پورہ حیدرآباد میں ہر اتوار کو بعد ظہر گذشتہ گیارہ (۱۱) سال سے سلسلہ وار درس تفسیر قرآن خاص طور پر قابل ذکر ہیں جن میں دور دور سے کثیر تعداد میں اہل ذوق اصحاب شریک ہو کر استفادہ کرتے ہیں اور جن میں زیادہ تر اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان، ڈاکٹرز، انجینیر ز اور دانشور شامل ہوا کرتے ہیں۔ آپ شعر و سخن کا ستھرا مذاق رکھتے ہیں۔ تخلص اعظمؔ ہے۔ دکن کے بزرگ اور کہنہ مشق شعراء میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ آپ کا مجموعہ کلام موسوم بہ "اعظمیات" حال ہی میں منظر عام پر آچکا ہے۔ موصوف کی نگرانی و صدارت میں اکثر نعتیہ مشاعرے منعقد ہوا کرتے ہیں۔ بزرگان دین کے اعراس کے موقعوں پر منعقدہ منقبتی مشاعروں میں آپ کا کلام شوق سے پڑھا اور سنا جاتا ہے۔ فن تاریخ گوئی میں مولانا کو خداداد کمال حاصل ہے جو موصوف کو گویا اپنے اسلاف سے وراثتاً ملا ہے۔ فی زمانہ شہر میں موجود اس فن کے چند گنے چنے تاریخ گو شعراء میں ایک مولانا بھی ہیں۔ فن خطاطی میں بھی آپ کو خاصا دخل ہے۔ ویسے آپ کی عام تحریر خود اس قدر خوبصورت اور دیدہ زیب ہوتی ہے جیسے کہ الفاظ کی شکل میں گویا موتیوں کی لڑی ہے۔ اس فن میں ہمہ خاندان آفتاب ہے۔ حال ہی میں عثمانیہ یونیورسٹی سے یم۔اے کی تکمیل کے بعد ایک ریسرچ اسکالر طالبہ نے مولانا قاضی صاحب کی حیات اور علمی کارنامے کے زیر عنوان اپنا تحقیقی مقالہ پیش کر کے ایم۔فل کی ڈگری حاصل کی۔

یہ بات لائق تحسین ہی نہیں بلکہ قابل تقلید بھی ہے کہ قاضی صاحب نے اپنے بچوں کو عصری تقاضوں کے عین مطابق دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ عصری تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا۔ آپ کو بفضلہٖ تعالیٰ ایک صاحبزادی اور پانچ صاحبزادے ہیں جو سب کے سب گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور انجینیر ز گولڈ میڈلسٹ، ریسرچ اسکالر ہونے کے علاوہ مشرقی

علوم میں جامعہ نظامیہ کے امتحانات میں فارغ بھی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بے حد وثنائے لاتعد مر خدائے را کہ شاید نوعِ انسان را بزیورِ علم و دانش بیاراست و درود نا محدود شار ختم المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین کہ تخلیق ہیجدہ ہزار عالم و تفصیل بنی آدم از وجود با جودش بوجود آمد۔ واز پرتوِ جمال عالم افروزش ظلمت کفر از میان زماں وزمانیاں برخاست۔ اَمَّابَعْدُ

فقیر حقیر درویش سینۂ ریش قاضی سید امام الدین بن سید منیر الدین کہ از کم تزک زلہ ربایان خدمت مرشدی و مولائی، سراجِ بزمِ حقیقت، نور العین عرفان و معرفت شمع شبستان محامد و وحدت حضرت خواجہ اللہ بخش چشتی تونسوی است۔ برہنمونی طالع بیدار و مساعدت روزگار جمعیت مطالعہ کتب سیر وسلوک وتواریخ وملافیط بہم رسانید و برحالات ومقدمات اولیاءِ کاملین و بزرگانِ دین کما ہی عز آگہی یافتہ بتقاضائے یارانِ طریقت شعار وندیمانِ ندرت آثار نظر بہ استعداد واجتہاد ایں معنی گماشت کہ برخے از حالات ومقالات مرشد السالکین، تاج المقربین والمحققین، مہرِ سپہرِ ایمان وایقان، حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء، معین الحق والملۃ والدین حسنی الحسینی چشتی سجزی اجمیری قدس اللہ سرہ العزیز العزیز در ضبط تحریر و ربط تسطیر آوردن موجبِ سعادتِ دارین ومفاخرتِ نشاتین خواہد بود۔ لاجرم کمرِ ہمت درست کردہ بہ ترتیبِ ایں رسالہ کہ مشتمل بر چہار باب است سعی موفور بجائے خود رسانید۔

15-1-2013

باب اول مشتمل بر حالات ومقالات حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء۔

باب دوم تذکرہ اولادِ جسمانی۔

بابِ سوم درذکر اولادِ روحانی مشتمل بر دو فصل ودو فرع۔

باب چہارم مشتمل بر تذکرہ بنائے اجمیر وآستانہ عالی ومقامات بزرگ وقدیم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بے حد و بے کنار صرف خدائے کردگار کو سزاوار ہے جس نے بنی نوع انسان کو علم و عقل کے زیور سے آراستہ فرمایا اور درود بے شمار حضور ختم المرسلین اور آپ کی آل پاک اور آپ کے جمیع اصحاب پر نثار کہ آپ ہی کی جلوہ گری کی بدولت اٹھارہ ہزار عالم اور جملہ بنی آدم وجود میں آئے۔ اور سارے جہان کو روشنی بخشنے والے آپ کے جمال پاک کے پرتو نے کئی زمانوں سے چھائی ہوئی ظلمت کو برخاست کر دیا۔ اَمَّا بَعْدُ

یہ حقیر، فقیر و درویش قاضی سید امام الدین ولد سید منیر الدین جو مرشدی و مولائی، بزمِ حقیقت کے چراغ، عرفان و معرفت کے نورِ نظر، شبستانِ محامد، شمعِ وحدت، حضرت خواجہ اللہ بخش چشتی تونسوی کا کمترین پروردہ ہے۔ قسمت اور زمانے نے یاوری کی تو سیرت، سلوک، تاریخ اور ملفوظات کی جملہ کتب کے مطالعہ کی سعادت ملی اور اولیائے کاملین و بزرگانِ دین کے حالات و مقدمات سے کماحقہٗ آگاہی حاصل ہوئی۔ برادرانِ طریقت اور یارانِ صحبت کے اصرار نے مجھے اس کاوش پر آمادہ کیا کہ مرشدِ سالکین، سرتاجِ مقربین و محققین، آفتابِ فلکِ ایمان و یقین حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء، معین الحق والملۃ والدین حسنی حسینی چشتی سجزی اجمیری قدس سرہٗ العزیز کے حالات اور ارشادات تحریر و قلم بند کروں جو دارین میں سعادت اور دنیا و آخرت میں فخر و ناز کا باعث ہے۔ بہر حال ہمت کر کے اس رسالہ کو ترتیب دینے کے لئے کمر باندھی اور اس کو چار باب پر تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے۔

پہلا باب: حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے حالات وارشادات پر مشتمل ہے۔

دوسرا باب: جسمانی اولاد کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔

تیسرا باب: روحانی اولاد کے ذکر پر مشتمل ہے۔ جس کی دو فصلیں اور دو ذیلی شاخیں ہیں۔

چوتھا باب: اجمیر کے آستانۂ عالی اور دیگر بزرگ و قدیم مقامات کی عمارتوں کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔

باب اول

مشتمل بر حالات و مقالات حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء

مخفی مباد کہ حضرت خواجہ را اصل از سجز نواح خراسان است ۔ وقتیکہ پدرِ بزرگوارش داعی اجل را لبیک گفتہ خواجہ را عنفوانِ شباب بود۔ روزے در خانہ باغے کہ ازاں خواجہ بود لمعہ ذات بصورت مجذوب پدیدار آمد و پارۂ نان طلب کرد۔ حضرت خواجہ بمصداق وَ اَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔ چند دانۂ خرما ارزانی فرمود۔ صفتِ مجذوب را طریق بذل و احسان مرغوب آمد و چند ثمر بہ لعابِ دہن آلودہ بحضرت خواجہ مسترد کردہ بخوردنش استبداد فرمود۔ ازانجا کہ مشیتِ قضا وقدر ہمبریں بود۔ خواجہ را از انکار باز داشتند ۔ و تسلیم مجذوب تسلیم نمودند۔

منقول است کہ ازاں زماں غلبۂ عشق و محبت بر حضرت خواجہ استیلا یافت تا آنکہ حرفِ حب الوطن را از صفحہ خاطر بہ کذلکِ حسن طلب محکوک کردہ خرقہ ترک علائق در بر راست کردند۔ و از ہجوم و کثرت دیار و دیار روئے تافتہ باستحصال سلوک معنی کہ در صورت مجذوب مشاہدہ فرمودہ بودند۔ پائے شوق در وادیِ طلب و بیابانِ تعب نہادند۔ دریں صعوبت و سفر پیش از ہمہ ہا کہ حضرت خواجہ را بر صورتِ جذب و معنی سلوک متنزہ فرمودہ ملہم غیب بود۔

امّا بہ اسبابِ ظاہر علومِ دینیہ را در سمرقند و بخارا اکتساب فرمودہ مقامِ یقین را بہ عین الیقین افزودند۔ تا آنکہ کمال جذبہ شوق عنان گسستہ و آستین کشاں بہ وسعت آباد بغداد رسانید۔ زیرا کہ بہ منشاءِ ازلی انکشاف رموز خفی و جلی ہمدریں مقامِ موعود و معہود بود۔ چنانچہ بخدمت قطب الکونین شیخ المغربین والمشرقین حضرت خواجہ عثمانِ ہارونی قدس اللہ سرہ العزیز فایز شدہ بخشش کمال ازاں سرمایۂ بخشش و دریا نوال اخذ فرمودند۔ می گویند

پہلا باب

حالات وارشاداتِ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے بیان میں

واضح ہو کہ حضرت خواجہ کا وطن خراسان کے قرب وجوار میں واقع سجز ہے۔جس وقت آپ کے والد ماجد نے داعیِ اجل کو لبیک کہا تو حضرت خواجہ کی جوانی کا آغاز تھا۔ایک روز جبکہ خواجہ اپنے باغ میں تھے ایک مجذوب کی صورت میں نورِ ذات نظر آیا۔اور روٹی کا ٹکڑا طلب کیا۔حضرت خواجہ نے وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَاتَنْهَرْ (ضحیٰ۔۱۰)(ترجمہ:اور سائل کو مت جھڑکو) کے مصداق چند کھجور پیش کئے۔مجذوب کو بخشش واحسان کا یہ طریقہ پسند آیا تو انہوں نے چند دانے اپنے لعابِ دہن سے تر کر کے خواجہ کو دئے اور اُسے کھانے پر اصرار کیا۔قضا وقدر کو یہی مطلوب تھا۔حضرت خواجہؒ انکار نہ کر سکے۔اور مجذوب کی خواہش کو تسلیم کرلیا۔

منقول ہے کہ اس وقت سے حضرت خواجہ پر عشق ومحبت کا غلبہ کارفرما ہو گیا۔جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حسنِ طلب کی خاطر آپ نے دل سے وطن کی محبت کو محو کردیا۔دنیاوی رشتوں سے قطع تعلق کرلیا۔بشکل مجذوب جو مشاہدہ ہوا تھا۔اس کے معنی وسلوک کے حصول میں ہجوم وآبادی چھوڑ کر ملک بہ ملک اور شہر بہ شہر سرگرداں پھرتے رہے۔طلب کی وادی اور رنج ومصیبت کے بیابان میں شوق کا قدم رکھا۔اس دشواری اور سفر کے دوران جذب ومعنیٰ اور سلوک کی صورت میں خواجہ کو پہلے جو چیز متوجہ کررہی تھی وہ الہامِ غیبی تھا۔

یہاں تک کہ سمرقند و بخارا میں اسبابِ ظاہر دینی علوم کا اکتساب فرمایا۔مقامِ یقین سے عین الیقین تک ترقی فرمائی۔حتیٰ کہ جذبہ شوق کمال کو پہنچا تو کھنچے ہوئے بغداد کی وسیع آبادی میں جا پہنچے ۔منشاءِ ازلی سے اسی مقام پر رموزِ خفی وجلی کا انکشاف ہونا مقرر ومقدر تھا۔چنانچہ قطبِ کونین شیخِ

کہ حضرت خواجہ رامدت بست سال درسفر وحضر بخدمت حضرت مرشد برحق سپری شدو انجام کار خلعت خلافت واختصاص رخصت دریافتہ خیر باد گفتند۔ درآنجا بہ ہمدان وتبریز نزولِ مکرمت فرمودہ باعیان واشراف دین نعم البدل فرمودند۔

نقل ہے کہ حضرت خواجہ بزرگ کے ان خدمت گذاروں نے جو علم و عمل کی خصوصیت میں ممتاز تھے۔ آپ کو غسل دیا۔ اور یہ وہی جگہ ہے جہاں دہلی کے اکبر بادشاہ کی مسجد کی جنوبی سمت اب خانقاہ شریف موجود ہے۔ اور محفلِ قُل کے ختم پر صاحبِ سجادہ (جنہیں دیوان صاحب بھی کہا جاتا ہے) اپنی خلعتِ سجّادہ نشینی پہن کر آتے اور اسی جگہ بیٹھتے ہیں جہاں حضرت خواجہ بزرگ کے غسل کی جگہ ہے۔ آستانۂ عالیہ کے تمام ارباب وظائف، ملازمین اور فُقَرا خدمت میں حاضر ہو کر نذور وفتوح پیش کرتے ہیں۔

حضرت خواجہ بزرگ کی تاریخ وصال صحیح قول کے مطابق ۶۳۳ھ قرار پاتی ہے۔ یہاں جمیع مسلمان اور اہلِ ہنود جمع ہوتے اور سب فیضیاب ہوتے ہیں۔

☆☆☆

آئین عرس شریف

بروِیت ہلال رجب المرجب آغاز عرس شریف معین است۔ و مجالسِ سماع بنیاد می کنند۔ وقتیکہ یک ربع شب می گذرد درفضائے مجلس بہ قنادیل وچراغاں منور ومزین می شود۔ وحضراتِ صوفیہ صف بستہ می نشیند وذکر پاک وتحیۃ وسلام حفاظ ومولودیاں می خوانند۔ وسامانِ جلوس نقرہ مثل مجمرۂ عود وسوز وغیر در وسطِ محفل می نہند وبعد اتمام واہتمامِ ضروریہ بحضرت صاحبِ سجادہ اطلاع می رسد۔ وچوں حضرت صاحبِ سجادہ در مجلس می آید۔ جماعتِ فقرا وعمدۂ اصفیا برسمِ تعظیم وسلام می خیزند۔ وچوبداران تالبِ فرش استقبال می کنند۔ نشست صاحبِ سجادہ بر گدیلہ بہ محاذ عودسوز کلاں در وسطِ صفِ صدر مقرر است۔ وبعد ازاں کہ صاحبِ سجادہ داخلِ محفل می شود۔ حافظان ومولود خوانان فاتحہ برروح پُرفتوح حضرت خواجہ بزرگ می خوانند۔ ودعائے سلامتیِ بادشاہ وحضرت صاحبِ سجادہ بنیاد می کنند۔

وبعد ختم فاتحہ محفلِ سماع گرم می شود۔ ونوبت بوجد وحال می رسد۔ چوں زلفِ شب بکمر می رسد صاحبِ سجادہ برائے غسل مرقدِ مطہر می رود۔ واول از دروازہ ملکی داخل گشتہ در گوشہ مشرق وشمال متصل مشبک سنگِ سفید گنبد شریف تبدیل لباس می کند۔ وتابدان کہ بسمت گوشۂ مغرب وجنوب درونِ احاطہ واقع است وبمہری غدن معروف ست ودر یک سبوچہ گل درانجا چراغ می سوزند۔ صاحبِ سجادہ دست و پا می شوید۔ و بعد ازاں درونِ گنبد رفتہ مرقدِ مبارک از دستِ خود غسل می دہند۔ وکسانِ ہفت چوکی خدام درادائے خدمت آب رسانی وآفتابہ برداری وغیرہ مصروف می باشند۔ وبعد غسل حضرت صاحبِ سجادہ عرق گلاب خوشبو وصندل وگل بر مزار شریف می پاشد۔ وقبر پوش پوشانیدہ بیرونِ گنبدی می آید۔ وبدستورِ سابق تبدیلِ لباس فرمودہ در محفلِ سماع می رسد۔ وبرصفِ اصحاب قرب صدر صدر بودہ تااختتامِ محفل قیام دارد۔

عرس شریف کے مراسم

ماہ رجب المرجب کی رویت ہلال کے ساتھ ہی عرس شریف کا آغاز ہوتا ہے اور سماع کی محفلیں شروع ہوجاتی ہیں۔ اور جب رات کا ایک چوتھائی حصہ گزرتا ہے تو مجلس کی فضا قندیلوں اور چراغوں سے منور اور مزین ہوجاتی ہے۔ صوفیۂ کرام صفوں میں بیٹھ جاتے ہیں۔ حفاظِ کرام اور مولود خواں ذکر پاک اور درود وسلام پڑھتے ہیں۔ اور نقرئی (چاندی) کے عود دانوں میں خوشبو جلا کر محفل کے درمیان رکھتے ہیں۔ ضروری اہتمام واختتام کے بعد صاحبِ سجادہ کو اطلاع پہنچائی جاتی ہے۔ اور صاحبِ سجادہ کے مجلس میں آتے ہی فقراء اور اصفیاء اُٹھ کر تعظیم کے ساتھ سلام عرض کرتے ہیں اور چوبداروں کی جانب سے فرش تک استقبال کیا جاتا ہے۔ صاحبِ سجادہ کی نشست کے لئے ایک گدی مختص ہے۔ جو بڑے عود دان کے سامنے صدر صف کے بیچ میں مقرر ہے۔ صاحبِ سجّادہ کے محفل میں رونق افروز ہونے کے بعد حفاظ اور مولود خوان حضرات حضرت خواجہ بزرگ کی روح پُرفتوح کی خدمت میں فاتحہ گذرانتے اور بادشاہ اور صاحبِ سجادہ کی سلامتی کے لئے دعا کرتے ہیں۔

فاتحہ کے بعد محفلِ سماع ہوتی ہے اور وجد وحال تک نوبت جا پہنچتی ہے۔ جب شب کا نصف حصہ گذر جاتا ہے تو صاحبِ سجّادہ مزارِ پاک کے غسل کے لئے تشریف لے جاتے ہیں۔ پہلے مکّی دروازے سے داخل ہوتے ہیں پھر شمال مشرقی گوشہ میں گنبد شریف کے جالی دار سنگ سفید سے متصل گوشہ میں پہنچ کر غلاف تبدیل فرماتے ہیں۔ اور روشن دان جو احاطہ کے اندر جنوب مغربی گوشہ میں واقع ہے اور مہری غدن کے نام سے مشہور ہے وہاں ایک چھوٹی مٹی کی ٹھلیا میں چراغ روشن کرتے ہیں۔ صاحبِ سجادہ ہاتھ پاؤں دھولیتے ہیں اور اس کے بعد گنبد کے اندر جا کر اپنے ہاتھ سے مرقدِ مبارک کو غسل دیتے ہیں۔ اور ہفت چوکی خُدّام آفتابہ اور پانی وغیرہ پیش کرنے کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ اور غسل کے بعد صاحبِ سجادہ عرق گلاب خوشبو اور صندل وپھول مزار شریف پر چھڑکتے ہیں اور غلاف اُڑھانے کے بعد گنبد شریف سے باہر آتے ہیں۔ اور قدیم دستور کے مطابق لباس تبدیل کر کے محفلِ سماع میں آتے ہیں۔ اصحابِ قُرب، صف میں مقامِ صدر کے قریب بیٹھتے ہیں اور محفل کے اختتام تک موجود رہتے ہیں۔

الغرض از آں شب تا بہ شبِ ششم ہمیں طریق محفلِ سماع بر پا می شود۔ و بتاریخ پنجم بعد از نماز صبحگاہ حضرت صاحبِ سجادہ اقسام شیرینی و طعام کہ نیاز مخصوص حضرت خواجہ بزرگ است بہر صادر و وارد تقسیم می فرمایند۔ وفقرا و مشائخ و امرا و عمائد مدعو می باشند۔ و بعد از نماز ظہر کہ از اکل شرب فراغت می یابند مجلسِ سماع شروع می شود و بسوز و گداز و راز و نیاز باختتام می رسد۔ بروز ششم محفل قل کہ عبارت از ختم آخر است۔ از وقت یک پاس روز برآمدہ بنیاد می کنند۔ امّا فقرا و اربابِ تماشا چنداں اژدہام می باشد کہ در وسعت سماع خانہ مجالِ نفس برآوردن و تاب برجا ماندن بمشکل تمام دست می دہد۔ واز رائحۂ عطریات و عرق گلاب و دودِ مجمرِ عودسوز مشام جان تفریح عجیب و تفتیح غریب می یابد۔ واز نزولِ خیرات و برکات بر اصحابِ قرب فتح الباب سعادت و قبول روئے می دہد واز کثرت انوار و تجلیات در دیدۂ حیرتیان پیکر حقیقت و معرفت جلوہ شگرف می در آید۔ زہے بختیاری بخت مندی کہ ہر اہلِ صدق و یقین را بدست می آید و ہر یکے از ایشاں از خوانِ انعام اللہ از بخش کافی و بہرہ وافی می رُباید۔ و ہمدریں حال و احوال چوں آفتاب بخط استویٰ می رسد التزام و اہتمام فاتحہ بوقوع می آید و التہابِ آتش سماع انطفا می پذیرد۔

اول چادرے خوش رنگ و لطیف در وسط بزم گستردہ بالائے کوزہ صندل سائیدہ و اقمشہ گل و گلاب و برگ پان می نہند و حفاظ و مولود خوانانِ خوش الحان و پاکیزہ جمال گرد پارچہ گستردہ کہ باصطلاح دسترخوان می گویند جمع آمدہ بذکر خیر و سعادت اشتغال می نمایند 15-1-2013 آنکہ رسمِ فاتحہ بانجام می رسد بحاضرانِ مجلس صندل و بیرہ برگ پان تقسیم می شود و پس از آنکہ چوبداران چوبِ نقرہ بالا می کنند۔ ایں علامت است از ختمِ محفل و ہم بریں نشان و علامت بالائے نقار خانہ نوبت شادیانہ می نوازند و اول از ہمہ پیشِ صاحبِ سجادہ دستار و خرقہ بے بہا کہ مکلف و مکلل می باشد می آرند و ایں خلعت جانشینی و صاحب مقامی حضرت خواجہ بزرگ است۔ و بعد آنکہ خلعتِ مذکور حضرت صاحبِ سجادہ زیب بردوش

الغرض اس شب سے چھٹی شب تک اسی طریقہ سے محفل سماع کا انعقاد عمل میں آتا ہے۔ پانچویں تاریخ نماز فجر کے بعد صاحبِ سجادہ، حضرت خواجہ بزرگ کی مخصوص نیاز کی شیرینی و طعام تقسیم فرماتے ہیں۔ اور فقراء و مشائخ، امراء و عمائدین موجود رہتے ہیں۔ بعد نماز ظہر کھانے پینے سے فارغ ہونے کے بعد مجلس شروع ہوتی ہے۔ اور سوز و گداز اور راز و نیاز کے ساتھ اختتام کو پہنچتی ہے۔ چھٹے روز محفل قُل جو ختمِ آخر کی علامت ہے دن کا ایک پہر گزرنے پر شروع ہوتی ہے۔ لیکن فقرا اور زائرین کی اتنی بھیڑ ہوتی ہے کہ سماع خانے میں کسی شخص کا سانس لینا اور جگہ پر کھڑا رہنا تک مشکل ہو جاتا ہے۔ عطریات، عرقِ گلاب اور عود دانوں کی دھونی کی خوشبوؤں سے قلب و روح کو عجیب فرحت حاصل ہوتی ہے۔ اور اصحاب قرب پر خیرات و برکات کے دروازے کھلتے ہیں۔ جس سے وہ سعادت و قبولیت سے ہم کنار ہوتے ہیں۔ اور انوار و تجلیات کی کثرت سے حیرت زدہ آنکھوں میں حقیقت و معرفت کا پیکر جلوہ گر ہوتا ہے۔ ہر اہلِ صدق و یقین کو بختیاری اور بخت مندی نصیب ہوتی ہے۔ اور ہر ایک نعمتوں کے اس دستر خوان سے بھرپور لذت اور فائدہ حاصل کرتا ہے۔ اس حال و احوال میں جب سورج سر پر آ جاتا ہے تو فاتحہ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سماع کی سرگرمی سرد پڑ جاتی ہے۔

پہلے ایک خوش رنگ و لطیف چادر محفل کے بیچوں بیچ بچھائی جاتی ہے۔ اس پر صندل کا کوزہ رکھا جاتا ہے۔ پھر گل و گلاب اور پان کے پتّے دستر خوان پر رکھے جاتے ہیں۔ حفاظ اور مولود خواں دستر خوان کے اطراف جمع ہو کر خوش الحانی کے ساتھ ذکرِ خیر و سعادت بلند کرتے ہیں۔ رسمِ فاتحہ انجام پانے کے بعد حاضرینِ مجلس میں صندل و پان بطور تبرک تقسیم کرتے ہیں۔ اس کے بعد چوبدار نقرئی (چاندی کی) لکڑیاں بلند کرتے ہیں جو محفل کے ختم ہونے کی علامت ہوتی ہے۔ اسی نشان و علامت کو دیکھ کر ادھر نقار خانہ میں نوبت اور شادیانے بجائے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے صاحبِ سجّادہ کے سامنے بیش قیمت دستار و خرقہ لاتے ہیں۔ یہ خلعت حضرت خواجہ بزرگ کی جانشینی اور قائم مقامی کی علامت ہے۔ بعد اس کے کہ صاحبِ سجادہ اسے زیبِ بدن فرماتے ہیں حاضرینِ مجلس کو بھی مراتب کے لحاظ سے دستار تبرک عطا ہوتا ہے۔ اور ہر ایک خواہ

می فرماید بحاضرانِ مجلس ہم دستار تبرک علیٰ قدرِ مراتب مرحمت می شود۔ و ہر یکے از شاہ وفقیر وغریب و امیر ایں عطیۂ گرامی را موجبِ سعادتِ دارین و مفاخرتِ نشاتین دانستہ و بر چشم ولب نہادہ زیبِ سرمی کند۔ بعد آں حضرت صاحبِ سجادہ بنظر ادائے رسمِ فاتحہ درونِ قبہ شریف بر مرقدِ مقدس می رود۔ امّا از ہجوم وکثرت نظارگیاں پیکِ نظر رفتن نمی تواند بالآخر بہزار کشمکش راہ می یابند وحضرت صاحبِ سجادہ را دست بدست اندرونِ روضہ شریف می برند وحضرت ممدوح بعد از ہزار خشوع وخضوع جبینِ نیاز بر پائینِ مزار مالید وسمتِ مشرق زیرِ طاق مصحف پشت بہ قبلہ ورُو بمزار می نشیند۔ چوں ازیں خدمتِ خاص فارغ می شوند حضرت معزاللہ بہزار عز وامتیاز باداۓ شاہانہ بیرونِ روضہ آمدہ بہ خانقاہ شریف متوجہ شدہ برفراز مسندِ مشیخت وارشاد می نشیند و جمعے از اہلِ حال وعمائد وارباب وظائف وعملہ و فعلہ درگاہ شریف برسمِ سلام وقدم بوس جمع می آیند۔ وصفِ فقراءِ آزاد وغیرہ کہ بیشمار می باشند نعرۂ یا فضل پنج تن یا علی مدد گویان شرفِ خدمت می یابند ومقدمات و نزاعات کہ درمیانِ ایشاں مابین سال بوقوع آمدہ باشند۔ حسب الامر حضرت صاحبِ سجادہ تصفیہ می یابند ودراں محل کسے را دربجا آوردن حکم صاحبِ سجادہ مجال دم زدن وسر پیچیدن نباشد۔ احیاناً اگر کسے سخنِ عذر ومعذرت درمیان آرد تاج و خرقۂ اوفوت وضبط می شود واز صفِ فقراء درحق او حکمِ اخراج می رود۔

آئینِ محفلِ پنجشنبہ

15-1-2013

مقرر است کہ بہر یوم پنجشنبہ قریب بوقت نماز عشا کہ دو گھڑی شب بحساب ساعتِ ہندی می گذرد روشنی چراغان و درستی فرش می کنند و باختر سوئے قبہ شریف پیش صحن بیگمی دالان برائے محفل پنجشنبہ جائے مخصوص است بعد اہتمام و تیاری محفل متولی درگاہ شریف یک مشعل و چند کس بخدمت صاحبِ سجادہ می فریسد۔ وچوں حضرت صاحبِ سجادہ از خانقاہ برآمدہ در جماعت خانہ کہ الحال سماع خانہ سرآسمان جاہ بنیاد دادہ اند می رسد۔ گھڑیالی درگاہ ساعت ۳ می زند۔ وایں

بادشاہ ہو کہ فقیر، غریب ہو کہ امیر اس عطیہ گرامی کو موجبِ سعادت دارین اور قابلِ افتخار تصور کرتے ہوئے آنکھوں اور لبوں کو لگاتا اور سر پر رکھ کر زینت دیتا ہے۔ اس کے بعد صاحبِ سجادہ رسمِ فاتحہ ادا کرنے کی غرض سے روضہ شریف کے اندر مزارِ مقدس کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔ لیکن حاضرین وزائرین کی کثرت اور ہجوم کے باعث ان کی ایک جھلک دیکھنا بھی ممکن نہیں۔ بالآخر ہزار کشمکش کے بعد راستہ نکل آئے تو صاحبِ سجادہ کو ہاتھوں ہاتھ روضہ شریف کے اندر لے جاتے ہیں۔ اور موصوف پورے خشوع وخضوع سے اپنی جبینِ نیاز کو مزار کے پائینتی پر ملتے ہیں۔ پھر مشرقی جانب مصحف کی طاق کے نیچے پیٹھ قبلہ کی جانب اور چہرہ مزار کی طرف کر کے بیٹھتے ہیں۔ اس خاص خدمت سے فارغ ہونے کے بعد موصوف ہزار اعزاز وامتیاز کے ساتھ شاہانہ انداز میں روضہ سے باہر آ کر خانقاہ شریف میں ہدایت وارشاد کی اپنی مسند پر بیٹھتے ہیں۔ اور تمام اہلِ حال، عمائد وارباب وظیفہ کے علاوہ درگاہ شریف کا عملہ سلام وقدم بوسی کی رسم ادا کرتا ہے۔ اور بے شمار آزاد فقراء وغیرہ پر مشتمل گروہ یا فضل پنجتن، یا علی مدد کے نعرے لگاتے ہوئے خدمت میں باریاب ہونے کا شرف حاصل کرتے ہیں۔ اور سال بھر کے دوران انکے مابین پیدا ہونیوالے مقدمات ونزاعات پیش کرتے ہیں جو صاحبِ سجادہ کے حکم سے تصفیہ پاتے ہیں۔ اور اس موقع پر کسی کو صاحبِ سجادہ کے حکم کی تعمیل میں دم مارنے اور سر ہلانے کی مجال نہیں ہوتی۔ احیاناً اگر کوئی عذر ومعذرت کی بات پیش کرے تو اس کا تاج وخرقہ واپس لے کر ضبط کر لیا جاتا ہے۔ اور فقراء کی صف سے اخراج کا حکم اس کے حق میں صادر کیا جاتا ہے۔

محفل پنجشنبہ کے مراسم

یہ طریقہ مقرر ہے کہ ہر جمعرات کو نماز عشاء کے قریب جب کہ ہندی وقت کے حساب سے دو گھڑی گذر گئی ہوں۔ چراغوں کو روشن اور فرش کو درست کرتے ہیں۔ اور قبہ شریف کی جانب بیگمی دالان کے صحن کے سامنے جہاں محفل پنجشنبہ کے لئے جگہ مخصوص ہے۔ محفل کے اہتمام و تیاری کے بعد درگاہ شریف کے متولی ایک مشعل اور چند اشخاص کو صاحبِ سجادہ کی خدمت میں بھیجتے ہیں۔ جیسے ہی حضرت سجادہ صاحب خانقاہ سے نکل کر جماعت خانہ (اب محفل خانہ جسے سر آسمان جاہ نے بنایا ہے) میں پہنچتے ہیں تو اس وقت درگاہ کا گھڑیالی تین بجاتا ہے۔ اور یہ

علامت خبر است از مقدم صاحب سجادہ۔

اول صاحبِ سجادہ از دروازۂ پائیں در قبہ شریف داخل می شود۔ و بعد ادائے فاتحہ از جانب دروازۂ شرقی برآمدہ براہِ بیگمی دالان قصد محفل می کند۔ چوں بلبِ فرش می رسد چوبداران استقبال می کنند۔ و اربابِ مجلس در تعظیم تقدیم می نمایند۔ و بعد از آنکہ حضرت صاحبِ سجادہ بر افراز گدیلہ محاذ مجمرۂ نقرہ کلاں رو بہ مزار و پشت بہ شرق می نشیند۔ حافظاں و مولودخواناں فاتحہ بروح پُرفتوح حضرت خواجہ بزرگ می گویند و دعائے سلامتی صاحبِ سجادہ می خواہند۔ و بعد ختم فاتحہ شیرینی کہ بزبانِ ہندی ڈلی می گویند و بہ قوام شکر و میدہ و روغن زردمی سازند بہ حضار محفل تقسیم می شود و نیز حسبِ دستورِ قدیم بخشش مقررہ بہر اہلِ استحقاق دادہ می شود و ہم قوالان سماع بنیادمی دہند۔

چوں ساعتِ پنج می شود۔ مجاوران و خدام فرش قبہ شریف از جاروب صاف می کنند۔ و ایں جاروب خاص است کہ از پرِ دُمِ طاؤس درست می کنند۔ و ایں خدمتِ خاص را فراشہ گویند۔ چوں فراشہ ختم می شود۔ دروازۂ قبہ شریف بندمی گردد۔ و باز تا بہ صبحِ صادق وا نمی شود۔ چوں نوبت ساعت شش می رسد باز بطریقِ اول فاتحہ می خوانند و ہمہ اہلِ محفل قیام نمودہ دست بستہ رو بہ قبہ می کنند۔ وقوالان اشعارِ ہندی کہ بہ کڑکا معروف است و در محامد و اوصاف حضرت خواجہ بزرگ مشہور، بہ الحانِ خوش می سرایند و بعد ختم آں محفل برخواست می شود۔ و ہر یکے بجائے خود می رود۔

آئینِ محفلِ ششم

بہ شب تاریخ ششم ہر ماہ مقرر است۔ و بہ زمان و مکان محفلِ پنجشنبہ مخصوص۔ اما صاحبِ سجادہ نمی آید و بہ ہمیں جہت عصائے نقرو مجمرۂ نقرہ کہ

صاحبِ سجادہ کی تشریف آوری کی اطلاع کی علامت ہے۔

سب سے پہلے سجادہ صاحب قبہ شریف کے پائینتی کے دروازے سے داخل ہوتے ہیں اور فاتحہ ادا کرنے کے بعد مشرقی دروازہ سے نکل کر بیگمی دالان کے راستے سے محفل میں جاتے ہیں۔ جوں ہی آپ فرش پر قدم رکھتے ہیں تو چوبداروں کی طرف سے استقبال کیا جاتا ہے اور اہلِ محفل تعظیم کے ساتھ کھڑے ہوجاتے ہیں اور اس کے بعد سجادہ صاحب مزار کی جانب اپنا رخ اور مشرق کی جانب اپنی پشت کئے ہوئے گدی پر تشریف رکھتے ہیں۔ جہاں سامنے چاندی کا بڑا عود دان روشن رہتا ہے۔ حافظ صاحبان اور مولود خواں، حضرت خواجہ بزرگ کی روح پُر فتوح کی خدمت میں فاتحہ گذرانتے ہیں۔ اور سجادہ صاحب کی سلامتی کیلئے دعا کرتے ہیں۔ اور فاتحہ کے ختم پر شیرینی کہ جس کو ہندی میں ڈلی کہتے ہیں اور جو شکر، میدہ اور گھی سے تیار کی جاتی ہے اور حاضرین محفل میں تقسیم کی جاتی ہے اور حسبِ دستور قدیم مستحقین کو مقررہ حصّے دیئے جاتے ہیں۔ اور قوالوں کی طرف سے سماع کا آغاز ہوتا ہے۔

جب پانچ بجے کا وقت ہوتا ہے تو مجاور اور خدّام لوگ، جاروب (جھاڑو) کے ذریعہ قبہ شریف کے فرش کی صفائی کرتے ہیں۔ اور یہ جاروب خاص قسم کی ہوتی ہے۔ جو مور کی دُم کے پروں سے بنائی جاتی ہے۔ اور اس خاص خدمت کو فراشہ کہا جاتا ہے۔ فراشہ ختم ہوتے ہی قبہ شریف کا دروازہ بند ہوجاتا ہے اور پھر صبح صادق تک نہیں کھلتا۔ جب چھ بجے کا وقت ہوتا ہے تو پھر پہلے طریقے کی طرح فاتحہ گذرانتے ہیں اور تمام اہلِ محفل اپنا رُخ قبہ شریف کی طرف کئے ہوئے دست بستہ کھڑے ہوجاتے ہیں۔ قوّال حضرت خواجہ بزرگ کی شان و مدحت میں بڑی خوش الحانی کے ساتھ ہندی میں اشعار پڑھتے ہیں۔ جو "کڑکا" کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے ختم پر وہ محفل برخواست ہوجاتی ہے۔ اور ہر ایک اپنی اپنی جگہ چلا جاتا ہے۔

چھٹی کی محفل کے مراسم

ہر ماہ کی چھٹی تاریخ کی شب محفل مقرر ہے۔ جو وقت اور مقام کے لحاظ سے محفلِ پنجشنبہ کے مقابل میں مخصوص ہوتی ہے۔ لیکن اس میں سجادہ صاحب تشریف نہیں لاتے اور اسی طرح منصبِ سجادگی

لوازمہ منصبِ سجادگیست مستعمل نمی شود۔ وشیرینی کہ بعد فاتحہ تقسیم می شود معروف است بہ نکتی کہ بہ آرد نخود وقوام شکر ساختہ می شود۔

آئین بسنت

بتاریخ پنجم ماہ کہ بماہ ماگھ واقع شود از خانہ قوالِ درگاہ گڑوہ می آید۔ گڑوہ بطور گلدستہ می باشد کہ از گل وشگوفہ فصلِ بہار تیار می شود۔ واز راہِ بازار پیش زینہ می گزرد۔ ہمہ قوالان ونغمہ سرایان ولولیانِ شہر بہ لباسِ بسنتی در جلو می باشند۔ وہمہ عملہ وفعلہ درگاہ شریف از متولی تا بہ سگ زن ہمراہ می باشد۔ عجب رسمِ دلربا وتماشائے روح افزا است کہ حصر بہ دیدن دارد۔ وقوالان کہ بہ نغمہ ونشید بہار غزلیاتِ تازہ می سرایند۔ ذائقۂ عجیب ولذتِ غریب می دہد۔ بالآخر ہمیں طریق والتزام حاضر قبۂ شریف گردیدہ در گنبد حضرت خواجہ حسین نبیرۂ حضرت خواجہ بزرگ می روند۔ واز انجا در خانقاہ شریف حضرت سجادہ رسیدہ باداۓ رسمِ معینہ می پردازند۔

آئین گل بنگلہ

بماہ چیت ہندی کہ فصلِ بہار گل گلاب است بروز پنجشنبہ چادر گلہائے سرخ درست می کنند وسلکہائے مسلسل در رشتۂ رنگین درکشیدہ بعد صلوٰۃِ شام بر سقف مزار شریف کہ از چوب خوشبودار نصب کردہ اند وہم در پیرامونِ آں ہمہ سلک ہائے گل سفتہ برابر بر قطار قطار بہ ادائے مطبوع وطرزِ خوش اسلوب بستہ می کنند۔ واندراں شب ہجوم اہلِ استحقاق وتماشا واژدہام عام بمرتبۂ غایت می شود واز زن ومرد وخورد وکلاں جمِ غفیر گرد قبہ شریف در وسعت فضائے آستانۂ عالیہ حاضر آمدہ باداۓ فاتحہ وتحیہ وسلام اشتغال می ورزند۔

آئین ماہ صیام

چوں رویتِ ہلال روئے می دہد بنظر آگاہیِ عوام الناس برسر

کے لوازم چاندی کے پیش ڈنڈے اور چاندی کے عود دان کا کسی طرح استعمال نہیں ہوتا۔ اور شیرینی جو فاتحہ کے بعد تقسیم ہوتی ہے وہ نکتی کے نام سے مشہور ہے جو چنے کا آٹا اور شکر ملا کر بنائی جاتی ہے۔

بسنت کے مراسم

ماگھ مہینہ کی پانچ تاریخ کو درگاہ کے قوال کے گھر سے گڑوہ آتا ہے۔ گڑوہ ایک گلدستہ کی طرح ہوتا ہے جو موسمِ بہار کے پھولوں اور کلیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور زینے کے سامنے والے بازار سے گزرتا ہے۔ تمام قوال گویّے اور طائفے بسنتی لباس پہنے ہوئے پیش پیش رہتے ہیں۔ اور درگاہ شریف کا سارا عملہ اور اسٹاف متولی سے کتے مارنے والے تک سبھی ہمراہ ہوتے ہیں۔ عجب دلرُبا انداز اور روح افزا منظر ہوا کرتا ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قوال غزلیات سے بھرپور تازہ کلام سناتے ہیں جو عجیب ہی لطف اور نادر لذت دیتا ہے۔ پھر اسی طریقہ اور التزام کے ساتھ قبہ شریف میں حاضر ہو کر حضرت خواجہ بزرگ کے فرزند زادہ حضرت خواجہ حسین کے گنبد میں جاتے ہیں۔ اور وہاں سے پھر خانقاہ شریف میں سجادہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور مقررہ رسم کی تکمیل کرتے ہیں۔

گُل بنگلہ کے مراسم

ہندی مہینہ چیت میں جب کہ گلاب کے پھولوں کی بہار کا موسم ہوتا ہے۔ جمعرات کے دن سرخ پھولوں کی چادر تیار کی جاتی ہے۔ جس کے باہم پیوستہ لڑیوں میں رنگین جوڑ ہوتے ہیں شام کی نماز کے بعد مزار کے اوپری حصہ پر جو خوشبودار لکڑی کا نصب کردہ ہے اس پر اور اس کے گرداگرد پھول سے آراستہ لڑیاں قطار در قطار بڑی خوش اسلوبی سے لگاتے اور لٹکاتے ہیں۔ اور اس رات تمام مستحقین کا ہجوم اور عوام کا اژدہام بے انتہا ہو جاتا ہے۔ عورتوں، مردوں اور چھوٹوں بڑوں کا ایک بڑا مجمع قبہ شریف اور آستانۂ عالیہ کے وسیع احاطہ میں حاضر ہوتا ہے اور فاتحہ خوانی اور تحیت وسلام پیش کرنے میں مصروف رہتا ہے۔

ماہ رمضان کے مراسم

نقار خانہ کہ مقامِ بلند است نوبتِ شادیانہ می نوازند و از ہماں شب نماز تراویح آغاز می شود۔ اگرچہ بیشتر جاہا در آستانہ عالیہ قرآن مجید می خوانند۔ اما در مسجد جہانگیری پہلوئے قبہ شریف جمِ غفیر و گروہِ کثیر تراویح می خوانند۔ و حافظ فرح شاہ خاں رامپوری کہ ملازم آستانہ عالیست ہمونجا بالحانِ مرغوب و بہ آوازِ بلند و بصحتِ تمام وحزمِ کلام می خوانند۔ و در مسجد شاہجہانی خطیب درگاہ کہ از ملتزمانِ روضہ شریف است باداۓ مطبوع و الفاظِ فصیح قرآن خوانی می کند۔ وہمیں جہت محفل پنجشنبہ بین العصر والمغرب در ماہ صیام مقرر کردہ اند۔ و بہ شبِ قدر ختم قرآن مجید و فرقانِ حمید مقرر است۔ اندراں شب از کثرتِ چراغاں وتجلیات وانوار فضاۓ حرم آستانہ عالیہ بقعۂ نور می نماید۔

آئین عیدین

چوں رویتِ ہلال عید الفطر بشہادت ثقات ثابت می شود۔

نوبت شادیانہ بنیاد می دہند و بروز ہنگام نماز بامداد صاحبِ سجادہ حاضر قبہ شریف گشتہ چادر گل بر مزار می پوشاند و بر قبور اجدادِ خویش کہ در جوار آستانہ شریف آسودہ اند گل وعطر می افشاند۔ بعد ازاں چوں وقتِ نماز می رسد۔ اول صاحبِ سجادہ برسمِ سلام حاضر آستانہ شدہ در پالکی سوار می شود و ماہی و مراتب شتری وغیرہ کہ لوازمۂ منصبِ سجادگیست معہ قاضیِ

شہر و عامیانِ شہر در جلو می باشد پیش ازیں کافہ اہلِ اسلام در عیدگاہ رسیدہ انتظار می کشند چوں صاحبِ سجادہ داخلِ عیدگاہ می شود تکبیر آغاز می کنند۔ و بعد ختمِ نماز وخطبہ چوں صاحبِ سجادہ معاودت می کند۔ اکثر آں ازعملہ درگاہ انتظار می کشند۔ و چوں سواری صاحبِ سجادہ پیش زینۂ درگاہ می رسد۔ و او از سواری پالکی مفارقت کردہ پاۓ راست بر زینہ اول

جوں ہی ماہ رمضان المبارک کا چاند نظر آ جاتا ہے تو عوام الناس کی اطلاع کی خاطر ایک اونچے مقام پر موجود نقار خانے سے شادیانے کی نوبت بجائی جاتی ہے۔ اور اسی رات سے نماز تراویح شروع ہوتی ہے۔ اگرچہ آستانہ عالیہ کے اکثر مقامات پر قرآن مجید پڑھتے ہیں لیکن قبہ شریف سے متصل مسجد جہانگیری میں جم غفیر اور مجمعِ کثیر تراویح پڑھتا ہے۔ جہاں حافظ فرح شاہ خاں رامپوری جو آستانۂ عالیہ کے ملازم ہیں خوش الحان، بلند آواز کے ساتھ پوری صحت واحتیاط سے کلامِ الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں۔ اور مسجدِ شاہجہانی میں خطیبِ درگاہ جو روضہ شریف کے ملازمین میں سے ہیں دل کش انداز اور الفاظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ قرآن خوانی کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ماہِ رمضان میں پنجشنبہ کی محفل عصر ومغرب کے درمیان منعقد کی جاتی ہے۔ قرآن مجید وفرقانِ حمید کے ختم کے لئے شبِ قدر مقرر ہے۔ اس رات میں اس کثرت سے چراغاں کئے جاتے اور تجلیّات وانوار ہوتے ہیں کہ آستانۂ عالیہ کا سارا علاقہ بقعۂ نور نظر آتا ہے۔

عیدین کے مراسم

جوں ہی معتبر شہادت کے ذریعہ رویت ہلال کی توثیق ہو جاتی ہے تو نوبت وشادیانے بجائے جاتے ہیں اور صبح کی نماز کے وقت سجادہ صاحب قبہ شریف میں حاضر ہو کر مزار اقدس پر چادرِ گل پیش کرتے ہیں۔ اور اپنے اجداد کی قبور پر جو آستانۂ شریف کے قرب وجوار میں آسودہ ہیں پھول اور عطر چھڑکتے ہیں۔ اس کے بعد جوں ہی نماز کا وقت آ پہنچتا ہے۔ تو پہلے سجادہ صاحب سلام پیش کرنے کے لئے آستانہ پر حاضری دے کر پالکی میں سوار ہوتے ہیں۔ جن کے ساتھ اونٹ پر سوار ماہی ومراتب وغیرہ جو منصبِ سجادگی کے لوازمات ہیں نیز قاضی شہر اور عوام بھی ساتھ ہو جاتے ہیں۔ اس سے قبل ہی عامۃ المسلمین عیدگاہ پہنچ کر انتظار کرتے ہیں۔ جوں ہی سجادہ صاحب عیدگاہ میں داخل ہوتے ہیں تکبیر شروع کرتے ہیں اور نماز وخطبہ کے بعد جب سجادہ صاحب واپس ہوتے ہیں تو درگاہ شریف کے عملہ (اسٹاف) میں سے اکثر لوگ منتظر رہتے ہیں۔ اور سجادہ صاحب کی سواری جب درگاہ شریف کی سیڑھی کے سامنے پہنچتی ہے تو پالکی میں سے اترنے کے بعد درگاہ شریف کی سیڑھی پر اپنا سیدھا پاؤں پہلے رکھتے ہیں۔ نقار خانہ میں

درگاہ شریف می نہد۔ شادیانہ تہنیت بر نقارہ خانہ می نوازند۔ بالآخر۔ صاحبِ سجادہ باادائے شاہی برسمِ سلام در قبہ شریف حاضر می شود و زیر طاق مصحف نشستہ فاتحہ بر روح پرفتوح حضرت خواجہ بزرگ می رسانند۔ چوں فارغ می شود بہ خانقاہ شریف آمدہ بر مسندِ سجادگی می نشیند۔ و ہمہ ارباب وظائف ونوبتیان و بادفروشان و چوبداران ونغمہ گویان متعلقہ آستانہ عالیہ گرد آمدہ مراسمِ تہنیت بتقدیم می رسانند وعلیٰ قدرِ مرتبہ انعام می یابند وقریب عید الفطر دستور رسم عید الاضحیٰ ہم معین ومقرر است

آئین ایام عشرہ محرم الحرام

از رویتِ ہلال محرم رسمِ نغمہ وسرود موقوف می گردد۔ و فاتحہ شہیدانِ کربلا و اہلِ بیت مجتبیٰ برکوزۂ شربتِ ناب و رائحۂ عطر و گلاب می رسانند۔ وتا بروز سوم عشرہ محرم بہمیں نمط دستور دارند۔ وآثارِ حزن وابتہال ورنج وغم کہ مقتضیِ محبت است از در ودیوار وشجر وحجر آستانۂ عالیہ موثر می شود۔ کسے بیند کہ دیدۂ بینا دارد۔ وکسے داند کہ قلبِ صحیح دارد ومحبت قوی مکنون خاطرِ او است

آئین محفل میلاد شریف

سرورِ عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

15-1-2013

شب دوازدہم ماہ ربیع الاول بوقوع می آید و بطریق محفلِ پنجشنبہ باحسن وجوہ باختتام می رسد۔

آئین عرس

حضرت پیرانِ پیر شیخ المشارق ومغارب خواجہ عثمانِ ہارونی قدس اللہ سرہٗ

دستور است کہ بہ شب پنجم ماہ عید الفطر در مقام سماع خانہ

مبارک بادی کا شادیانہ بجایا جاتا ہے۔ بالآخر سجادہ صاحب شاہی انداز میں سلام کی رسم ادا کرنے کے لئے قبہ شریف میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے طاق کے نیچے بیٹھتے اور حضرت خواجہ بزرگ کی روح پرفتوح کی خدمت میں فاتحہ پیش کرتے ہیں۔ اور اس سے فارغ ہونے کے بعد خانقاہ شریف آکر مسندِ سجادگی پر تشریف رکھتے ہیں۔ درگاہ شریف سے وابستہ تمام وظیفہ یاب، وگروہ نوبتی، مشعلچی، چوبداران اور گویے حاضر ہوکر (سجادہ صاحب کی) خدمت میں رسمِ تہنیت (مبارکباد) پیش کرتے ہیں۔ اور اپنے رتبہ کے مطابق انعام پاتے ہیں۔ عید الاضحیٰ کا دستور بھی تقریباً عید الفطر کے طریقہ کی طرح ہی معیّن ومقرر ہے۔

عشرہ محرم الحرام کے مراسم

محرم کی رویت ہلال کے ساتھ ہی گانا بجانا موقوف ہوجاتا ہے۔ خالص شربت اور عطر و گلاب کی خوشبوؤں سے معمور کوزے پر شہیدانِ کربلا اور اہلِ بیت مجتبیٰ کے نام پر فاتحہ گذرانتے ہیں۔ اور محرم کی تیرھویں تاریخ تک یہی دستور قائم رہتا ہے اور حزن وملال اور رنج وغم کے آثار جو محبت کا تقاضا ہے آستانۂ عالیہ کے در ودیوار اور شجر وحجر سے ظاہر ہوتے ہیں۔ جو بھی اہلِ نظر ہوتا ہے اس کا نظارہ کرتا ہے۔ اور اسے وہی جانتا ہے جو قلبِ صحیح رکھتا ہو اور اس کے دل میں قوی محبت موجود ہو۔

محفلِ میلاد شریف

سرورِ عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مراسم

حضور سرورِ عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محفل میلاد کے مراسم ماہ ربیع الاول کی بارھویں شب کو واقع ہوتے ہیں۔ اور محفل پنجشنبہ کے طریقے کی طرح بہترین انداز میں اختتام کو پہنچتے ہیں۔

پیرانِ پیر شیخ المشارق والمغارب خواجہ عثمان ہارونی قدس اللہ سرہٗ کے عرس کے مراسم

(حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کے) عرس شریف کا دستور ہے کہ ماہ عید الفطر

محفل می شود۔ و برسمِ معمولی صاحبِ سجادہ زیبِ محفل می گردد۔ و بروز ششم محفلِ قل بنیاد می نمایند و بہر طور اہتمام و التزام محفل بطریق محفلِ قل حضرت خواجہ بزرگ بوقوع می آید۔ چوں محفل ختم می شود۔ دستارِ مشیخت بر فرقِ مبارک حضرت صاحبِ سجادہ مزیب و مزین می گردد و بہ دیگرے دستار دادہ نمی شود۔

آئین عرس بزرگانِ سلسلہ معینیہ

جانبِ پائیں روضہ شریف پیش دالان آرت کارٹ محفلِ سماع برسطحِ فرش سنگ معین است۔ صوفیان صف بستہ می نشینند وقوالان رسمِ سماع ادا می کنند۔ وآغاز محفلِ بعد ساعت شش کہ سماع معمول وکڑکا ختم می شود مقرر است و قریب نصف شب ختمِ محفل گشتہ شیرینی تقسیم می نمایند۔ اما دریں محفل ہا عصاء و مجر ہا نقرہ کہ لوازمہ سجادگیست مستعمل نمی شود۔

☆☆☆☆☆

(شوال المکرم) کی پانچویں شب بمقام سماع خانہ محفلِ سماع منعقد ہوتی ہے۔اور حسبِ معمول وطریقہ سجادہ صاحب محفل میں رونق افروز ہوتے ہیں۔اور چھٹے روز محفلِ قُل منعقد ہوتی ہے جو حضرت خواجہ بزرگ کی محفلِ قُل کے طریقے کے مطابق پورے اہتمام والتزام کے ساتھ سجائی جاتی ہے۔جوں ہی محفل ختم ہوتی ہے۔تو حضرت سجادہ صاحب کے سر پر دستار بزرگی آراستہ و پیراستہ کرتے ہیں اور کسی دوسرے کو دستار نہیں دی جاتی۔

عرس بزرگان سلسلہ معینیہ کے مراسم

روضہ شریف کے پائیں میں نواب آرکاٹ کے (تعمیر کردہ) پیش دالان میں پتھر کے فرش پر محفل سماع منعقد کرنے کا رواج مقرر ہے۔مشائخ کرام صفوں میں بیٹھ جاتے ہیں اور قوال سماع کی رسم ادا کرتے ہیں۔اور (درگاہ کے) چھ بجے کے بعد محفل کا آغاز ہوتا ہے اور حسبِ معمول سماع اور کڑ کا ختم ہونے تک تقریباً نصف شب ہو جاتی ہے جبکہ محفل اختتام کو پہنچتی ہے۔شیرینی تقسیم کی جاتی ہے۔لیکن اس محفل میں چاندی کا پیش ڈنڈا اور عود دان جو سجادگی کے لوازم ہیں استعمال نہیں ہوتے۔

☆☆☆☆☆

باب دوم

در تذکرہ اولاد و احفاد

حضرت خواجہ بزرگ معین الحق والدین قدس اللہ سرہ العزیز

آوردہ اند کہ حضرت خواجہ را تا سن ہشتاد سال در تجرید و تفرید در گذشت و ہنوز تاہل اختیار نفرمودہ بودند۔ شبے در عالمِ رویا کہ چشمِ ظاہر آشنائی خواب دیدہ اول شاہد رب الارباب بود۔ از حضرت ختمِ رسالت و صدر النبوت ایما رفت کہ معین الدین تو معینِ دینِ ماہستی۔ اما سنتے از سنت ہائے ما بگذاشتی۔ چوں حضرت خواجہ بزرگ بیدار شد۔ و بعد ادائے فریضہ سحر بہ جلوت اربابِ محبت صحبت افتاد و ملک خطاب نام کہ حاکم قلعہ بٹیلی بود۔ خاتونے از قبیلہ راجپوت کہ بہ غنیمت یافتہ بود بخدمت رسانید حضرت خواجہ بہ ارادہ ازلی آں جمیلہ عفیفہ را بہ سلسلۂ زوجیت مباہی فرمود۔ وامۃ اللہ نام کرد۔

خاتونِ دیگر بنت سید وجہ الدین مشہدیست کہ بہ اشارت و بشارت حضرتنا و مولانا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ در حبالۂ نکاح حضرت خواجہ در آمد۔ از ہر دو عفیفہ سہ پسران و یک دختر بوجود آمدند۔ اما در بطن اختلاف است ۔ برخے بر آنند کہ از بطنِ سیدہ محترمہ خواجہ ابو سعید و بی بی حافظہ جمال متولد شدند و از بطنِ [illegible] 15-1-2013 خواجہ فخر الدین و خواجہ حسام الدین بوجود آمدند۔ واللہ اعلم بالصواب۔

خواجہ ابو سعید را دو پسران بودند خواجہ احمد و خواجہ وحید کہ ذکرِ پاک اینہا در فوائد الفؤاد از حضرت سلطان المشائخ منقولست۔ و بی بی حافظہ جمال را جفتِ شرعی شیخ رضی الدین بود کہ بر کنارِ حوض مندولا در نواحی قصبہ ناگور است۔ سید حسام الدین بعین شباب از چشمِ مردماں پنہاں شد و بہ صحبت ابدال و رجال الغیب پیوست۔

دوسرا باب

حضرت خواجۂ بزرگ معین الحق والدّینؒ

کی اولاد واحفاد (اولاد کی اولاد) کا تذکرہ

منقول ہے کہ حضرت خواجہ بزرگ اسّی (۸۰) سال کی عمر تک تجرد وتنہائی کی حالت میں رہے اور ابھی نکاح کا ارادہ نہ فرمایا تھا۔ ایک رات خواب میں جبکہ آپ بظاہر آنکھ سے سو رہے تھے اور دل سے شاہدِ ربّ الارباب بنے ہوئے جاگ رہے تھے۔ حضور ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے معین الدین! تم ہمارے دین کے معین و مددگار ہو لیکن ہماری سنتوں میں سے ایک سنت کو تم نے چھوڑ دیا۔ حضرت خواجہ بزرگ بیدار ہوئے تو نماز فجر ادا فرمانے کے بعد اپنے چاہنے والوں کی مجلس میں رونق افروز ہوئے تو ملک خطاب نامی قلعہ (بٹیلی) بٹھیلی کے حاکم نے غنیمت میں آئی راجپوت قبیلہ کی ایک خاتون کو آپ کی خدمت میں پیش کیا۔ حضرت خواجہ صاحب نے اس عصمت مآب، خوبصورت خاتون کو اپنی زوجیت میں لینے کا ارادہ فرمایا۔ اور اس کا نام امۃ اللہ رکھا۔

ایک دوسری پاک خاتون سے بھی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے اشارہ وبشارت پر آپ نے نکاح فرمایا جو سید وجیہ الدین مشہدی کی دختر تھیں۔ حضرت خواجہ صاحب کو دونوں ازواج پاک سے تین صاحبزادے اور ایک صاحبزادی پیدا ہوئے۔ لیکن کون کس کے بطن سے ہے اس میں اختلاف ہے۔ ایک قول کے مطابق سیدہ محترمہ کے بطن سے خواجہ ابوسعید اور بی بی حافظہ جمال پیدا ہوئے اور دوسری زوجہ کے بطن سے خواجہ فخر الدین اور خواجہ حسام الدین پیدا ہوئے۔ واللہ اعلم بالصواب

خواجہ ابوسعید کو دو بیٹے خواجہ احمد اور خواجہ وحید ہوئے۔ جن کا ذکر پاک حضرت سلطان المشائخ قدس سرہٗ نے فوائد الفوٴاد میں فرمایا ہے اور بی بی حافظہ جمال جو شیخ رضی الدین کے عقد میں آئیں جنکا مزار قصبہ ناگور کے قریب واقع حوض مندولا کے کنارے ہے۔ سید حسام الدین

امّا حضرت خواجہ فخر الدین را پسرے بوجود آمد کہ حسام الدین سوختہ نام داشت۔ واو ازبس عابد و مجاہد و ممتاز و مرتاض مولع و متورع سوختہ آتشِ محبت و آسودہ درد و محنت بود۔ و بہ فیضِ صحبت حضرت سلطان المشائخ از امثال واقران گوئے سبقت ربودہ بود۔ مرقدِ پاکش در قصبہ سانبھر باختر سوئے برسرِ راہِ اجمیر واقع است۔ وخلقِ خدا ازاں خطیرہ گرامی فیضہا می رباید۔

اورا دو پسران بودند معین الدین خرد و قیام الدین بابربال۔ اول ازبس کامل واکبر بود۔ کمالاتِ علیہ وآثارِ جلیہ داشت و بے واسطہ کسے با حضرت خواجہ نسبتے بود۔ اما انجام کار باشارت خواجہ بزرگ بہ خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی رجوع کرد و خلافت یافت۔ اولادِ پاکش بہ سببِ ناہمواری و ناہنجاریِ کفار سکونتِ مالوہ اختیار کرد۔ واز مدینۃ الہدایت ودار الولایت اجمیر ہجرت فرمود۔ سید قطب الدین کہ بعہد سلطان محمود خلجی خداوندِ دوازدہ ہزار سوار بود۔ وچشت خان خطاب داشت۔ از نبائر پاک خواجہ معین الدین خرد است۔

و دیگر ہم صاحبِ مقامِ عالی و برگزیدۂ حضرت آفریدگار بود۔ جوہرِ شجاعت وجلادت نگاہ می داشت۔ و بمقابلۂ کفار دادِ جرأت و شہامت می داد۔ حتیٰ کہ گروہِ مخالف از دستِ او بہ ستوہ می آمدہ وازیں جہت نامش ہٹیلا باگھ کردہ بودند۔

شیخ المشائخ دیوان سید غیاث الدین احمد علی خاں حسنی الحسینی لاریب فیہ از اولاد و امجاد حضرت خواجہ بزرگ 15-1-2018 اللہ تعالیٰ۔ سلسلہ نسبِ شریفش بہ (۱۹) نوزدہ واسطہ بخواجہ قیام الدین بابربال منتہی می شود۔

شیخ المشائخ دیوان سید غیاث الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان سید امام علی احمد، بن دیوان سید محتشم علی احمد بن دیوان سید اصغر علی احمد بن دیوان سید امام الدین احمد بن دیوان سید منیر الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان شیخ ابو الفتح احمد بن دیوان سید علم الدین احمد بن دیوان خواجہ ابو الخیر احمد

عین جوانی کے عالم میں لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو گئے اور ابدال و رجال الغیب میں جا ملے۔

لیکن حضرت خواجہ فخر الدین کو ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام حسام الدین سوختہ رکھا گیا۔ اور وہ واقعی عابد و مجاہد، ریاضت میں ممتاز، تقویٰ کے دلدادہ، آتش محبت میں سوختہ اور درد و محبت میں آسودہ اور حضرت سلطان المشائخ کی صحبت کے فیض یافتہ، سابقہ زمانے والوں کا مثالی نمونہ تھے۔ آپ کا مزار مبارک اجمیر کے راستہ میں قصبۂ سانبھر میں واقع ہے۔ اس آستانۂ گرامی سے خلقِ خدا فیض حاصل کرتی ہے۔

آپ کے دو صاحبزادے تھے ایک معین الدین خرد اور دوسرے قیام الدین بابر بال۔ پہلے صاحبزادے بڑے کامل اور اکبر تھے۔ اعلیٰ کمالات اور روشن علامات رکھتے تھے۔ اور کسی واسطے کے بغیر حضرت خواجہ صاحب سے نسبت و ربط رکھتے تھے۔ لیکن آخر کار خواجہ بزرگ کے اشارہ پر خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کی جانب رجوع کیا۔ اور خلافت پائی۔ آپ کی اولاد پاک نے کافروں کی سرکشی و شرارت کے باعث شہرِ ہدایت و ولایت یعنی اجمیر شریف سے ہجرت کر کے مالوہ میں سکونت اختیار کی۔ سلطان محمود خلجی کے دورِ حکومت میں دو ہزار سوار کے کمانڈر سید قطب الدین جنہیں چشت خاں خطاب ملا تھا۔ خواجہ معین الدین خرد کے پسر زادوں سے تھے۔

اور دوسرے صاحبزادے بھی بلند مقام کے حامل اور حضرت کے تربیت یافتہ و برگزیدہ تھے۔ فنِ شجاعت و دلیری میں ماہر اور کافروں کے مقابل اپنی جرأت و بہادری پر داد حاصل کر چکے تھے۔ یہاں تک کہ مخالف جماعت آپ کی طاقت سے تنگ آ چکی تھی۔ اور اسی باعث آپ کا نام ''ہٹیلا باگھ'' یعنی ضدی شیر پڑ گیا تھا۔

شیخ المشائخ دیوان سید غیاث الدین احمد علیخاں حسنی الحسینی کے حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد امجاد سے ہونے میں کوئی شک نہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھے۔ ان کے نسب شریف کا سلسلہ انیس (۱۹) واسطوں سے خواجہ قیام الدین بابر بال تک یوں جا پہنچتا ہے۔

شیخ المشائخ دیوان سید غیاث الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان سید امام علی احمد بن دیوان سید محتشم علی احمد بن دیوان سید اصغر علی احمد بن دیوان سید امام الدین

بن شیخ المشائخ معین الدین احمد ثالث بن شیخ المشائخ سید رفیع الدین احمد بایزید خرد بن شیخ المشائخ سید نور الدین احمد طاہر بن شیخ المشائخ تاج الدین احمد بایزید بزرگ بن شیخ شہاب الدین احمد بن شیخ کمال الدین شیخ احمد بن شیخ نجم الدین احمد خالد بن خواجہ قیام الدین بابر بال ہٹیلا باگھ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

بعضے از اہلِ دنیا کہ در باب وجودِ باجود اولاد احفاد حضرت خواجہ بانکار آمدہ اند الحق از جادۂ مستقیم تحقیق و راستی دور افتادند و منازلِ خویش در نہاں خانۂ نکبت و مذلت بنیاد دارند۔

زیرا کہ فقیر مؤلف بمنشاءِ تحقیق و تصدیق ایں معنی کتب سیر و سلوک و فرامینِ شاہانِ ہند جریدہ ہارا کہ در تذکرہ اولاد و احفاد حضرت خواجہ مشہور و مذکور بودند از دفتر تولیت و دیوانِ اوقاف آستانۂ مقدس و مطہر بہم رسانیدہ مقامِ یقین را تا بحق الیقین افزودہ است۔ و ہر آنکہ اقوالِ بزرگانِ سلف و علم و عمل حضرات خلف را بچشم انصاف دیدہ باشد می داند کہ وجوب و وجود اولاد حضرت خواجہ بزرگ اولیاءِ کاملین و بزرگانِ دین در ہر زمان و مکان تصدیق و تحقیق فرمودہ باعتراف و اقبال گرائیدہ اند۔ غیر ایشاں کسے کہ بہوائے نفس و تقاضائے ہوس حرفِ دیگری می زند۔ دلدادۂ نفس و سرگشتۂ ہوا و ہوس است۔ لا جرم مناسبِ حال و شایانِ مقال اینست کہ برخے اقوال از ملفوظات و مکتوبات و غیرہم بطرزِ استنباط و انتخاب در ضبطِ تسوید و ربطِ تسطیر در آوردہ شود کہ شاہد حال و مشہودِ مقال باشد۔

15-1-2013

منقول است از فوائد الفواد

کہ برزبانِ فیض ترجمان سلطان المشائخ گزشت

پانزدہم محرم سن عشرہ سبع مائۃ شنیدم از خواجہ احمد نبیرہ شیخ معین الدین قدس اللہ سرہ العزیز۔ و ایں خواجہ احمد عظیم صالح بود سن عشرین سبع مائۃ پنجم رمضان المبارک۔

احمد بن دیوان سید منیر الدین احمد بن دیوان سید سراج الدین احمد بن دیوان شیخ ابوالفتح احمد بن دیوان سید علم الدین احمد بن دیوان خواجہ ابوالخیر احمد بن شیخ المشائخ معین الدین احمد ثالث بن شیخ المشائخ سید رفیع الدین احمد بایزید خرد بن شیخ المشائخ سید نور الدین احمد طاہر بن شیخ المشائخ تاج الدین احمد بایزید بزرگ بن شیخ شہاب الدین احمد بن شیخ کمال الدین شیخ احمد بن شیخ نجم الدین احمد خالد بن خواجہ قیام الدین بابر بال ہٹیلا باگھ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

بعض دنیا والے حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد واحفاد کے وجود کا انکار کرتے ہیں۔ سچ بات یہ ہے کہ یہ لوگ تحقیق اور سچائی کے صراطِ مستقیم سے دور ہو گئے ہیں۔ اور نکبت و ذلت کے اندھیروں میں خود اپنی منزلیں تلاش کر رہے ہیں۔

لہٰذا فقیر مؤلف نے اسی سلسلہ میں تحقیق و تصدیق کے ارادہ سے سیرت و سلوک کی کتابیں، شاہانِ ہند کے فرامین اور حضرت خواجہ صاحب کی اولاد واحفاد کے تذکرہ میں جو جریدے مشہور اور مذکور تھے دفتر تولیت و دیوان اوقاف آستانۂ مقدس ومطہر سے حاصل کر کے یقین کو حق الیقین میں بدلنے کی پوری کوشش کی ہے۔ جس شخص نے بزرگانِ سلف کے اقوال اور حضراتِ خلف کے علم و عمل کو انصاف کی نظر سے دیکھا ہو گا وہ جان لے گا کہ ہر زمان و مکان میں اولیائے کاملین اور بزرگانِ دین نے حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد کے وجود کی تحقیق و تصدیق فرمائی ہے اور اس کا اعتراف واقبال کیا ہے۔ ان سے ہٹ کر دوسرے لوگ جو اپنی خواہشِ نفس اور تقاضائے ہوس کے باعث دوسری ہی بات کا چرچا کرتے ہیں۔ وہ نفس کے تابع اور ہوا و ہوس کے شکار ہیں۔ حال کی مناسبت سے یہ بات ضرور کہنے کے لائق ہے کہ کچھ اقوال، ملفوظات و مکتوبات وغیرہ سے بطور اخذ و انتخاب قلم بند کر دیے گئے ہیں۔ تاکہ شاہدِ حال اور مشہودِ مقال ہوں۔

فوائد الفؤاد سے منقول ہے

جیسا کہ سلطان المشائخ (شیخ نظام الدین اولیاء) کی زبان فیض ترجمان پر آیا۔

الغرض چوں چند گہے بگذشت خواجہ وحید الدین نبیرہ خواجہ معین الدین سجزی رحمۃ اللہ علیہ بخدمت شیخ کبیر آمد و بیعت طلبید و دستورے حلق خواست شیخ فرمود۔ من ایں معنی از خاندانِ شما دریوزہ درام۔ مرا واجب نیست کہ شما را دست بدہم۔ خواجہ وحید الدین الحاحِ بسیار کرد کہ البتہ من مرید شوم۔ خدمتِ شیخ دست بداد و فرمود سر حلق کن ۔ القصہ آں روز خواجہ وحید الدین محلوق شد۔ بعد آں مولانا نصیر الدین نیز محلوق شد۔

☆☆☆

منقول است

از مولانا سید محمد مبارک علوی الکرمانی

خلیفۂ مستند حضرت سلطان المشائخ محبوب الاولیاء شیخ نظام الدین قدس سرہٗ

کذافی ''سیر الاولیاء''

''فرزندانِ شیخ الاسلام معین الدین سجزی را در حدودِ اجمیر دیہی احیا بود مقطعان جہت مقرر داشت مزاحمت می نمودند۔ فرزندانِ شیخ را براں داشت کہ در شہر بروند و از بادشاہ مقرر داشت بیارند۔ بہمیں ضرورت خواجہ از اجمیر بہ دہلی آمد۔''

''فرمود۔ شنیدم از حضرت خواجہ احمد نبہ شیخ معین الدین سجزی قدس اللہ سرہ۔ و ایں خواجہ احمد عظیم صالح بود۔''

تنبیہ: ''فرمود''۔ اشارت بحضرت سلطان المشائخ۔ زیرا کہ صاحبِ ''سیر الاولیاء'' ملفوظات حضرت شیخ را ترتیب دادہ است۔

☆☆☆

پندرہ محرم ۷۱۰ھ کو خواجہ احمد نبیرہ شیخ معین الدین قدس اللہ سرہ العزیز سے اور ۵ ر رمضان المبارک ۷۲۰ھ کو خواجہ احمد سے جو بڑے صالح تھے میں نے سنا۔

الغرض چند دن گذر جانے کے بعد خواجہ معین الدین سجزی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند زادہ خواجہ وحید الدین شیخ کبیر کی خدمت میں آئے اور بیعت کا مطالبہ کیا۔ اور سر منڈھانے کے دستور پر عمل کرنے کی خواہش کی۔ شیخ نے فرمایا۔ چونکہ میں اسی سرسبز خاندان کے درخت کی شاخ ہوں میرے لئے ضروری نہیں کہ تمہیں ہاتھ دوں۔ خواجہ وحید الدین نے بے حد آہ وزاری کی کہ میں مرید ہو جاتا ہوں۔ شیخ کی خدمت میں ہاتھ دیا اور فرمایا۔ سر مُنڈھا لو۔ المختصر اس روز خواجہ وحید الدین نے سر منڈھالیا۔ اس کے بعد مولانا نصیر الدین نے بھی سر منڈھالیا۔

☆☆☆

منقول ہے

مولانا سید محمد مبارک علوی الکرمانی سے

جو حضرت سلطان المشائخ محبوب الاولیاء شیخ نظام الدین قدس سرہٗ کے مستند خلیفہ تھے

جیسا کہ ''سیر الاولیاء'' میں ہے

''فرزندان شیخ الاسلام معین الدین سجزی کو جو کہ اجمیر کے حدود میں سکونت پذیر ہوئے تو وہاں کے لوگوں نے مزاحمت کی۔ فرزندان شیخ کو شہر جانا پڑا تا کہ بادشاہ سے حکم نامہ لے آئیں۔ اسی ضرورت سے خواجہ صاحب اجمیر سے دہلی آئے۔''

فرمایا کہ ''حضرت خواجہ احمد نبیرہ شیخ معین الدین سجزی سے قدس اللہ سرہٗ میں نے سے سنا اور یہ خواجہ احمد نہایت نیک سیرت تھے۔''

نوٹ: ''فرمایا'' سے حضرت سلطان المشائخ کی طرف اشارہ ہے۔ اس لئے کہ صاحبِ ''سیر الاولیاء'' ہی نے ملفوظات حضرت شیخ (نظام الدین اولیاء) کو مرتب کیا ہے۔

☆☆☆

منقول است

از درویش جمالی کہ او از بس محقق و صاحبِ نسبت واز بزرگانِ طریقِ چشتیہ بود۔

کما قال فی سیر العارفین

نقل است از خواجہ معین الدین چشتی۔ کہ روزے بزبانِ دُر بار فرمودند کہ اولاد معین الدین وحمید الدین یکیست۔ واین قول قبل از پیوند بود و آخر کار نتیجہ قولِ ایشاں ظاہر شد کہ باہم یکے شدہ اند۔ چنانچہ امیر شیخ تاج الدین کبریٰ ابی محمد الحسنی الحسینی سلمہ اللہ تعالیٰ فی بقائہٖ نبیرہ اولاد پسر صلبی حضرت خواجہ معین الدین می شود۔ و نبیہ دخترے سلطان التارکین برہان المجردین شیخ حمید الدین محمد احمد صوفی سعیدی عمری فاروقی یار غار۔ مرید وخلیفہ بزرگ حضرت ایشاں بودہ اند۔ اے خواجہ معین الدین قدس اللہ سرہ العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ درمیان حضرت خواجہ وشیخ حمید الدین خویشی در قدیم است تا معلوم بودہ باشد۔ و بہماں طریق در اولادِ ایشاں ہم خویشی می رود۔ تا معلوم بودہ باشد۔ دراں ایامے کہ ایں حقیر بدولتِ زیارت مرقدِ پُر طہارت حضرت معین الملۃ مشرف گشت از فرزندان حضرت ایشاں۔ صاحبِ سجادہ شیخ المشائخ بایزید ثانی بود۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ واو شیخے کلاں وعظیم الشان بودہ است۔

سید شمس الدین طاہر کہ صد و پنجاہ سال عمر داشت۔ خرقۂ خلافت از خدمتِ شیخ المشائخ بایزید محمد ثانی یافتہ بود۔ ومرید شیخ المشائخ شیخ نور بود کہ در بنگالہ آسودہ است وخدمت سید شمس رحمۃ اللہ علیہ را با حضرت ملک المشائخ واولیاء سماء الحق والدین قدس سرہٗ اعتقادے بے حد واتحادے بے عدد بود باایں احقر محبتے وشفقتے عظیم بود۔ از ایشاں استماع است کہ حضرت زبدۃ المشائخ معین الحق والدین را در آخرہا تاہل واقع شد۔ وفرزندان متولد شدند۔ فاما چوں ایں حقیر بزیارت روضۂ متبرکہ حضرت زبدۃ المشائخ معین الحق رحمۃ اللہ علیہ رسید ہمراہِ وباتفاق معیت خدمت پیرزادہ برجادۂ شیخ المشائخ نصر الملۃ والدین رحمۃ اللہ علیہ یکجا زیارت حضرت ایشاں بحصول پیوست۔

درویش جمالی جو بڑے محقق، صاحبِ نسبت اور چشتیہ سلسلہ کے بڑے بزرگوں میں تھے سے

منقول ہے

جیسا کہ سیر العارفین میں ہے

خواجہ معین الدین چشتی سے نقل ہے کہ ایک روز اپنی زبانِ دُر بار سے فرمایا کہ معین الدین اور حمید الدین کی اولاد ایک ہی ہے۔ اور یہ قول رشتہ داری سے پہلے کا تھا۔ آخر کار ان کے قول کا نتیجہ ظاہر ہو گیا کہ آپس میں ایک (یعنی رشتہ دار) ہوئے ہیں۔ چنانچہ امیر تاج الدین کبریٰ ابو محمد حسنی حسینی سلمہ اللہ تعالیٰ فی بقاۂٖ حضرت خواجہ معین الدین کے پوتے ہوتے ہیں اور سلطان التارکین برہان المجردین شیخ حمید الدین محمد احمد صوفی سعیدی یارِ غار آنحضرت (خواجہ معین الدین چشتی) کے نواسے ہوتے ہیں۔ حضرت خواجہ صاحب اور شیخ حمید الدین کے درمیان قرابت قدیم ہے۔ اب معلوم ہوا کہ انکی اولاد میں بھی اسی طریقہ سے قرابت داری چلی آتی ہے۔ یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ حقیر جب حضرت معین الملۃ کے مرقدِ پاک کی زیارت کی بدولت حضرت ہی کے فرزندوں سے مشرف ہوا تو اس وقت شیخ المشائخ بایزید ثانی رحمۃ اللہ علیہ صاحبِ سجادہ تھے۔ اور وہ بڑے اور عظیم الشان شیخ تھے۔

سید شمس الدین طاہر جن کی عمر ایک سو پچاس (۱۵۰) سال تھی انہوں نے شیخ المشائخ بایزید محمد ثانی سے خرقۂ خلافت حاصل کیا اور شیخ المشائخ شیخ نور کے مرید تھے۔ جو بنگال میں آرام فرما ہیں۔ اور سید شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت ملک المشائخ و اولیاء سماء الحق والدین قدس سرہ سے بے حد اعتقاد اور بے پناہ وابستگی تھی اور اس احقر کے ساتھ انہیں بڑی محبت اور شفقت تھی۔ ان ہی سے سنا کہ حضرت زبدۃ المشائخ نصر الملۃ والدین معین الحق والدین نے آخری عمر میں شادی کی تھی۔ اور انکے فرزند بھی ہوئے۔ جب یہ حقیر حضرت زبدۃ المشائخ معین الحق والدین کی زیارت کیلئے پہنچا تو صاحبِ سجادہ کی معیت حاصل رہی۔ اس جگہ ایک عظیم القدر مجاور مولانا مسعود تھے جنکی عمر قریب اسّی (۸۰) سال تھی۔ اور جن کے والد اور آباء و اجداد سے مولانا احمد شرف (بن امجد بن مخدوم قاضی تاج الدین

درانجا مجاورے بود عظیم القدر مولانا مسعود قریب ہشتاد سال عمر داشت۔ چنانچہ پدر وآبائے واجدادِ او مولانا احمد شرف (بن امجد بن مخدوم قاضی تاج الدین مخدوم قاضی شمس الدین دہلوی نبیرہ امام محمد شیبانی رحمۃ اللہ علیہ) خدمت حضرت شیخ مشاراً الیہ قدس اللہ سرہٗ العزیز یافتہ بود۔ ومولانا مسعود از مولانا احمد کہ خادم حضرت شیخ بود۔ نقل می کرد کہ درانچہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ از اجمیر اول بار بہ دہلی رفتند و باز آمدند ایشاں را تاہل واقع شد۔ وآنچناں بود کہ سید وجیہ الدین محمد مشہدی عم سید حسین مشہدی داروغہ خطہ مذکورہ بود دخترے داشت درکمال عصمت وعفت کہ نامِ مبارک ایشاں بی بی عصمت است و ایں عجوزہ مسطورہ بحدّ بلوغ رسیدہ بود۔ می خواست کہ بحبالۂ بزرگ زادہ درآرد۔ وحوالہ نتیجہ دُودمان اشراف نماید۔ ہیچ کس را درخود کمال ولائقِ حال نمی یافت کہ بدو پیوندی فرماید۔ اکثر دریں تامل وتفکرمی بود۔ ناگاہ شبے از شب ہا حضرت امام جعفر صادق را در واقعہ دید کہ می فرماید کہ فرزندم وجیہ الدین اشارت حضرت رسالت صلی اللہ وسلم برایں است کہ ایں عجوزہ را بہ شیخ معین الدین سجزی بسپاری۔ ودرحبالۂ او درآری۔ سید وجیہ الدین مذکور از پیوستگانِ حضرت شیخ بود۔ ایں واقعہ بحضرت شیخ اظہار نمود۔ وحضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرمود کہ عمرِ من بہ آخر رسیدہ است۔ یعنی نود سالہ شدہ ام۔ فامّا چوں اشارت حضرت رسول است قبول نمودم و جفت شریعت ساخت۔ ایں فرزندانِ پاک نہاد و درست اعتقاد از اں دودمانِ کرام وخاندانِ عظیم اند۔

نقل

15-1-2013

از عارف ومعارف توکل وتجرید سالک مسالک اُلوہیت وتفرید

سلطان التارکین شیخ حمید الدین صوفی ناگوری نقل آوردہ اند ھکذا فی سرورالصدور کہ بتوجہِ خاص حضرت خواجہ فرید نبیرۂ حقیقی حضرت سلطان التارکین ترتیب وتدوین یافت

چوں خواجہ جیو در اجمیر فرو آمد ملکے کہ درآں وقت بود شیخ جیو را مرید شد ودخترے فرستاد۔ خواجہ جیو درآں وقت معمر شدہ بود۔ عمرے ایشاں بہ نود سال رسیدہ

مخدوم قاضی شمس الدین دہلوی نبیرہ امام محمد شیبانی رحمۃ اللہ علیہ) کو حضرت شیخ کی خدمت کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت شیخ کے خادم مولانا احمد سے مولانا مسعود نے نقل کیا ہے کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ اجمیر سے پہلی بار دہلی کو گئے اور پھر تشریف لائے تو اس وقت تک آپ متاہل (بیوی بچے والے) ہو چکے تھے۔ وہاں یہ ہوا کہ سید وجیہ الدین محمد مشہدی جو علاقہ کے داروغہ سید حسین مشہدی کے چچا تھے انکی ایک دختر عصمت وعفت میں کمال رکھتی تھیں جن کا نامِ مبارک بی بی عصمت تھا اور یہ مذکورہ خاتون بلوغ کی عمر کو پہنچ چکی تھیں۔ شیخ وجیہ نے چاہا کہ اسے کسی بزرگ زادہ کے نکاح میں دیا جائے اور شریف خاندان کے کسی فرد کے حوالے کی جائے کسی کو بھی اپنی نظر میں کامل اور لائقِ حال نہیں پایا کہ اس سے رشتہ کیا جائے۔ وہ اکثر اسی فکر میں رہتے تھے کہ حضرت امام جعفر صادق کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ اے میرے فرزند وجیہ الدین! حضرت رسالت مآب ﷺ کا اس بارے میں اشارہ ہے کہ اس خاتون کو شیخ معین الدین سجزی کے نکاح میں دے دو۔ سید وجیہ الدین جن کا ذکر کیا گیا۔ حضرت شیخ (معین الدین چشتی) کے وابستگان سے تھے۔ حضرت شیخ سے یہ واقعہ بیان کیا حضرت شیخ نے فرمایا کہ میری عمر آخر ہو چکی ہے یعنی نوے (۹۰) سال کا ہو چکا ہوں لیکن پھر بھی حضرت رسول اللہ ﷺ کا اشارہ قبول کرتا ہوں اور شریعت کے مطابق نکاح فرمایا۔ ان فرزندانِ پاک نہاد کا تعلق اسی خانوادہ بزرگ اور خاندان عظیم سے ہے۔

نقل

سلطان التارکین شیخ حمید الدین ناگوری سے نقل کرتے ہیں کہ
اور ایسا ہی ''سرور الصدور'' میں ہے جو حضرت خواجہ فرید حقیقی نبیرہ حضرت سلطان التارکین
کی خاص توجہ سے ترتیب وتدوین پائی ہے۔

جب خواجہ جیو اجمیر میں تشریف لائے۔ اس وقت کا جو بادشاہ تھا وہ شیخ جیو کا مرید ہوا

بود۔ خواجہ جیورا از آں فرزندان شدند تا وقتیکہ شیخ بزرگ را گفت۔ حمید چیست ایں۔ ہرگاہ کہ مارا دراں جوانی کہ مجرد بودیم حاجتے کہ بشدے دعا می کردم درآں حال اجابت می شد۔ وایں ساعت کہ پیر شدہ ام۔ وفرزندان آمدند۔ ہرگاہ کہ حاجت می شود۔ بسیار وقت می باید۔ ودعا کردہ شود۔ لیکن بعد از دیر با جابت می رسد وحاجت برمی آید۔ ایں چہ حکمت است؟ شیخ بزرگ فرمود۔ گفتم با خواجہ جیو۔ شمارا بہتر روشن است از قصۂ مریم کہ درآں وقت کہ مجرد بود۔ بے خواستِ او میوۂ زمستانی بہ تابستاں می رسید۔ و بہ تابستاں میوۂ زمستاں می رسید۔ کہ دلش با خدا یکتا بود۔ چوں عیسیٰ علیہ السلام بزاد منتظر بود ہمچناں خواہد رسید۔ فرمان شد تا دلت با ما یکتا بود نخواستیم کہ برائے نانے دو دلہ باشی۔ خواجہ جیو چوں ایں شنید پسندید۔

☆☆☆

منقول است
از عالمِ علم حقیقت ویقین، قدوۂ بزرگانِ دین، مولانا عبدالحق محدث دہلوی بخاری رحمۃ اللہ علیہ
کما قال فی اخبار الاخیار

خواجہ فخر الدین بن خواجہ معین الدین بزرگ بود۔ بکسبِ زراعت مشغول موضع ماندن کہ قریب بہ اجمیر است احیاء ساخت وحکام مزاحمت می کردند۔ وخواجہ بتقریبِ آں بدہلی تشریف آورد۔ ہمیں شیخ فخر الدین 15-1-2013 بعد پدر بست سال در صدر حیات بود۔ در قصبہ سرواڑ کہ شانزدہ کروہ از اجمیر است وفات یافت ونزدیک حوض در قصبہ سروار مدفون است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ حسام الدین پسر خُرد حضرت خواجہ معین الحق والدین است۔ چنیں گویند کہ او غائب شد وبصحبتِ ابدال پیوست قدس اللہ سرہ العزیز۔

خواجہ حسام الدین سوختہ پسر شیخ فخر الدین بن شیخ الاسلام معین

اور انکی خدمت میں ایک خاتون پیش کی۔خواجہ جیو اس وقت عمر رسیدہ ہو چکے تھے انکی عمر نوے (۹۰) سال کو پہنچ چکی تھی خواجہ جیو کو اس سے بیٹے ہوئے۔تو اس وقت آپ نے شیخ بزرگ (صوفی حمید الدین ناگوری) سے کہا۔حمید! یہ کیا بات ہے کہ جب تک ہم جوان تھے مجرّد (

تنہا) رہے۔کوئی حاجت ہوتی میں دعا کرتا تھا اسی وقت قبول ہو جاتی تھی اور اب یہ وقت ہے کہ میں بوڑھا ہوں، بیٹے پیدا ہو گئے ہیں۔اب جب بھی ضرورت ہوتی ہے تو بہت وقت لگتا ہے۔دعا کی جاتی ہے لیکن دیر کے بعد قبول ہوتی ہے اور حاجت پوری ہوتی ہے۔یہ کیا حکمت ہے؟ شیخ بزرگ (صوفی حمید ناگوری) نے فرمایا کہ میں نے خواجہ جیو (خواجہ معین الدین چشتی) سے عرض کیا کہ آپ پر حضرت مریم کا قصہ خوب روشن ہے کہ جس وقت وہ مجرد تھیں تو انکی خواہش کے بغیر سردیوں کا میوہ گرمیوں میں اور گرمیوں کا میوہ سردیوں میں میسر آتا تھا۔کیونکہ ان کا دل خدا کے ساتھ یکسو تھا۔جب عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے وہ منتظر تھیں کہ (رزق) اسی طرح پہنچے گا۔فرمایا جب تک تیرا دل ہمارے ساتھ یکسو تھا ہم نے نہیں چاہا کہ تو روٹی کے لئے متفکر ہو۔خواجہ جیو نے جب یہ سنا تو پسند فرمایا۔

☆☆☆

عالمِ علمِ حقیقت و یقین، قدوۂ بزرگانِ دین

مولانا عبدالحق محدث دہلوی بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے

منقول ہے

جیسا کہ اخبار الاخیار میں فرمایا

خواجہ فخر الدین بن خواجہ معین الدین بڑے تھے جو زراعت کے کام میں مشغول تھے اور اجمیر کے قریب موضع ماندن (مانڈل) میں سکونت پذیر ہوئے تو حکام مزاحمت کرنے لگے۔خواجہ صاحب اس سلسلے میں دہلی تشریف لائے۔حضرت شیخ فخر الدین اپنے والد کے بعد بیس سال

الدین سجزیست سوختہ آتش محبت و دوختہ ناوکِ مودّت با شیخ نظام الدین اولیاء صحبت داشت۔ مدفنِ او در قصبہ سانمبر طرف غروب برسرِ راہ اجمیر افتادہ است۔ اورا پدرِ او بنام برادرِ مفقود حسام الدین بن خواجہ معین الدین نام نہاد۔

وحضرت خواجہ بزرگ را دو جفت بود یکے منکوحہ دختر سید وجیہ الدین مشہدی عم سید حسین خنگ سوار کہ بالائے قلعہ اجمیر آسودہ است۔ نامِ او بی بی عصمت۔ و دیگرے نام امۃ اللہ۔ آنچناں بود کہ حضرت خواجہ بکبر سن رسیدہ بود و ہنوز متاہل نشدہ شبے حضرت پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم را بخواب دید۔ می فرماید کہ معین الدین تو معینِ دینِ ماستی۔ سنتے از سنتہائے من ترک کردۂ۔ اتفاقاً ہماں شب حاکمِ قلعہ بٹھلی ملک خطاب نام برسرِ کافراں آں حدود تاختہ بود۔ دخترے از دخترانِ راجہائے آں دیار بدست افتاد۔ ملک خطاب مرید خواجہ بود۔ آں دختر را بخدمتِ وے گزرانید وخواجہ اورا قبول کرد۔ کذا فی ''تاریخ بلادخانی'' ایضاً۔

سید وجیہ الدین مشہدی دخترے داشت بکمال عفت آراستہ و بہ پیرایۂ عصمت پیراستہ۔ ایں دختر بحدِّ بلوغ رسیدہ بود۔ موقوف وجود کفو بود۔ ناگاہ شبے امام جعفر صادق را رضی اللہ تعالیٰ عنہ بخواب دید کہ می فرماید۔ فرزندم وجیہ الدین اشارت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم دریں است کہ ایں دختر را بخواجہ معین الدین حسن سجزی بسپاری۔ و در حبالۂ او درآری۔ سید وجیہ الدین مذکور از پیوستگان حضرت خواجہ بود۔ ایں واقع را بدو بار خواجہ گفت بابا وجیہ الدین عمر من آخر رسیدہ است لیکن فرمانِ حضرت پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم است۔ از قبولِ آں چارہ نیست۔

وہر یکے از ہر دو خاتون اولاد باشد۔ بی بی حافظہ جمال از آں دختر است نہ دخترِ راجہ چنانکہ در عوام مشہور است وقبر بی بی جمال در پایانِ حضرت خواجہ است۔ جفت شریعتِ او شیخ رضی است وخطیرۂ اور در یکے از قصباتِ ناگور است،

تک باحیات رہے اور اجمیر سے سولہ (۱۶) کوس کے فاصلہ پر واقع قصبہ سروار میں وفات پائی۔ اور قصبہ سروار میں حوض کے نزدیک مدفون ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ حسام الدین حضرت خواجہ معین الحق والدین کے چھوٹے بیٹے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ آپ غائب ہو گئے اور ابدال کی صحبت سے وابستہ ہوئے۔ قدس سرہٗ العزیز

خواجہ حسام الدین جو شیخ فخر الدین بن شیخ الاسلام کے صاحبزادے ہیں جو محبت کی آگ میں سوختہ اور عشق کے تیر سے گھائل تھے انہوں نے شیخ نظام الدین اولیاء کی صحبت اختیار کی۔ ان کا مدفن اجمیر کے راستہ پر بجانب مغرب قصبہ سانمہر (سانبھر) میں واقع ہے۔ ان کے والد نے ان کا نام اپنے گم شدہ بھائی حسام الدین بن خواجہ معین الدین کے نام پر رکھا تھا۔

حضرت خواجہ بزرگ کی دو بیویاں تھیں۔ ایک بیوی سید وجیہ الدین مشہدی کی دختر تھیں جو سید حسین خنگ سوار کے چچا تھے۔ اور قلعہ اجمیر کے بالائی حصہ میں آسودہ ہیں۔ ان کا نام بی بی عصمت تھا۔ اور دوسری بیوی کا نام امۃ اللہ یہ وہی تھیں کہ حضرت خواجہ عمر رسیدہ تھے اور ابھی تک صاحبِ اہل وعیال نہیں تھے تو ایک رات حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی جو فرما رہے تھے کہ۔ معین الدین! تو ہمارے دین کا معین ہے۔ میری سنتوں میں سے ایک سنت کو تو نے ترک کر دیا ہے اتفاقاً اسی شب ملک خطاب نامی حاکم قلعہ بٹھلی نے کافروں پر حملہ کیا۔ راجاؤں کی لڑکیوں میں سے ایک لڑکی اس کے ہاتھ آئی۔ چونکہ ملک خطاب خواجہ صاحب کا مرید تھا اس لئے اس لڑکی کو خواجہ صاحب کی خدمت میں پیش کیا۔ خواجہ صاحب نے اس کو قبول کیا۔ ایسا ہی ''تاریخ بلادخانی'' میں بھی ہے۔

سید وجیہ الدین مشہدی کی لڑکی جو عفت سے آراستہ اور عصمت سے پیراستہ تھی وہ سن بلوغ کو پہنچی تو فکر لاحق ہوئی۔ اچانک ایک رات امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا کہ فرما رہے ہیں۔ میرے فرزند وجیہ الدین! حضرت رسالت پناہ ﷺ کا اشارہ یہ ہے کہ اس دختر کو خواجہ معین الدین حسن سجزی کے نکاح میں دے دو۔ سید وجیہ الدین حضرت خواجہ صاحب کے وابستگان میں سے تھے۔ یہ خواب آپ کے سامنے پیش کیا۔ خواجہ صاحب نے فرمایا۔ وجیہ الدین! میری عمر تمام ہو چکی ہے۔ لیکن حضرت رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے۔ اسے قبول

بالائے حوض کہ آنرا مندولامی گویند۔ واز بی بی جمال دو پسر شدہ بودند۔ وہر دو در ایامِ طفولیت از جہاں رفتند۔

وحضرت خواجہ را سہ پسر انند۔ شیخ ابوسعید، شیخ فخر الدین، شیخ حسام الدین۔ شیخ ابوسعید از دختر شیخ وجیہ الدین است و در شیخ فخر الدین و شیخ حسام الدین اختلاف است۔ سید محمد گیسو دراز و جماعتِ درویشاں برانند کہ از بی بی عصمت اند و سید شمس الدین طاہر و طائفۂ درویشاں می گویند کہ از بی بی امۃ اللہ۔ واللہ اعلم۔

خواجہ معین الدین خُرد پسر بزرگ شیخ حسام الدین سوختہ است۔ اورا خُرد بہ نسبت خواجۂ بزرگ می گویند۔ ہمیں منقبت اورا بس است۔ درویش کامل بود۔ وپیش آنکہ مرید شود وبکسبِ ریاضت کار را بجائے رسانیدہ بود کہ بے واسطہ از حضرت خواجہ استفادہ می کرد۔ عاقبت بحکم خواجہ مرید شیخ نصیر الدین محمود شد۔ وخرقۂ خلافت از وے بستد

وپسر خُرد شیخ حسام الدین سوختہ شیخ قیام بابر بال درغایت حسن وصورت وہیبت وعظمت بود۔ از ہر یکے خواجہ معین الدین خُرد وشیخ قیام اولاد بسیار است چشت خاں کہ در مندو بود از اولاد خواجہ معین الدین خُرد نام او شیخ قطب الدین است۔ وسلطان محمود خلجی اورا چشت خان خطاب داد۔ وخداوندِ دوازدہ ہزار سوار گردانید۔ سلطان محمود کہ در اجمیر اسلام کرد۔ می خواست چشت خاں را بدہد۔ وے چوں در مندو از خُردی کلاں شدہ بود۔ اجمیر اختیار نکرد۔ 15-1-2013

واز اولاد شیخ قیام بابر بال شیخ بایزید است کہ اورا شیخ بایزید بزرگ می گویند۔ دانشمند بود۔ در روضۂ خواجہ درس می گفت۔ شیخ احمد امجد شیبانی و دیگر بزرگان شاگردِ او یند۔ واختلافِ مردم کہ در فرزندانِ حضرت خواجہ مشہور است۔ درہمیں شیخ بایزید است۔ ومنشاء اینست کہ چوں سلطنتِ دار الملک دہلی فتور پذیرفت وکافران بر دیارِ اجمیر غالب آمدند۔ فرزندانِ خواجہ درینجا

کئے بغیر چارہ نہیں ہے۔

اُس زمانے اور اُس زمانے کے لوگوں پر افسوس ہے کہ جنھوں نے ایسے شیخ بزرگ کے حق میں زیادتی اور ظلم روا رکھا۔ ناہنجارانہ روش اختیار کرتے ہوئے دروغ (جھوٹ) کو فروغ دیا۔ اور جو کچھ ایک برہمن کا خیال تھا وہ سب کچھ اکبر نامہ میں لکھ دیا۔ جو وہم و قیاس سے باہر ہے۔ اور جسے عقل و فہم اور طبعِ سلیم ہرگز نہیں مانتی۔ اگر پہلے ہی موقع پر بادشاہ تحقیق کر لیتا کہ کیا خواجہ حسین کی جانب سے کیا گیا حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد ہونے کا دعویٰ غلط ہے تو یہ کیا تھا کہ انھیں پھر منصبِ تولیت پر فائز کیا گیا۔ اور فرزندی کے دعوی پر احباب و محبین نے فخر و ناز کیا تو آپ کے دختر نژاد (یعنی حضرت خواجہ بزرگ کے نواسوں سے) ہونے کا دعویٰ کرنے والوں نے سکوت اختیار کر لیا۔ مخالفت میں ایک لفظ بھی نہ کہا۔ اور احکامِ شرعیہ کے خلاف دعویٰ فرزندی کے مغائر انھوں نے دختر کی اولاد کو منصب وراثت دینے کا ارادہ ترک کروا دیا۔ ورنہ اس مخدوم زادہ کو موروثی حق حاصل کرنے سے باز رکھنے میں مشغول تھے۔ مگر اب حضرت شیخ حسین کے بارے میں دختری اولاد ہونے کے دعوے کا پول کھل گیا اور وہ سب جھوٹا الزام ثابت ہوا۔ اور یہ سب باتیں بنانا اور مکر و فریب کرنا جو شیخ ابوالفضل بزعمِ خود کیا کرتا تھا۔ بظاہر علانیہ نظر آنے لگا۔ اکبر نامہ میں جو ماضی سے انکار[1] اور حال کا اعتراف کیا گیا ہے اُسے بظاہر قبیح شکل میں نہیں پیش کیا گیا۔ اس لئے کہ خواجہ حسین کا دعویٰ اولاد بقول شیخ ابوالفضل جھوٹا ہوتا تو پھر حضرت خواجہ بزرگ کی تولیت اور منصب مشیخت پر حسب سابق معزز شیخ تمام عزت و حرمت کے ساتھ مقرر و فائز نہ ہوتے۔ اور نورالدین جہانگیر بادشاہ اپنے روز نامچہ موسومہ تزک جہانگیری[2] کے جلوس میں خود شیخ حسین کو خواجہ بزرگ کے فرزند زادے نہیں لکھتا۔ اور ششماہی خرچ کے طور پر ایک ہزار روپیہ جاری نہ کرتا اور حضرت خواجہ بزرگ کے مزار کے اوقاف کو فرمان کے ذریعہ

شناس کہ از کید وشید ارباب دنیا غافل نبودہ اند برربطِ کلام وطرزِ بیان می پندارند کہ ایں ہمہ جوفروشی وگندم نمائی بتقاضائے نفسِ غدار وخودستائی پندارِ اوست۔

القصہ ہر آنچہ کہ درباب شیخ حسین بہ پیرایہ ستم شریکے فقراو فقدانِ اولاد حضرت خواجہ بزرگ حکایت آوردہ ایں ہمہ اقوال قبیح را بہ ثقات وعدول آں زمان کہ ساقط العدل وعدول الثقات بودہ باشند۔ حوالہ می نماید غایتش اینکہ خواجہ را حصور می گویند۔ وازین جہت دعویٰ فرزندے بخواجہ حسین را بہ تکذیب وابطال میرساند۔ اما عبد القادر بداؤنی کہ صوفی مشرب وحنفی المذہب بود۔ وبحضرت بادشاہ درسفر وحضر زندگی می کرد ونیز خدمتِ کتاب واقعات وغیرآں باومفوض بود۔ تفصیل اجمال وتشریحِ ایں مقال رادر "منتخب التواریخ" بشرح وبسط ضبط نمودہ ونقابِ حمل واحتمال از پیکر نفس الامر برداشتہ۔ شاید سخن راہمکنار واصلانِ یقین فرمودہ است پس درین مقام حیرتم نمی گزارد۔ وبوالعجبی می نماید کہ شیخ ابوالفضل باآنکہ ازعلومِ عرفی بہرۂ وافی داشت بخلاف تواریخ سلاطین پیشین وملفوظات اولیاء کاملین بروایت این چنیں حرف وحکایت باطلہ چگونہ مبادرت کرد۔ وشہادت اربابِ عرض وابنائے جنس کہ درپے قہر واستیصال بودند۔ مرکز اثبات قرار دادہ اصل قضیہ رامنعکس ساخت وبہ سعایت وشکایت خداشناس صوف پوش وبرعایت وحمایت فرومایگان خدافراموش جد بلیغ وسعی موفور بکار آورد۔ وبزعمِ خود نقش مرادرا بر بدعا نشانیداما درنظر اولوالارباب ایں ہمہ کارنامہ ریودریا ہمچو نقش برآب است۔ وخط جادہ سراب۔ زیراکہ ہرآنکسے کہ منقولات وملفوظات حضرت خواجہ سلطان التارکین شیخ حمید الدین صوفی السوالی وحضرت خواجہ فریدالدین مسعود شکر گنج رحمۃ اللہ علیہم راکہ ایشان ہمزمان وہم نشین حضرت خواجہ بزرگ بودند بچشمِ شوق وارادت دیدہ باشد بہ یقین می پندارد کہ ہرآنچہ کہ بہ علم حضرات ایشاں عین الیقین بود برائے ماویارانِ طریقِ ما حکم حق الیقین دارد۔

وبعد ازانکہ حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی درفوائد الفواد نقل فرمود۔ تصدیق برتصدیق وتحقیق بالائے تحقیق است درایں مقام شیخ بوالفضول و

تین حصوں میں تقسیم کر کے اس میں سے ایک حصہ حضرت معزز شیخ کو نہیں پہنچاتا۔ اور خود اپنے دورِ سلطنت میں حضرت خواجہ بزرگ کی تولیت و مشیخت کے لئے عطیہ جاری کر کے یہ منصبِ گرامی حضرت خواجہ بزرگ کے فرزند زادے کے حوالہ نہیں کرتا۔ اس کے بعد شاہجہاں بادشاہ کی بیٹی جہاں آرا بیگم نے جب ''مونس الارواح'' کے نام سے ایک کتاب حضرت خواجہ بزرگ کے حالات پر لکھی تو مولانا عبدالحق محدث دہلوی کے قول سے اس نے اتفاق کیا اور اولادِ امجاد کے موجود رہنے کو برحق قرار دیا۔ اور سلطان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر نے چند مواقع پر حضرت شیخ سید محمد سجادہ نشین کی خدمت میں زرِ کثیر وغیرہ بھجوایا۔ چنانچہ نسخۂ عالمگیر نامہ مولفہ محمد کاظم مورخ عہد عالمگیری میں لکھا ہے کہ جانشینی کے چوتھے، آٹھویں، نویں اور دیگر سالوں میں جبکہ سلطان قطب الدین شاہ عالم بہادر شاہ بن اورنگ زیب عالمگیر کا عہد سلطنت تھا حضرت شیخ سراج الدین اور بعد میں حضرت شیخ منیر الدین کو تقررِ سجادگی کے وقت پیش آئے واقعات، نیز پیرزادوں، اربابِ وظائف، فقرا، صلحا، اکابر اور حضرت خواجہ بزرگ کے خادموں کے تذکرے اس میں قلم بند کئے گئے ہیں۔ دہلی کے بادشاہوں کے دیگر فرامین واسناد اور بالخصوص مطالبات کی فہرست جو روضۂ منورہ کے اوقاف کے انتظام کے لئے بطور دستور العمل ابوالبرکات معین الدین اکبر ثانی بادشاہ دہلی کے عہد میں آئینِ قدیم کے حوالے اور دفتر شاہی کی تصدیق سے مرتب و مکمل کئے گئے تھے۔ وہ انگریزوں کی حکومت کے عہدہ داروں کو بھیجے گئے اور ان اعلیٰ عہدہ داروں نے ان احکام سابقہ کے موافق انھیں نافذ بھی کیا۔

سرور الصدور ملفوظ حضرت خواجہ سلطان التارکین، فوائد الفؤاد ملفوظ حضرت سلطان المشائخ نظام الاولیا، سیر الاولیا مولفہ سید محمد کرمانی خلیفہ حضرت سلطان المشائخ، سیر العارفین مولفہ درویش جمالی، گلزارِ ابرار مولفہ شیخ محمد غوث بن حسن بن موسیٰ شطاری، اخبار الاخیار مولفہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، منتخب التواریخ مولفہ ملا عبدالقادر مورخ عہدِ اکبری، تاریخ فرشتہ مولفہ ملا محمد قاسم، سیر الاقطاب مولفہ شیخ الہ دیا چشتی، مرأت الاسرار مولفہ شاہ عبدالرحمن چشتی، خزینۃ الاصفیا مولفہ مفتی غلام سرور لاہوری، مناقب الحبیب مولفہ مولوی نجم الدین جھوںجھونوی، مخبر الاولیا مولفہ شاہ رشید الحق نبیرہ حضرت شیخ یحییٰ مدنی احمد آبادی، رسالہ ادھمی مولفہ ملا عبدالباری بخاری الاجمیری، اقتباس الانوار و جوامع الکلم و اشجار الجمال و رسالہ

ثقات و عدول اوکیانند وکیستند کہ بمحاذ و بمقابل ایں چنین اثباتِ عظیم حرفِ دیگر بر زبان آرند۔ وحضرت خواجہ را حصور پنداشتہ وجود اولا دستودہ نہادرا بے اصل ومقصود قرار دہند۔ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔

دوم۔ آنکہ حضرت شیخ بسیار اولوالعزم وصاحبِ حال بود و بادشاہانہ زندگی می کرد۔ وخلائق بے شمار باو رجوع داشتند ونذور وفتوح بے غایت میرسید۔ ووقتیکہ بادشاہ را بحضرت او ملاقات دست داد حضرت شیخ کہ سخنِ دنیا نمی دانست و از آداب خدمتِ شاہان غیر مانوس بود بطیبِ خاطر متوجہ او نشد۔ وہم چنیں بہ ادائے زمین بوس کہ نو مذہبانِ دولتِ سلطانی در منزلِ ستائش ولابہ گری تسلیمش نام کردہ بودند۔ وامتیاز خلوص ومحبت وامتحان یگانہ وبیگانہ ہمبران ادائے نامشروع منحصر بود نہ پرداخت۔ بادشاہ را ازیں معنی خیلے واہمہ در سر شد۔ ونیز دیگران کہ منتظر ومتمنی مرام بودند باظہارِ این وآں خاطر بادشاہ را منغض کردہ بہ پیرایہ شکایت فقرا و مساکین و بہ تظلم وتعدی خواجہ شیخ حسین افسانہا ساختند وبہ ترغیب زرِ کثیر کہ بتقریب نذور وفتوح بحضرت شیخ حسین از ہر اطراف واکناف میرسید بہ قرارداد اخراج شیخ معزاللہ از مجہولان تنگ ظرف کسانے چندرا بہ دادخواہی بیداد بہ ایوانِ بادشاہ رسانیدند۔ بادشاہ کہ از حقیقتِ راز آگہی نداشت وہم ز ادائے بے اخلاصی واستغنا کہ از حضرت شیخ پیش ازیں بظہور آمدہ بود قیام او را در اجمیر وجہِ حقارت و اہانت صولت وسطوتِ بادشاہی می اندیشید۔ حکم فرمود کہ بہ سرعت تمامتر حضرت شیخ ترک اجمیر تحمل کردہ سفر مکہ معظّمہ [illegible] 15-1-2013 کہ مظلومی وبے حرمتی اہلِ بیت امرِ قدیم بودہ است وبہ وراثت رسیدہ۔ وہرچہ بر سرِ ایشان می آید باصبر وسکون بر آن استقامت دارند حضرت شیخ با دلِ غم رسیدہ ودیدہ نم دیدہ از خدمت مزار جد بزرگوارش محزون ومایوس برفت۔

بعد ازانکہ بمرور سنین وشہور از سفر حجاز باز آمد ہمون آتش در کاسہ یافت و بلحاظ اندیشہ سابق کہ دل نشین بود در قلعہ بکر فرستادہ بزندان اے

ابراہیمیہ ملفوظ شاہ ابراہیم چشتی، نیز مدائن المعین مولفہ مولانا شیخ رحمت اللہ دہلوی جو حضرت محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں حضرت خواجہ بزرگ معین الحق معین الاولیا قدس سرہ کی اولاد کے عنوان سے تالیف کی گئی۔ یہ سب ان اولاد پاک کی تولید و تناسل و بقا اور منصبِ سجادہ نشینی پر رونق افروزی اور زینت فرمائی اور ان صاحبزادوں کے وجود با جود کے ایسے روشن حوالے ہیں جن کی وجہ سے اولاد امجاد کے منکرین کے منہ میں خاک پڑتی ہے۔

اس کمترین مولف نے ان کتب، تذکروں اور فرامین متذکرہ بالا وغیرہ کو رسالہ ہذا کا ایک جزء بنا دیا ہے تاکہ کسی شک وشبہ کی اس میں گنجائش باقی نہ رہے۔

اس کے علاوہ دارالخیر اجمیر کے اکابرو بزرگوں کی ایک جماعت نے ایک دوسرا سانحہ بھی بیان کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ اس زمانے میں جب کہ شیخ مبارک قصبۂ ناگور میں سکونت پذیر تھا اس کا حضرت صاحبِ سجادہ خواجہ سلطان التارکین کی باندیوں میں سے ایک باندی سے نکاح ہوا۔ جس کے بطن سے فرزندان اور دختر پیدا ہوئے۔ یعنی شیخ ابوالفیض فیضی، و شیخ ابو الفضل وغیرہ۔ جیسے ہی شیخ ابوالفضل کو دولت و کامیابی ہاتھ آئی اور خدمت ملازمانِ شاہی کے وسیلے سربلندی نصیب ہوئی تو اس سے اس کے معاصرین حسد کرنے لگے۔ اور اسکے نسب میں عیب سے متعلق بری اور ذلیل باتیں انھوں نے بادشاہ تک پہنچائیں۔ اور اسکی باندی زادگی کی حکایت پیش کردی۔

جب بادشاہ اس بات سے آگاہ ہوا تو شیخ ابوالفضل سے استفسار کیا۔ اس نے جواب دیا کہ میں حضرت خواجہ تارکین شیخ حمید الدین صوفی ناگوری کے خاندان سے صحیح النسب ہوں۔ اور حضرت شیخ حسین اجمیری کے ساتھ خالہ زادگی کا رشتہ رکھتا ہوں۔ کہ وہ بھی والدہ کی طرف سے حضرت خواجہ تارکین کے نواسہ ہیں۔ اور بچپن میں میں اور حضرت شیخ حسین قصبہ ناگور میں ایک ساتھ رہتے تھے۔ بعد ازاں حضرت شیخ حسین کے والد بزرگوار خواجہ معین الدین ثالث نے غلبۂ کفر اور مستقر کی تباہی کے وقت اجمیر چھوڑ کر ناگور میں اقامت اختیار کی اور اسی جگہ حضرت خواجۂ تارکین قدس سرہ کی اولاد کی ایک خوبصورت اور پارسا دختر کو اپنے عقد نکاح میں لائے جو دور کے رشتہ سے میری ماں کی ہمشیرہ ہوتی ہیں۔

ادب برنشاندند۔ وتا مدت دراز شیخ معز اللہ در ہمان گوشہ عسرت بہ تجرید و تفرید زندگی کرد۔ تا کہ بعد از رفتن شیخ ابوالفضل بر مہمات دکن یکے از مقربانِ بساطِ سلطنت فرصت وقت غنیمت دانستہ بشفاعت و وساطت حرم محترم بادشاہ مساعی قوی بجائے رسانید۔ وحضرت شیخ ازان بلائے ناگہان و دردِ بے درمان رستگاری یافتہ بدستور سابق بر منصبِ تولیت مرقد جد بزرگوارش فرق عزت برافراشت و بقیہ عمر درتنعم وکامرانی بسر بردہ برحمتِ حق پیوست ودر جوار مرقدِ جد پاکش عقب مسجد جامع در قبۂ عالی مدفون شد۔ مرقد پاکش مرجعِ انام ومطافِ عوام است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

وائے برآن زمان وزمانیان کہ بحق ایں چنین شیخ بزرگ اشتداد و بیدادروا داشتہ بمقتضائے ناہنجاریٔ منش مہما امکن دروغ را فروغ دادند ومع ہذا ہرآنچہ کہ برہمونی پندار درا کبرنامہ نوشتہ اند خارج از دائرہ وہم وقیاس است۔ وعقلِ فہیم وطبعِ سلیم نمی پذیرد۔ اعنی اگر کرت اول بادشاہ را بہ تحقیق پیوستہ بود کہ دعویٰ فرزندئے خواجہ حسین نسبت حضرت خواجہ بزرگ غلط است تا از چہ بود کہ اورا ایں ہمہ باز بمنصب تولیت رسانیدند۔ وبر دعوی دختر نزادی او کہ بتفاخر وشرف ہمعنان وہمقران دعوے فرزندی بودسکوت ورزیدہ حرف دیگر درمیان نہ آوردند وبخلاف احکامِ شرعیہ کہ بحالت فقدان دعوے فرزندی منصب وراثت بہ اولاد دختری منجرمی شود۔ آں مخدوم زادہ آفاق راز استحقاق موروثی باز داشتہ باتلافِ حق ومرافق او پرداختند مگر اینکہ حضرت شیخ حسین را بدعوے اولاد دختری وانمودن محض اغراض از جملہ سخن سازی وروباہ بازی شیخ ابو الفضل بزعم فقیر مولف ازین جہت بودہ باشد کہ بچشم ظاہر نگر۔ انکار ماضی واعتراف حال کہ درا کبرنامہ نمودہ است بصورت قبیح تنماید۔ زیراکہ اگر قول شیخ ابوالفضل درباب تکذیب دعوے اولاد خواجہ حسین بودے زنہار منصبِ مشیخت وتولیت مزار حضرت خواجہ بزرگ باز بدستورِ سابق بہ شیخ معز اللہ بہمان عزت وحرمت استقرار واستمرار نہ یافتے۔ ونورالدین جہانگیر بادشاہ درروزنامچۂ خود کہ بہ تزک جہانگیری موسوم است درسن

یہ سب کچھ سننے کے بعد بادشاہ نے اس قضیہ کا تصفیہ حضرت خواجہ حسین اجمیری سے استفسار پر اٹھا رکھا۔ اور ایک وقت جبکہ حضرت شیخ معزاللہ سفر حجاز سے واپس ہوئے اور بمقام فتحپور بادشاہ سے آپ کی ملاقات ہوئی تو بادشاہ نے پوچھا کہ آیا یہ بات سچ ہے کہ شیخ ابوالفضل کو آپ سے خالہ زادگی کا رشتہ ہے۔ جب حضرت خواجہ حسین نے یہ بات سنی تو غصہ میں آگئے۔ لیکن مصلحتِ وقت کے پیشِ نظر کچھ نہ فرمایا اور دوسری باتوں پر گفتگو کرنے لگے۔ آخر میں جب بادشاہ نے اس ضمن میں استفسار پر اصرار کیا۔ تو حضرت شیخ نے طوعاً و کرہاً فرمایا۔ کُلُّ مُؤْمِنٍ اِخْوَۃٌ۔ یعنی تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اس روز سے شیخ ابوالفضل اپنے دل میں حضرت شیخ کے ساتھ کینہ رکھنے لگا۔ اور ہمیشہ وقت کا منتظر رہتا کہ مشائخ فتحپوری کی تائید و حمایت سے جنکی سفارش سے وہ کامیابی سے ہمکنار ہوا تھا۔ حضرت شیخ کے خلاف حکایت و شکایت کی از سرِ نو بنیاد رکھ کر اور دوسری بناوٹی باتوں کے ذریعہ بادشاہ کے دل کو مکدّر و متنفّر کر کے انکو قلعہ بکر میں رکھنے کی درخواست کی۔

نتیجہ یہ ہوا کہ لوگ خدا اور رسولِ خدا کے احکام میں تحریف و تجدید پر عمل کرنے لگے۔ اور دینِ اسلام کے مناسک اور فقہ کے اصول و مسائل کو قیاس و عقل کے بغیر قرار دینے لگے۔ عقلی دلیلوں اور رسمی حجتوں کی بنیاد پر نیا قانون مدون کیا گیا۔ کلمۂ طیبہ میں تصرف کر کے بادشاہ کے نام سے نئی باتیں نکالی گئیں۔ آگ اور سورج کی پرستش میں دنیا و عقبیٰ کی صلاح و فلاح قرار دی گئی۔ شرعی اوامر و نواہی کے درمیان اختلاف پیدا کیا گیا۔ مسجد کو جو خانۂ خدا کے حکم میں ہے زمین دوز کر دیا گیا۔ اور اسکی جگہ صنم خانہ (مندر) تعمیر کرنے کا حکم صادر کیا گیا۔ اور اسکو دارین میں بھلائی کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ اللہ والوں کو اذیت اور تکلیف دینا اور ملحدوں اور کافروں کی تالیف و تشفی کرنا اپنا شعار بنا لیا گیا تھا۔ اور یہ سب کچھ شان و شوکت حاصل کرنے اور راجاؤں و حکمرانوں کی خوشی و خوشامد کی خاطر کیا جاتا تھا۔ افسوس ہزار افسوس کہ انھوں نے دنیا کی تائید و طلب میں دین و اسلام کے ایوان کی بنیاد کو برباد کر دیا۔ اور مجسموں اور بتوں کی آرائش و زیبائش میں مستقل طور پر مشغول ہو گئے۔ اگر فطرت و عادت کے مطابق حضرت خواجہ حسین کے ساتھ تعصب و تشدد رکھتے ہوئے اولادہونے کا انکار کریں اور انکی تباہی و تاراجی پیش نظر رہے تو اس پر کوئی تعجب نہیں۔ بہر حال کہتے رہنے اور خوب کہنے سے تو ان باتوں سے دست بردار ہو جانا اور لب پر خموشی کی مہر لگا لینا ہی بہتر

ہفتم جلوس خود شیخ حسین را نبیرۂ خواجہ بزرگ نوشتے و یک ہزار روپیہ بطریق خرچ ششماہہ نہ دادے و در فرمان اوقاف مزار شریف حضرت خواجہ بزرگ سہ قسمت کردہ یک حصہ بحضرت شیخ معز اللہ نرسانیدے و تجدید فرمانِ تولیت و مشیخت مزار حضرت خواجہ بزرگ بعہدِ دولت خود ترتیب دادہ عطیہ ایں منصب گرامی بحوالہ نبیرگی حضرت خواجہ بزرگ بنیاد نکردے۔ و بعد ازیں کہ شاہجہان بادشاہ فرمان جلی در باب تقسیم نذور و فتوح صادر فرمود جہان آرا بیگم بنت شاہجہان بادشاہ کتابے موسوم بہ ''مونس الارواح'' در حالات حضرت خواجہ بزرگ نوشتہ بہ قول حضرت شیخ مولانا عبدالحق محدث دہلوی اتفاق کرد۔ وو جود اولاد امجاد برحق قرار داد۔ و سلطان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر در چند نوبت بحضرت شیخ محمد سجادہ نشین زرِ کثیر و خلاع و قیل رسانید چنانکہ در نسخہ عالمگیر نامہ مولفہ محمد کاظم مورخ عہد عالمگیری مرقوم گشت۔ در سال جلوس چہارم و ہشتم و نہم وغیرآں کہ بزمان دولت سلطان قطب الدین شاہ عالم بہادر بادشاہ بن اورنگ زیب عالمگیر ہنگامِ نصب سجادگی بہ حضرت شیخ سراج الدین و بعد آں بحضرت شیخ منیر الدین تذکرہا بہ مواہیر و نگین پیرزادہا و ارباب وظائف و فقرا و صلحا و اکابران و خدام روضہ منورہ حضرت خواجہ بزرگ بقید کتابت آوردہ اند۔ و دیگر فرامین و اسناد شاہان دہلی و بالخصوص بند مطالبات کہ بطور دستور العمل انتظام اوقاف روضہ منورہ ابوالبرکات معین الدین اکبر ثانی بادشاہ دہلی بحوالہ آئین قدوم و تصدیق دفتر شاہی ترتیب و تکمیل فرمودہ بہ حکام دولت انگلشیہ فرستاد و حکام عالیمقام باتباع آں بالاستحکام احکام نافذ فرمودند۔

وحوالہ سرور الصدور ملفوظ حضرت خواجہ سلطان التارکین، وفوائد الفؤاد ملفوظ حضرت سلطان المشائخ نظام الاولیاء، وسیر الاولیا مولفہ سید محمد کرمانی خلیفہ حضرت سلطان المشائخ، وسیر العارفین مولفہ ملّا درویش جمالی، وگلزار الابرار مولفہ شیخ محمد غوث بن حسن بن موسیٰ شطاری، واخبار الاخیار مولفہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ومنتخب التواریخ مولفہ ملا عبدالقادر مورخ عہد اکبری، وتاریخ فرشتہ مولفہ ملا محمد قاسم، وسیر الاقطاب مولفہ شیخ الہ دیا چشتی، ومرات الاسرار مولفہ شاہ عبدالرحمن چشتی، وخزینۃ

ہے۔کل قیامت کا دن قریب ہے۔اور محشر کا قیام اور داورِ محشر سے داد و فریاد یقینی ہے۔جس کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔اس روز جزا و سزا ستم کا بدلہ اور ظلم و جفا پر فریاد رسی مقرر ہے۔لہٰذا زمانہ وار بابِ زمانہ کی شکایت کو نظر انداز کر کے عدل و انصاف کے لئے منتقمِ حقیقی کو سونپتے ہوئے میں ختم کرتا ہوں۔

☆☆☆☆☆

الاصفیا مولفہ مفتی غلام سرور لاہوری ،و مناقب الحبیب مولفہ مولوی نجم الدین جھوںجھونوی ، ومخبر الاولیا مولفہ شاہ رشید الحق نبیرہ حضرت شیخ یحییٰ مدنی احمد آبادی ، و رسالہ ادہمی مولفہ ملا عبد الباری بخاری الاجمیری ، واقتباس الانوار و جوامع الکلم و اشجار الجمال و رسالہ ابراہمیہ ملفوظ حضرت شاہ ابراہیم چشتی و "مدائن المعین" مولفہ شیخ رحمت اللہ دہلوی کہ در عہد حضرت محمد شاہ بادشاہ تالیف یافت در باب تاہل حضرت خواجہ بزرگ معین الحق معین الاولیا قدس سرہ و نیز تولید و تناسل و بقائے اولاد پاک و رونق و زینت منصب سجادہ نشینی بوجود باجود ایشان در دہن منکران اولاد امجاد خاک می اندازد۔

مولف ہیچمداں اکثر از کتب و تذکرہا و فرامین مندرجہ ماسبق وغیر آں سواد ہا گرفتہ جزو رسالہ ہٰذا اگر دانیدہ است کہ مقام تشکیک و اشتباہ را دراں مدخل نباشد

وعلاوہ آں کہ بالا مرقوم گشت جماعہ از اکابران و بزرگان دار الخیر اجمیر سانحۂ دیگر بر زبان دارند و آں اینست کہ دراں زمان کہ شیخ مبارک در قصبہ ناگور سکونت داشت با زنے از خیل کنیزان حضرت صاحب سجادہ خواجہ سلطان التارکین شیخ حمید الدین صوفی سوالی متاہل شد۔ واز بطن او پسران و یک دختر بوجود آمدند۔ شیخ ابو الفیض فیضی و شیخ ابو الفضل وغیرہ۔ چوں شیخ ابو الفضل را دولت و کامرانی دست داد۔ و بسلک خدمت ملازمان شاہی سربلندی یافت۔ معاصران او حسد بردند و از سستی نسب او سخن ہائے زشت و زبون تا بہ بادشاہ رسانیدہ از کنیزک زادگی او حکایت آوردند۔

چوں بادشاہ را بریں 15-1-2013 گہی شد۔ و از شیخ ابو الفضل استفسار کرد۔ او جواب داد کہ مادرِ من از دودمانِ حضرت خواجہ تارکین شیخ حمید الدین صوفی ناگوری صحیح النسب است و نسبت خالہ زادگی با حضرت شیخ حسین اجمیری دارم کہ او ہم من الام نبیرۂ حضرت خواجہ تارکین است و بزمان طفلی من و حضرت شیخ حسین در قصبہ ناگور یکجا بودیم۔ زیرا کہ پدر بزرگوار حضرت شیخ حسین خواجہ معین الدین ثالث بزمان غلبۂ کفر و تاخت آوردن پیکر پرستان ترک اجمیر کردہ بہ ناگور طرح

تیسرا باب

حضرت خواجہ بزرگ قدس سرہ' کی روحانی اولاد کے تذکرہ میں جو اصل اور فروع دو حصوں پر مشتمل ہے

اصل اول

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہ'

واقفِ اسرارِ حقیقت، سالکِ مسالکِ عرفان و معرفت، خازنِ خزینۂ صدق و صفا، قطب الکاملین، قطب الاولیاء، قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہ' کا اصل وطن ''اوش'' ہے۔ آپ نے ۱۸ سال میں علوم ظاہری و باطنی میں کمال حاصل کیا اور شیخ الاسلام معین الاولیاء حضرت خواجہ بزرگ قدس سرہ' سے مرید خاص ہونے کی دولت حاصل کرنے کے بعد خلافت کے شرف سے سرفراز کئے گئے۔ ان کے علاوہ کلام اللہ کا چودہ پاروں تک حفظ کر کے اسے دل میں محفوظ اور زبان پر جاری رکھا۔ بیعت کا شرف ۵۹۷ھ ہجری میں عطا ہوا اور خلافت کی فضیلت ۶۲۰ھ ہجری میں حاصل ہوئی۔

منقول ہے کہ ایسے وقت جبکہ خواجہ بختیار قطب الاولیاءؒ نے شہر مبارک ملتان کا سفر فرمایا تو پنجاب کے اطراف و اکناف میں چنگیزی فوجیں جمع ہو گئیں اور ناصر الدین قبا جہ پر حملہ آور ہوئیں۔ تیروں اور تلواروں کے ذریعہ جنگ و قتل کا بازار گرم ہو گیا تو ناصر الدین قبا جہ اس کشمکش سے مجبور ہو کر خواجہ بختیار قطب الاولیاءؒ کی خدمت میں آ پہنچا اور آپ کی امداد کا طالب ہوا۔ خواجہ بختیارؒ نے اسے ایک تیر عطا کرتے ہوئے اس کے حق میں فتح و کامرانی کی دعا فرمائی۔ ناصر الدین قبا جہ نے اس عطیہ اور دعا کو اپنے لئے فالِ نیک تصور کیا اور جرأتِ مردانہ کے ساتھ دلیرانہ حملہ کر دیا جس کے مقابلہ کی تاب چنگیزی افواج نہ لا سکیں اور خوف و پریشانی کی حالت میں فرار ہو گئیں۔

کہا جاتا ہے کہ خواجہ بختیار ملتان سے دہلی تشریف لائے اور موضع کیلو کھری میں قیام فرمایا جہاں آج ہمایوں کا مقبرہ ہے۔ محمد عطا قاضی حمید الدین ناگوری اور بہت سے دیگر اربابِ یقین

اقامت می داشت وهمونجا دخترے جمیلہ وعفیفہ از نبیرگان حضرت خواجہ تارکین قدس سرہ کہ بہ نسبت بعید خواہر مادر من باشد در عقد نکاح آوردہ بود۔

باستماعِ ایں معنی بادشاہ تصفیۂ ایں قضیہ را بر استفسار حضرت خواجہ حسین اجمیری محول کرد۔ ووقتیکہ حضرت شیخ معز اللہ از سفر حجاز باز آمدہ بمقام فتح پور بہ بادشاہ ملاقی شد پرسید کہ آیا شیخ ابو الفضل را با حضرت شیخ نسبت خالہ زادگی صادق است۔ چوں حضرت خواجہ حسین ایں سخن بشنید در غضب شد۔ اما بنظر مصلحتِ وقت ہیچ نفرمود۔ وبسخنہائے دیگر پرداخت بالآخر چوں بادشاہ بدریافت ایں حال استبداد کرد حضرت شیخ طوعاً وکرہاً فرمود۔ کُلُّ مُؤْمِنٍ اِخْوة ☐۔ ازاں روز شیخ ابو الفضل با حضرت شیخ کینہ در دل گرفت ومدام متدعی وقت بودہ بتائید وتقلید مشائخ فتح پوری کہ بشفاعتِ ایشاں روئے فلاح دیدہ بود حکایت وشکایت حضرت شیخ از سرِ نو بنیاد دادہ ونیز سخنہائے دیگر ساختہ خاطر بادشاہ را مکدر ومنغض کردہ بودن واو در قلعہ بکر دستورے خواست۔

القصہ کسانیکہ در احکامِ خدا ورسولِ خدا تحریف وتجدید بعمل آرند ومناسک دین واسلام ومسائل فقہ اصول را غیر از قیاس وعقول قرار دادہ بہ دلائل عقلی وبراہین رسمی آئین نو بنیاد کنند۔ ودر کلمہ طیبہ تصرف نمودہ بنام بادشاہ احداث نمایند ودر پرستیدن آتش وآفتاب صلاح دنیا وفلاحِ عقبیٰ پنداشتہ در امر ونواہی شرعیہ اختلاف درمیان آرند۔ وبہ استیصال مسجد کہ حکم خانہ خدا دارد۔ امر فرمودہ بہ تاسیس وبناءِ صنم خانہ [illegible] 15-1-2013 وَبَالُہٗ فِی الدَّارِیْنِ گشتند۔ واذیت وآزار ارباب حق وتالیف وتوفیق ملحدان وکافران مطلق ہنجار وشعار کردند۔ وایں ہمہ بنظر حصول جاہ وخاطر وپاسداری راجگان باطشہ بود حیف است وہزار حیف کہ در تردد وتائید دنیا طلبی بنیادِ ایوانِ دین واسلام بر باد دادند۔ وباستحکام آئین وآرایش پیکر واصنام پرداختند۔ اگر بمقتضائے طینت وعادت با حضرت خواجہ حسین انکار اولاد کردہ بہ تعصب وتشدد درآیند وباستیصال وتخریب او نظر بر

نے حاضری کی سعادت حاصل کی۔ سلطانِ وقت بھی آپ سے ارادت رکھتا، اپنی جبینِ نیاز کو آپ کے سنگِ آستاں پر رکھتا اور ظاہری و باطنی پاکیزگی کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا جس کے وسیلہ سے اس کی عقیدت و ارادت دوبالا ہوگئی۔

نقل ہے کہ خواجہ بختیار قطب الاولیاء کی عمر جب پانچ سال تھی تو حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو مُلا ابوحفص کے سپرد کیا۔ جنہوں نے آپ کو زیورِ تعلیم سے خوب آراستہ کیا۔ جب خواجہ قطب الاولیاء نے علومِ عقلیہ ونقلیہ کا اکتساب فرمایا تو مُلا ابوحفص سے رخصت ہوکر آپ بغداد پہنچے اور شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اور شیخ اوحد الدین کرمانیؒ سے مزید مراسمِ صوری اور روابطِ معنوی حاصل فرمائے اور شیخ جلال الدین تبریزی کے ہمراہ ہندوستان کی طرف کوچ فرماتے ہوئے ملتان آپہنچے جہاں شیخ بہاء الدین زکریاؒ کی صحبت میں کچھ عرصہ گزارا پھر سلطنت کے صدر مقام میں تشریف فرما ہوئے اور اس مقام سے حضرت معین الاولیاء خواجہ بزرگ کی خدمت میں حاضری کے لئے اجازت کی درخواست کرتے ہوئے معروضہ روانہ کیا۔ حضرت خواجہ بزرگ نے ارشاد فرمایا روحانی قُرب کے لئے مقام کی دوری کوئی رکاوٹ نہیں ہوسکتی۔ اسی جگہ مشغول رہنا چاہئے اور ہم بھی عالمِ اسباب میں تم تک پہنچیں گے۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء نے اس کے بعد دہلی کا ارادہ فرمایا اور اس شہر کے عوام وخواص کو اپنے گراں قدر فیض وانعام سے مالا مال فرمایا اور شیخ فرید مسعود گنج شکرؒ اسی زمانے میں خواجہ قطب الاولیاؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور گوشۂ تنہائی اور کنجِ بےنوائی میں معتکف رہے جب حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے نیاز سے مشرف ہوئے تو آپ نے فرمایا۔ بابا بختیار ایک ایسا شاہباز تیرے ہاتھ آیا ہے جو سدرۃ المنتہیٰ کے سوا اور کسی دوسری جگہ اپنا آشیانہ بنانے تیار نہیں۔ اور اسی جگہ دونوں بزرگوں نے باتفاق حضرت خواجہ مسعود شکر گنج کو حقائق و معرفت کے انعام سے فیض یاب فرمایا۔ پھر چند دنوں بعد جب خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ دار الخیر اجمیر کو واپس ہونے لگے تو حضرت خواجہ بختیارؒ (اپنے پیر سے) جدائی کی تاب نہ لاسکے اور اطاعت کا دامن تھامے ہوئے آپ کے ہمراہ سفر کی ہمت کرلی مگر ابھی نگاہوں سے دور بھی نہ ہوئے تھے کہ دردمند دل اور غمگین جان لئے ہوئے کثیر لوگوں کی ایک جماعت آپ کے پیچھے

گمار ند بوالعجب نیست ۔ بہر حال از بسیاری قال و مقال دم درکشیدن و مہر خموشی بر لب زدن بہتر از گفتن و بسیار گفتن است ۔ فردائے قیامت قریب ۔ و دیوانِ محشر و دادگری داورِ محشر موعود و متیقن است ۔ اینک زمان جزا و سزا بر سر و تلافی ستم و دادرسانی بے داد و جفا مقرر ۔ فلہٰذا از شکایتِ زمانہ و اربابِ زمانہ درگزشتہ نظر بر معدلت و تصفت منتقم حقیقی بر گماشتہ فارغ باشیم ۔

☆☆☆☆☆

15-1-2013

آ پہنچی اور بے حد خشوع وخضوع کے ساتھ خواجہ بختیار قطب الاولیاء کی خدمت میں التجا پیش کی کہ آپ دہلی ہی میں رہیں۔ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ نے یہ حال ملاحظہ فرمایا تو خواجہ قطب الاولیاء کو واپس فرمادیا اور دہلی میں قیام کی ہدایت فرمائی۔ خواجہ بختیار قطب الاولیاء غمگین دل اور اشکبار آنکھوں کے ساتھ دہلی واپس ہوگئے اور اربابِ سلوک کی تلقین وتدریس میں مشغول ہوگئے۔

ایک دن خواجہ (قطب الدینؒ) اس شعر پر بڑے خوش حال ہوگئے

کشتگانِ خنجر تسلیم را ہرزماں ازغیب جانِ دیگراست

تسلیم کے خنجر سے مرجانے والوں کو ہروقت غیب سے ایک دوسری زندگی ملتی ہے

اور چار دن کا عرصہ یوں ہی وجد اور استغراق کی حالت میں گذر گیا۔ یکایک اپنا سرِ مبارک، شیخ محمد عطا قاضی حمید الدین ناگوری کی گود میں رکھ دیا اور پاؤں مولانا شیخ بدرالدین غزنوی کے زانو پر دراز فرمادئے۔ آپ کے جمالِ باکمال سے قاضی محمد عطا کو قربِ وصال کا اشارہ مل رہا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا کہ امانت وارشاد کی حفاظت اور دستورِ خلافت کی بابت تردد ہے کہ کسے عطا فرمایا جائے۔ تو آپ نے فرمایا کہ وہ خرقہ، عصا، نعلین اور مصلّٰی جو حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ کے واسطے سے ہم تک پہنچا ہے وہ شیخ فریدالدین مسعودؒ کے سپرد کیا جائے۔ اس کے بعد کچھ نہ فرمایا اور اس دارِ فانی سے کوچ کرتے ہوئے اپنی جان جانِ آفریں کے حوالے کردی۔ قدس اروا حھم (پاک ہوں ان کی روحیں۔)

آپ کے بزرگ خلفاء کی تفصیل اس طرح ہے۔

خواجہ فرید مسعود۔ بدرالدین غزنوی۔ شیخ برہان الدین بلخی۔ سلطان شمس الدین التمش۔ مولانا فخرالدین حلوائی۔ شیخ احمد۔ شیخ حسین۔ شیخ فیروز۔ شیخ بدرالدین موتاب۔ شاہ خضر قلندر۔ شیخ نجم الدین قلندر۔ شیخ سعدالدین۔ شیخ محمود۔ مولانا محمد۔ مولانا سید۔ شیخ صوفی بڈھنی۔ شیخ ابوالقاسم۔ شیخ نظام الدین ابوالموید۔ شیخ تاج الدین منور۔ رحمۃ اللہ علیھم اجمعین۔

باب سوم

در تذکرہ اولاد روحانی حضرت خواجہ بزرگ قدس سرہ مشتمل است بر دو اصل و دو فرع

اصل اول۔ از

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہ

آں واقفِ اسرارِ حقیقت، آں سالکِ مسالکِ عرفان و معرفت، آں خازنِ خزینۂ صدق و صفا، قطب الکاملین، قطب الاولیاء قطب الاقطاب، خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہٗ اصل او از خاک پاک اوش است۔ در سال ہیزدہم از علوم صوری و معنوی بہرۂ کامل بدست آوردہ دولت اختصاص ارادت و تشریف خلافت از خدمت شیخ الاسلام معین الاولیاء حضرت خواجہ بزرگ دریافت او تلمیذ الرحمٰن بود وغیر آنکہ چشم را بحرف آشنا کند کلامِ الٰہی تا بہ پارۂ چہاردہم محفوظ دل و ملفوظ بر زبان می داشت۔ شرف بیعت در سال پنج صد و نود و ہفت و فضیلت خلافت در سن شش صد و بست۔

منقول است زمانیکہ خواجہ بختیار قطب الاولیا در مصر سعادت ملتان ورود فرمود۔ جنود چنگیزی بر نواحے پنجاب ہجوم آوردہ با ناصر الدین قباچہ در آویخت و بازارِ جدال و قتال را با نائیرہ تفنگ و بوارق تیغ گرمی ہنگامہ درداد۔ ناصر الدین قباچہ از یں چنیں دارو گیر ستوہ آمدہ استمداد ہمت از خواجہ بختیار قطب الاولیاء درخواست کرد۔ و خواجہ بختیار یک نوک تیر باو مرحمت فرمود۔ فاتحہ خیر گفتند۔ ناصر الدین قباچہ ایں عطیہ گرامی و بشارت بزرگ را فال فتح و ظفر پنداشتہ حملہ دلیرانہ و جرأت مردانہ بکار آورد۔ و ترکانِ چنگیزی تابِ مقاومت و مجالِ استقامت در خود ہا ندیدہ آئین اضطرار و مسلکِ فرار اختیار کردند۔

آوردہ اند کہ خواجہ بختیار از ملتان بدہلی آمد و موضع کیلوکہری کہ الحال در آنجا

خواجہ فریدالحق والدین مسعود گنج شکر قدس روحہٗ کا تذکرہ

سالکِ مسالکِ تفرید و توحید، مردِ میدانِ بزمِ توکل و تجرید، بدرالسالکین، شمس المجاہدین، قدوۃ العارفین، برہان الاولیاء، تاج الاصفیاء حضرت خواجہ فریدالحق والدین مسعود شکر گنج قدس سرہٗ۔ آپ کے والد بزرگوار سلطان شہاب الدین غوری کے دور میں کابل سے لاہور آئے اور ملا وجہہ الدین خجند کی دختر سے عقد فرمایا۔ آپ کا نسبِ پاک سترہ (۱۷) واسطوں سے سلطان ابراہیم بن ادھم تک جا پہنچتا ہے۔ حضرت خواجہ فرید کی ولادتِ باسعادت ۵۸۴ھ میں ہوئی۔ ایک مرتبہ جبکہ خواجہ بختیار قطب الاولیاءؒ ملتان میں آئے تو ایک مسجد میں خواجہ فرید کو ایک کتاب کے مطالعہ میں مشغول دیکھا۔ پوچھا کیا پڑھ رہے ہو۔ عرض کیا (کتاب) نافع ہے۔ فرمایا نفع بخش ہو جائے گی۔ اسی وقت خواجہ فرید مسعود نے اپنا روئے نیاز، آپ کے قدمِ پاک پر رکھ دیا اور آپ سے بیعت کر لی۔ پھر چند سال بعد دہلی آئے تو حضرت خواجہؒ قطب الاولیاء کی خدمت میں رہ کر ریاضت اور مراتبِ تصوف کے اکتساب کے بعد آپ سے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ جب کرامت کا چرچا اور ولایت کا شہرہ دنیا بھر میں ہوا تو اہلِ محبت جوق در جوق آپ کی خدمت میں جمع ہونے لگے۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ خواجہ فرید مسعودؒ ہجوم کی کثرت کے باعث گوشۂ تنہائی اختیار کرنے کے لئے ہانسی کی جانب روانہ ہو گئے اور وہاں اجودھن کے مقام پر قیام پذیر ہوئے۔ لیکن اس کے باوجود اربابِ فقر و فخر نے آپ کا پیچھا نہ چھوڑا۔ اس زمانہ میں قاضی شہاب الدین نامی ایک دنیا پرست اجودھن میں رہتا تھا۔ خواجہ فریدؒ کے حال و احوال سے جل کر وہ آگ بگولا ہو گیا اور اجودھن کے امراء و معززین کو مشتعل کرتے ہوئے خواجہ فرید مسعودؒ کو تکلیف پہنچانے کی ترغیب دینے لگا اور ملتان کے حاکم کے پاس خلافِ واقعہ مقدمات قائم کر کے خواجہ فرید مسعودؒ کے اخراج اور استیصال کے لئے درخواست پیش کر دی۔ لیکن ملتان کا حاکم جو حقیقتِ حال سے پوری طرح واقف تھا۔ اس نے مذکورہ قاضی پر اپنا عتاب و غضب نازل کیا۔

الحاصل جب قاضی مذکور کو شرمندگی اور رسوائی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا تو معقول معاوضہ

مقبرہ ہمایونست مقیم شد۔ محمد عطا قاضی حمید الدین ناگوری ودگر ہا از اربابِ یقین و سعادت دریافتند۔ وسلطانِ وقت ہم بطریق ارادت وانقیاد جبین نیاز بر سنگِ آستانہ می فرسود۔ وشرفِ حضوریِ خدمت را بہبودِ صوری ومعنوی پنداشتہ توسل عقیدت وارادت می افزود۔

نقل است کہ خواجہ بختیار قطب الاولیاء را در پنج سالگی خضر علیہ السلام بہ ملا ابوحفص نام سپرد کردہ در باب تعلیم وتعلم قدغنِ بلیغ فرمودہ بود۔ تا آنکہ خواجہ قطب الاولیاء اکتسابِ علومِ عقلیہ ونقلیہ فرمودہ از خدمتِ ملا ابوحفص رخصت شد۔ وبہ فسحت آباد بغداد رسید وبا شیخ شہاب الدین سہروردی وشیخ اوحد الدین کرمانی رحمۃ اللہ علیہ مراسمِ صوری وروابطِ معنوی افزودہ بعزمِ ہندوستان با شیخ جلال الدین تبریزی تا بہ ملتان رسیدند وبصحبت شیخ بہاء الدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ یک چند توقف ورزیدہ بہ دار السلطنت نزول مکرمت فرمود وزانجا بہ پیرایۂ عریضۂ ادب اجازت حضوریِ ملازمت از حضرت معین الاولیاء خواجہ بزرگ درخواست کرد۔ از حضرت خواجہ بزرگ ارشاد رفت کہ بُعدِ مکانِ عارض قربِ جان نیست۔ ہمونجا مشغول بودن شاید۔ وما ہم بعالمِ اسباب بہ شما خواہیم رسید۔

آوردہ اند کہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء بعد ازین عزیمت دہلی فرمود وبہ اہالی موالی آں دیار فیض وانعام عالی قدر مرام بخشید۔ وشیخ فرید مسعود گنج شکر ہمدر آں زمان حاضرِ خدمت خواجہ قطب الاولیاء بود۔ ودر گوشۂ تنہائی وکنجِ بے نوائی اعتکاف داشت۔ چوں بملازمت لازم الاطاعۃ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء مشرف گردید۔ فرمودند۔ بابا بختیار شہبازی بدست آوردۂ کہ غیر از سدرۃ المنتہیٰ بجائے دگر آشیانہ نہ بندد۔ وہمدریں محل باتفاق ہر دو خدیو بزرگ انعام حقائق ومعرفت بہ حضرت خواجہ مسعود شکر گنج مفوض شد۔ پس از ایامِ چند خواجہ بزرگ معین الاولیاء بصوب دار الخیر اجمیر معاودت فرمود۔ وحضرت خواجہ بختیار ہم تابِ مفارقت نہ آوردہ غاشیۂ اطاعتِ سفر بر دوشِ ہمت برداشت۔ ہنوز دور از نظر رفتہ

دے کر ایک قلندر کو مقرر کیا تا کہ خواجہ فریدؒ کو تکلیف پہنچائے۔ ایک دن جبکہ خواجہ فریدؒ اپنا دامن خدائے تعالیٰ کی بارگاہ میں پھیلائے ہوئے مناجات میں مشغول تھے تو ایک قلندر دروازے سے ہوتے ہوئے حجرہ میں داخل ہوا اور چاہتا تھا کہ خواجہؒ کو ضرر پہنچائے۔ خواجہؒ اپنے باطنی تصرف کے ذریعہ اس سے آگاہ ہو گئے اور اپنے ایک خادم کو حکم فرمایا کہ قلندر سے کہہ دو کہ وہ اس جگہ سے چلا جائے ورنہ دنیا میں رسوا ہو جائے گا۔ قلندر نے جب یہ بات سنی تو جیسے آیا تھا اسی طرح فرار ہو گیا۔

صاحبِ اخبار الاخیار فرماتے ہیں کہ خواجہ فریدؒ نے اپنے مجاہدہ کے شروع میں روزہ رکھنا طے کیا۔ ایک روز کوئی شخص افطار کے وقت کھانا لے آیا۔ خواجہ فریدؒ نے ابھی کھایا بھی نہ تھا کہ فارغ محسوس کرنے لگے۔ جب خواجہ قطب الاولیاء کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا تو آپ نے فرمایا۔ اے بابا فرید! رات کا کھانا حلال مال سے نہ تھا الحمدللہ کہ اس سے محفوظ رہے۔

صاحبِ ''تذکرۃ العاشقین'' نے نقل کیا ہے کہ ایک تاجر چند اونٹوں پر مصری اور شکر لئے ہوئے مُہار پکڑے دہلی کی طرف جانے لگا۔ جب اجودھن پہنچا تو خواجہ فریدؒ نے پوچھا کہ اونٹوں کی پیٹھ پر کیا وزن لے آیا ہے۔ اس نے کہا کہ نمک ہے۔ آپ نے فرمایا نمک ہی ہوگا۔ جب تاجر دہلی پہنچا اور تھیلے کھولے تو اندر سب نمک ہی نمک نکلا۔

خواجہ نظام الدین نظام الاولیاءؒ کی تالیف ''راحت القلوب'' میں نقل ہے کہ محمد یار نامی شخص جو خدمتگاروں سے تھا ایک روز مضطرو پریشان خدمت میں حاضر ہوا۔ جب حضرت خواجہ فرید مسعودؒ نے رنج و ملال کا سبب دریافت فرمایا تو التماس کرنے لگا کہ میرا بھائی بڑے حالِ زار میں ہے کہ وہ ایک مرض میں گرفتار ہے اور نزع کے قریب پہنچ چکا ہے اس لئے خدمت والا میں حاضر ہوا ہوں۔ آپ نے فرمایا خدا پر نظر رکھنا چاہیے۔ اب چلا جا اور تو یہ بھلائی دیکھے گا کہ تیرا بھائی قضائے معلق سے نجات پا جائے گا۔ اسی وقت محمد یار شاداں اور فرحاں واپس آیا تو دیکھا کہ زندگی سے مایوس بھائی نماز پڑھنے میں مصروف ہے۔

آپ کے مشہور خلفاء کی تفصیل اس طرح ہے

خواجہ نظام الاولیا، شیخ جمال الدین ہانسوی۔ شیخ علی احمد صابر۔ بدرالدین سلیمان۔ شیخ نظام الدین شہید۔ بدرالدین اسحاق۔ شیخ زین الدین۔ شیخ نجیب الدین متوکل۔ شیخ داؤد بالہی۔

بودند کہ جماعہ کثیر بادل ہائے دردمند و جانہائے مستمند در تعاقب رسیدند۔ و بہزار خشوع و خضوع سکونِ خواجہ بختیار قطب الاولیاء در دہلی التجا کرد۔ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء و برحسبِ حال نظر فرمودہ خواجہ قطب الاولیاء را وداع کرد۔ و بہ قیامِ دہلی دستورے داد۔ خواجہ بختیار قطب الاولیاء بادلِ اندوہ گیں و دیدۂ اشکبار برگشتند و در تلقین و تدریسِ اربابِ سلوک و سیر اشتغال فرمود۔

روزے خواجہ را بریں بیت وقت خوش بود۔ شعر

کشتگانِ خنجر تسلیم را

ہر زمان از غیب جانِ دیگر است

و مدت چار روز در حالتِ سکر و استغراق در گزشت۔ ناگاہ سرِ مبارک در آغوشِ شیخ محمد عطا قاضی حمید الدین ناگوری فراز کردہ قدمِ پاک بر زانوئے مولانا شیخ بدرالدین غزنوی دراز فرمودند۔ قاضی محمد عطا از جمالِ باکمال بشارتِ قرب و اشارتِ وصال در یافتہ استفسار کرد کہ در بابِ حفاظت امانت و ارشاد و در مقدمہ استقرار آئین جادہ خلافت تردد چیست؟ فرمودند کہ خرقہ و عصا و نعلین و مصلا کہ بواسطہ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء بما رسیدہ است بہ شیخ فرید الدین مسعود باید سپرد۔ و بعد ازیں ہیچ نکفت و محملِ زندگانی از اقامتِ دار فانی بر بست۔ قُدِّسَ اَرْوَاحُہٗ

تفصیل خلفاءِ بزرگش اینست

15-1-2013

خواجہ فرید مسعود۔ بدر الدین غزنوی، شیخ برہان الدین بلخی، سلطان شمس الدین التمش، مولانا فخر الدین حلوائی، شیخ احمد، شیخ حسین، شیخ فیروز، شیخ بدر الدین موتاب، شاہ خضر قلندر، شیخ نجم الدین قلندر، شیخ سعد الدین، شیخ محمود، مولانا محمد، مولانا سید، شیخ صوفی بڈھنی، شیخ ابو القاسم، شیخ نظام الدین ابو الموید، شیخ تاج الدین منور، رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

شیخ جلال الدین۔ شیخ رکن الدین۔ سید محمد کرمانی۔ شیخ منتخب الدین۔ شیخ برہان الدین غریب۔ شیخ یوسف۔ شیخ برہان الدین صوفی۔ شیخ محمد مکانی۔ شیخ شکرریز وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

خواجہ فریدؒ کی تاریخِ وفات ۶۶۴ھ ہجری لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ بدرالدین غزنوی چشتی

آپ حضرت قطب الاولیاء خواجہ بختیار کے خلیفہ ہیں۔ سماع کو بہت پسند کرتے تھے۔ ہمعصر بزرگ حضرات آپ کی عظمت اور بزرگی پر متفق تھے اور آپ خضر علیہ السلام کے ہم صحبت تھے۔ آپ کا مزار، قطب الاولیاء خواجہ بختیارؒ کے مزار کے پائین میں ہے۔

آپ کی تاریخِ وفات ۶۵۷ھ بتائی جاتی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ نظام الدین ابوالمویدؒ

آپ عبدالواحد غزنوی کے مرید ہیں۔ جب دہلی آئے تو خواجہ قطب الاولیاء کی خدمت میں حاضری و نیاز حاصل کرنے کا شرف حاصل کیا اور خرقۂ خلافت پہنا۔ شیخ جمال الدین کولوی آپ ہی کی اولاد سے ہیں۔ آپ کی تاریخِ وفات ۶۷۲ھ لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

قاضی حمیدالدین ناگوریؒ

آپ کا نام محمد بن عطا ہے آپ کا مقامِ ولادت بخارا، سکونت گاہ ناگور اور مدفن دہلی ہے۔ شروع میں ناگور کے قاضی تھے۔ بالآخر مجرد رہنے کو اختیار کیا اور بغداد جا کر شیخ شہاب الدین سہروردی کے مرید ہو گئے۔ آپ کو خواجہ بختیار قطب الاولیاءؒ سے مضبوط ارادت اور سچی محبت تھی اور آخر دم تک ارادت و محبت میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا اور خواجہ قطب الاولیا کی صحبت و نسبت کے فیض کی بدولت سماع کا بڑا شوق تھا اور اسے بہت پسند فرماتے تھے یہاں تک کہ چند علماءِ وقت آپ کے پیچھے پڑ گئے۔ محضر تیار کیا اور آپ کو ستانے پر کمر بستہ ہو گئے۔

قاضی حمیدالدینؒ کی بہت سی تصانیف ہیں ان میں سے کتاب "طوالع شموس" بہت شہرت رکھتی ہے۔ آپ کی تاریخِ وفات ۶۷۸ھ مذکور ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شاہ خضر رومیؒ

ذکر خواجہ فرید الحق والدین مسعود شکر گنج قدس روحہ

سالکِ مسالکِ تفرید وتوحید، مردِ میدانِ بزمِ توکل وتجرید، بدر السالکین، شمس المجاہدین، قدوۃ العارفین، برہان الاولیاء، تاج الاصفیاء حضرت خواجہ فرید الحق والدین مسعود شکر گنج قدس روحہ کہ پدرِ بزرگوارش بزمانِ سلطنت شہاب الدین غوری از کابل بہ لاہور آمدہ باد ختر ملا وجہ الدین خجند متاہل شد۔ نسبِ پاکش بہ ہفتدہ واسطہ بہ سلطان ابراہیم بن ادہم می رسد۔ ولادتِ با سعادت حضرت خواجہ فرید در سال پنج صد و ہشتاد و چہار بوقوع آمد۔ وقتیکہ خواجہ بختیار قطب الاولیاء بہ ملتان آمد خواجہ فرید را در مسجدے مشغول بہ کتاب دیدہ پرسید۔ چہ می خوانی؟ عرض کرد۔ نافع است۔ فرمود۔ نافع خواہد شد۔ ہماندم خواجہ فرید مسعود روئے نیاز بر قدمِ پاک نہادہ بیعت کرد۔ و پس از چند سال بدہلی آمد۔ و بعد زحمت کشیدن ریاضت واکتساب مراتبِ صفوت از ملازمت حضرت خواجہ قطب الاولیاء خرقۂ خلافت دریافت۔ چوں طنطنۂ کرامت وشہرتِ ولایتِ او در اقصائے عالم مشہور شد۔ جوق جوق اہلِ محبت جمع می آمدند۔ حتی کہ خواجہ فرید مسعود از ہجوم وکثرت منزل وحدت عزلت گرفتہ بسمت ہانسی آمد۔ وزانجا بہ اجودھن کلبۂ اقامت ورزید۔ باایںہمہ اربابِ فقر وفخر عقب نمی گذاشتند۔ درآں زمان قاضی شہاب الدین در اجودھن بود۔ ودنیا پرستی می کرد۔ بر حال واحوالِ خواجہ فرید وقوف یافتہ در نارۂ حسد گرم بسوخت۔ واعیان واشرافِ اجودھن را برانگیختہ بہ تکلیف خواجہ فرید مسعود ترغیب داد۔ واز حاکمِ ملتان باظہار مقدمات خلاف واقع برائے اخراج واستیصال خواجہ فرید مسعود درخواست کرد۔ اما حاکم ملتان کہ از حقیقتِ حال کَمَاھِیَ آگہی داشت قاضیِ مذکور را معتوب ومقہور فرمود۔

الحاصل چوں قاضیِ مذکور را غیر از خجلت وتشویر چیزے بدست نہ آمد بہ قبول صلۂ معقول قلندرے را بہ آزارِ خواجہ فرید مامور کرد۔ روزے کہ خواجہ فرید دامنِ ردا بر روئے خدا نما کشیدہ مشغول بحق بود۔ قلندرے از در درونِ حجرہ در

آپ قلندریہ مشرب رکھتے تھے بڑی کرامتوں اور خوارق والے بزرگ تھے۔ ہندوستان آئے تو خواجہ بختیار قطب الاولیاءؒ سے شرفِ نیاز حاصل کیا اور آپ سے کلاہ اور خرقہ پایا اور اپنے شہر کو واپس ہو گئے۔آپ کا سلسلہ قلندریہ چشتیہ مشہور ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ جمال الدین خطیب ہانسوی قدس اللہ سرہ العزیز

شاہبازِ لاہوت اور شیرِ دلیرِ جبروت، فرید العصر، فرید الاقطاب اور جمال الاولیاء شیخ جمال الدین خطیب ہانسوی قدس سرہٗ۔آپ کا سلسلۂ نسب امام ابو حنیفہؒ تک جا پہنچتا ہے۔آپ نے خواجہ فرید مسعودؒ سے خلافت حاصل کی۔جامع کمالات تھے۔ان کی محبت میں خواجہ فریدؒ بارہ سال تک ہانسی میں سکونت پذیر رہے اور فرمایا کرتے جمال تو ہمارا جمال ہے اور کبھی فرماتے۔ ’’اے جمال میری خواہش تو یہ ہے کہ تیرے سر کے اطراف چکر لگاؤں‘‘ اور جس کسی کو خواجہ شیخ فریدؒ خلافت دینا چاہتے تو آپ کے پاس بھیج دیتے۔اگر آپ پسند کرتے تو ٹھیک ہے۔اور اگر آپ رد کر دیتے تو خواجہ فرید بھی اسے قبول نہ فرماتے۔

ایک روز ایک شخص خواجہ فریدؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اس سے آپ نے دریافت کیا ہمارے جمال کا کیا حال ہے۔جواب ملا کہ جس دن اس نے آپ سے نسبت قائم کی ہے اس دن سے دنیا کا سامان اور خطابت کا مشغلہ ترک کر دیا ہے۔سخت محنت اور بڑی آزمائش سے دوچار ہے۔یہ سنتے ہی خواجہ فریدؒ مسرور ہوئے اور فرمایا الحمدللہ کہ خوش رہے گا۔وفات کے بعد انہیں لوگوں نے خواب میں دیکھا اور حال پوچھا تو انہوں نے کہا کہ جب مجھے قبر میں دفن کر دیا تو فرمانِ الٰہی پہنچا کہ نماز مغرب کے ساتھ دو رکعت صلوٰۃ البروج پڑھنے کے صلہ میں تجھے بخشتا ہوں۔

کہتے ہیں کہ چند دن بعد قبر پر گنبد تعمیر کرنے کی غرض سے جب بنیاد کو کھودنا شروع کیا گیا اور لحد کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ قبلہ کی طرف ایک حجرہ نمودار ہوا جس سے جنت کی پاکیزہ خوشبو آنے لگی۔اسی وقت لوگ وہاں سے دور ہو گئے اور دوبارہ ڈھک دیا۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ نجیب الدین متوکلؒ

آپ شیخ الکبیر خواجہ فرید مسعودؒ کے حقیقی بھائی اور خلیفہ ہیں۔صاحبِ حال و کمال

آمد۔ می خواست کہ بخواجہ آزار رساند۔ خواجہ بتصرفِ باطن آگاہ شد۔ بہ خادمے امر فرمود کہ بہ قلندر بگوئید کہ ازینجا برود۔ وگرنہ رسوائے جہان خواہد شد۔ قلندر چوں ایں سخن بشنید۔ بحالِ خود نماند۔ ورُو بہ فرار نہاد۔

فرمود صاحبِ اخبار الاخیار کہ خواجہ فرید را در آغاز مجاہدہ بروزۂ طے اتفاق افتاد۔ روزے کسے بوقتِ افطار طعام آورد۔ خواجہ فرید مسعود ہنوز تمام نخوردہ بود کہ استفراغ شد۔ چوں بامداد بملازمت خواجہ قطب الاولیاء مشرف شد۔ فرمود۔ بابا فرید! طعامِ شبینہ از مالِ حلال نبود۔ الحمد للہ کہ ازاں محفوظ داشتند۔

صاحبِ تذکرۃ العاشقین آوردہ است کہ تاجرے با چند مُہار شتر کہ محمول بہ نبات وشکر بودند بہ دہلی می رفت۔ چوں بہ اجودھن رسید خواجہ فرید پرسید کہ بر پشتِ شتراں چہ بار آوردۂ۔ گفت نمک است۔ فرمود نمک خواہد شد۔ چوں بہ دہلی رسید و بارہا بکشاد ہمہ نمک بود۔

از راحت القلوب مولفہ خواجہ نظام الدین نظام الاولیاء منقول است کہ روزے محمد یار نام کہ از یارانِ خدمت بود۔ ازبس سراسیمہ ومضطر بخدمت آمد۔ چوں حضرت خواجہ فرید مسعود وجہہِ ملال وموجبِ اضمحلال پرسید۔ التماس کرد کہ برادرِ من بحالِ زار باشتدادِ مرض گرفتار است و اورا ہمکنارِ نزع گزاشتہ بخدمت رسیدہ ام۔ فرمود۔ نظر بخدا باید داشت۔ اینک زود برو۔ و نیک ببیں کہ برادرت از قضائے معلق رستگاری یافت۔ ہماندم محمد یار شاداں وفرحاں بجائے خود آمد و برادر مایوس الحیات را مصروفِ [illegible] گریست۔

واز مشاہیر خلفایش تفصیل اینست

خواجہ نظام الاولیاء، شیخ جمال الدین ہانسوی، شیخ علی احمد صابر، بدر الدین سلیمان، شیخ نظام الدین شہید، بدر الدین اسحاق، شیخ زین الدین، شیخ نجیب الدین متوکل، شیخ داؤد بالٰہی، شیخ جلال الدین، شیخ رکن الدین، سید محمد کرمانی، شیخ منتخب الدین، شیخ برہان الدین غریب، شیخ یوسف، شیخ برہان الدین صوفی، شیخ محمد مکانی، شیخ شکر ریز وغیرہ۔ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِمْ

تھے۔ صاحبِ ''اخبار الاخیار'' فرماتے ہیں کہ عید کے دن درویش جمع ہوئے اور کچھ کھانا چاہتے تھے۔ شیخ کے گھر میں کچھ بھی نہ تھا۔ پانی کا پیالہ درویشوں کے سامنے پیش کر کے کہنے لگے کہ یہی کچھ ہے جو حاضر ہے۔ وہ درویش روشن ضمیر تھے۔ خوشی سے اس کوزے کو لے لیا اور پانی پی لیا۔ شیخ کی وفات ۶۷۱ھ ہجری میں مذکور ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ بدرالدین بن علی بن اسحاق بخاریؒ

آپ خواجہ فریدؒ کے بڑے اور بزرگ خلفا سے ہیں۔ ظاہری اور باطنی علوم سے آراستہ عالم تھے۔ ابتدا میں درویشوں کو ناپسند کرتے تھے لیکن حضرت خواجہ فرید نے اپنے تصرفِ باطن کے ذریعہ آپ کی جانب توجہ فرمائی۔ خرقہ وخلافت پائی اور مرتبہ کمال پر پہنچے۔ تاریخ وفات ۶۹۰ھ منقول ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ منتخب الدین چشتیؒ

آپ حضرت خواجہ فریدؒ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ کہا جاتا ہے کہ عالمِ غیب سے زرق برق خلعت ملا کرتی تھی اور آپ اس کی قیمت سے درویشوں کی ضروریات کی تکمیل کر دیتے تھے۔ ۶۹۵ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ سید محمد بن سید محمود کرمانیؒ

آپ حضرت خواجہ فرید مسعودؒ کے معتبر احباب وامراء میں سے تھے۔ پہلے تو تجارت کی غرض سے لاہور آئے اور پھر وہاں سے اجودھن گئے اور حضرت خواجہ فریدؒ کی قدمبوسی سے مشرف ہوئے۔ ۷۱۱ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

خواجہ علاءالدین بن خواجہ بدرالدین سلیمان

آپ (سید محمد کرمانی) ہی کے فرزندزادے اور صاحب سجادہ ہیں۔ مسند بزرگی وارشاد پر (۵۴) سال تک فائز رہے۔ زہد وتقویٰ میں زندگی گزاری۔ دنیا اور دنیا والوں سے کوئی تعلق نہ رکھتے تھے۔ آپ کی وفات ۷۲۰ھ ہجری لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

مولانا داؤد بالہیؒ

اَجْمَعِیْنَ۔

تاریخِ وفات خواجہ فرید درسن شش صدو شصت وچار ۶۶۴ھ مرقوم است

شیخ بدرالدین غزنوی چشتی

خلیفہ حضرت قطب الاولیاء خواجہ بختیار است۔ بہ سماع رغبتِ تمام داشت۔ بزرگانِ ہم عصر برعظمت و مشیختِ او متفق بودند۔ واو ہم صحبتِ خضر علیہ السلام بود۔ مرقدِ او پائیں مزار قطب الاولیاء خواجہ بختیار است۔

ودرسال شش صدو پنجاہ و ہفت ۶۵۷ھ تاریخِ وفاتِ او منقول است۔

شیخ نظام الدین ابوالموید

مرید شیخ عبدالواحد غزنوی است۔ چوں بہ دہلی آمد۔ بشرف ملازمت خواجہ قطب الاولیاء کارِ خود بجائے رسانید۔ وخرقۂ خلافت پوشید۔ شیخ جمال الدین کولوی از اولادِ اوست۔ تاریخِ وفاتِ او درسال شش صدو ہفتاد ودو ۶۷۲ھ رقم نمودہ اند۔

قاضی حمیدالدین ناگوری

نامِ او محمد بن عطا است مولدِ او بخارا و منشاء او ناگور و مدفنِ او دہلی است۔ درآغاز قاضیِ ناگور بود۔ بالآخر در تجرید وتفرید پرداخت و در بغداد رفتہ از شیخ شہاب الدین سہروردی مرید شد۔ اورا بخدمت خواجہ بختیار قطب الاولیا ارادت واثق ومحبت صادق بود۔ وتا بدمِ واپسیں در ارادت ومحبت دقیقہ فرو نگذاشت۔ و بہ فیضِ صحبت ونسبت خواجہ قطب الاولیا را در سماع غلوءِ تمام بود و بسیار دوست می داشت۔ تا آنکہ علماءِ وقت دنبالش گرفتند۔ ومحضر ساختند۔ و بہ آزار کمر بربستند۔

قاضی حمیدالدین را تصنیفات بسیار است۔ ازانجملہ کتاب ''طوالع شموس'' شہرتِ تمام دارد۔ تاریخِ وفاتِ او درسال شش صدو ہفتاد وہشت ۶۷۸ھ مذکور است۔

شاہ خضر رومی

آپ نے رودلی کے اطراف واکناف میں سکونت اختیار کی اور آپ کی ارادت و بیعت حضرت خواجہ فرید مسعود سے مصدقہ ہے۔ خواجہ نظام الدین محبوب الاولیاءؒ آپ کا بہت ذکر فرمایا کرتے اور فرماتے کہ وہ صاحبِ کمال ومحبت تھے۔ رحمۃ اللہ علیہ

☆☆☆

پہلی شاخ

صدر آرائے بزم عرفان ومعرفت، مہرِ سپہرِ فضائل وعظمت، تاجدارِ کشورِ حقیقت، ہادیِ مراحل ومنازلِ ہیبت والوہیت، شاہد المشھودین، منظور الناظرین، نظام العرفا، نظام الاولیاء سلطان المشائخ **خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی قدس اللہ سرہٗ العزیز** کے ذریعہ پہلی شاخ جاری ہے۔ جو خواجہ فرید مسعود کے خلیفۂ برحق ہیں۔

ابتدا ہی سے دل میں آتشِ عشق اور سر میں سودائے محبت رکھتے تھے حتیٰ کہ شیخ نجیب الدین متوکل کی معرفت اور توسل سے خواجہ فرید مسعودؒ کی خدمت میں حاضری و نیاز کا شرف حاصل ہوا اور جیسے ہی شیخِ کبیر خواجہ فرید مسعودؒ کی قدمبوسی کی سعادت حاصل ہوئی اور آپ کے جمالِ جمیل پر ایک نگاہِ شوق ڈالی تو از خود رفتہ ہوگئے پھر عمرِ عزیز اور سعیِ تمام جو عقلی ونقلی علوم حاصل کرنے میں صرف کی تھی اس کا ثمرہ یہ نصیب ہوا کہ پلک جھپکنے میں جلوۂ مشہودِ وجود کا نظارہ کرلیا نیز ذوقِ تازہ اور حلاوتِ بے اندازہ حاصل کرلیا۔ قضا کے منصب کا خیال جو علمِ ظاہر کا مقتضا اور دانشمندی کا منشاء تھا چھوڑ دیا اور مذبذب تھے کہ حضرت خواجہ فرید مسعود سے اپنا کچھ حال واحوال عرض کریں کہ یکایک خواجہ فریدؒ نے ان کی جانب توجہ فرمائی اور حضرت خواجہ فریدؒ کی زبان حقائق بیان پر جو پہلی بات آئی وہ یہ تھی ۔

اے آتشِ فراقت دلہا کباب کردہ　　سیلابِ اشتیاقت جانہا خراب کردہ

یعنی تیری جدائی کی آگ نے کتنے دلوں کو جلا کر کباب کردیا　　اور تیرے اشتیاق کے سیلاب نے کتنی جانوں کو خراب کردیا۔

مشربِ قلندریہ داشت۔ صاحبِ کرامتِ عظمیٰ وخوارقِ کبریٰ بود۔ چوں بہ ہندوستان آمد بملازمت خواجہ بختیار قطب الاولیاء مشرف شد۔ وکلاہ وخرقہ دریافت۔ وبولایت معاودت فرمود۔ سلسلۂ اوقلندریہ چشتیہ مشہوراست۔

شیخ جمال الدین خطیب ہانسوی قَدَّسَ اللّٰہُ سِرَّہُ الْعَزِیْز

شاہبازِ عرصۂ لاہوت، شیرِ دلیر پیشہ بیشۂ جبروت، فرید العصر، فرید الاقطاب، جمال الاولیا شیخ جمال الدین خطیب ہانسوی قدس سرہ کہ سلسلۂ نسبِ او بہ امام ابوحنیفہ می رسد وخلافت از حضرت خواجہ فرید مسعود۔ جامعِ کمالات بود۔ خواجہ فرید بتقاضائے محبتِ او دوازدہ سال در ہانسی سکونت داشت۔ ومی فرمود۔ جمال، جمالِ ماست۔ وگاہ می فرمود۔ جمال می خواہم کہ بہ گردِ سرت بگردم۔ وہرکرا خواجہ شیخ فرید خلافت می داد۔ باومی فرستاد اگراوقبول می کرد۔ درست می بود۔ اگراورَدمی کرد، باز خواجہ فرید قبول نمی فرمود۔

روزے شخصے بخدمتِ خواجہ فرید آمد۔ ازو پرسید۔ جمالِ ماچہ حال دارد۔ جواب داد کہ ازاں روز کہ بشما نسبت درست کردہ است، اسبابِ دنیا وشغلِ خطابت ترک داد۔ ومحنتِ سقیم وبلائے عظیم می کشد۔ باستماعِ ایں معنی خواجہ فرید مسرورشد۔ وفرمود۔ الحمدللہ کہ خوش می باشد۔ وے رابعد وفات درواقعہ دیدندو حال پرسیدند۔ گفت چوں مرادرگور کردند۔ فرمان رسید کہ بصلۂ دورکعت صلوٰۃ البروج متصل نمازِ شام بخشیدم۔

15-1-2013

آوردہ اند کہ بعد چندگاہ بنظر بنیادقبہ بالائے قبرِ آں کاویدن آغاز کردند۔ چوں بہ نزدیک لحدرسیدند۔ سمت قبلہ غرفہ نمودارشد۔ وبوئے لطیف ورائحۂ بہشت یافتند۔ ہماں ساعت ازانجادورشدندوباز پوشیدند۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ نجیب الدین متوکل

برادرِ حقیقی وخلیفہ شیخ الکبیر خواجہ فرید مسعوداست۔ صاحبِ حال وکمال بود۔

حضرت سلطان المشائخ خرقہ خلافت پہنائے جانے کے بعد دہلی آئے اور غیاث پور میں سکونت اختیار کی۔ ہزاروں کی تعداد میں خلائق کا ہجوم جمع ہونے لگا تو دل میں نقل مقام کا خیال ہوا اس لئے کہ عوام کی کثرت، خلوت خاص میں رکاوٹ کا باعث ہو رہی تھی یکا یک مردانِ غیب سے ایک جوان نمودار ہوا اور سلطان المشائخ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا۔

آنگہ کہ تو مہ شدی نمی دانستی　　　انگشت نمائے عالمے خواہی شد

جس وقت تو چاند ہوا تو کیا تو نہیں جانتا تھا　　　کہ دنیا تیری طرف انگلی اٹھائے گی۔

یہ بھی ارشاد فرمایا کہ مرد اور مردانگی کا تقاضا تو یہ ہے کہ خلوت میں انجمن اور انجمن میں خلوت ہو۔ سلطان المشائخ فرماتے ہیں اس دن سے جگہ منتقل کرنے کا میرا ارادہ دل سے جاتا رہا اور اسی جگہ خلق کی ہدایت اور حق کی عبادت میں مشغول ہو گیا۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' فرماتے ہیں کہ علاء الدین خلجی نے جب دارِ فانی سے منزلِ بقا کا سفر اختیار کیا اور دہلی کا تخت سلطان قطب الدین کے تصرف میں آیا اور خضر خاں کو قتل کر دیا گیا جو سلطان المشائخ کا معتقد و مرید تھا تو بادشاہ نے سلطان المشائخ کے درپے آزار ہونے میں مقدور بھر کوشش کی۔

ایک روز اپنے مشیروں میں شامل قاضی محمد غزنوی سے اس نے پوچھا کہ اس قدر کثیر روپیہ اور خطیر سرمایہ شیخ کے پاس کہاں سے آتا ہے۔ قاضی مذکور جس کے نصیب میں ہمیشہ کی گمراہی لکھی تھی اس نے جواب دیا کہ بادشاہ کے متوسلین اور خدا آگاہ متوکلین اپنے اپنے مراتب کے مطابق نذور و نیاز پیش کرتے ہیں۔ یہ سنتے ہی سلطان قطب الدین آپے سے باہر ہو گیا اور رشک کی آگ میں جل کر یہ اعلان کر دیا کہ جو کوئی سلطان المشائخ کو تحائف پیش کرنے کی ہمت کرے گا وہ دولتِ شاہی سے محروم کر دیا جائے گا

لیکن جب اس واقعہ کی اطلاع سلطان المشائخ کے کان تک پہنچی تو خواجہ اقبال نامی خادم جو انکے اوقاف کا متولی تھا اسے حکم فرمایا کہ آج سے ہم نے باورچی خانہ کے اخراجات دو گنے کر دیئے ہیں۔ جب بھی ضرورت ہو اسمِ ذات زبان پر لائیں اور دستِ طلب، طاق کے گوشہ پر ماریں، بقدرِ ضرورت اٹھالیں۔ خواجہ اقبال نے ایسا ہی عمل کیا۔ اس کی اطلاع پا کر بادشاہ بے حد نادم اور شرمندہ

صاحبِ اخبار الاخیار می فرماید کہ بروزِ عید درویشاں جمع آمدند و ما حضر خواستند۔ در خانۂ شیخ چیزے نبود۔ کوزۂ آب پیشِ درویشاں آورد و گفت کہ ما حضر ہمین است۔ درویشانِ روشن ضمیر بطیبِ خاطر کوزۂ آب گرفتند۔ و آب نوشیدند۔ وفاتِ شیخ در سالِ شش صد و ہفتاد و یک ۶۷۱ھ ہجری مذکور است۔

شیخ بدرالدین بن علی بن اسحاق بخاری

از اعاظمِ خلفائے خواجہ فرید است۔ عالمِ علومِ صوری و معنوی بود۔ در آغاز با درویشان انکار داشت۔ اما بتصرفِ باطن حضرت خواجہ فرید متوجہ شدہ خرقہ و خلافت یافت۔ و بمرتبۂ کمال رسید۔ تاریخِ وفات شش صد و نود ۶۹۰ھ منقول است۔

شیخ منتخب الدین چشتی

ارادت و خلافت از حضرت خواجہ فرید داشت۔ منقول است کہ از عالمِ غیب دو تا خلعت زرنگار باو می رسید و او از قیمتِ آں بہ ما یحتاج درویشان می پرداخت۔ در سن شش صد و نود و پنج ۶۹۵ھ وفات یافت۔

شیخ سید محمد بن سید محمود کرمانی

از عمائد احباب و اعیان اصحاب خواجہ فرید مسعود است۔ اول بتقریبِ تجارت بہ لاہور آمد۔ و زانجا باجودھن بہ پابوس حضرت خواجہ فرید مشرف شد۔ در سال ہفت صد و یازدہ ۷۱۱ھ فوت شد۔

15-1-2013

خواجہ علاءالدین بن خواجہ بدرالدین سلیمان

نبیرہ و صاحبِ سجادۂ جدِّ خود است۔ تا مدت پنجاہ و چار سال بر مسندِ مشیخت و ارشاد متمکن بود۔ و بزہد و ورع زندگی می کرد۔ باسباب و اربابِ دنیا سروکار نداشت۔ تاریخِ وفات در سال ہفت صد و بست ۷۲۰ھ مرقوم است۔

ہوا۔ ایک شخص کو حضرت سلطان المشائخ کے پاس بھیجا اور تشریف لانے کی خواہش کی۔ سلطان المشائخ نے جواب میں فرمایا کہ بادشاہوں کے ایوان کی حاضری درویش کے شایاں ہرگز نہیں۔

نقل ہے کہ اس جواب سے بادشاہ کے دل میں بغض و کینہ مزید بڑھ گیا اور وہ سلطان المشائخ کو طلب کرنے پر زیادہ اصرار اور ضد کرنے لگا۔ ایک روز جبکہ دہلی کے تمام مشائخ واکابر، شیخ ضیاء الدین رومی کے مقبرہ میں رسمِ فاتحہ ادا کرنے جمع ہوئے تھے اور سلطان قطب الدین بھی خود بیٹھا تلاوتِ قرآن کررہا تھا اسی وقت حضرت سلطان المشائخ تشریف لائے۔ سوائے سلطان کے جو قرآن پڑھ رہا تھا تمام لوگ تعظیم و تکریم سے پیش آئے۔ اس طرح کی عظمت و شان کو دیکھ کر بادشاہ کے دل میں ناحق اندیشہ پیدا ہوا۔ وہاں جمع تمام اکابر وامراء دنیا کے ذریعہ حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں درخواست کی کہ بادشاہ سے ملاقات کے لئے ہر روز یا پھر کم از کم ہر مہینہ کے آغاز پر ایک بار تکلیف فرمایا کریں۔ سلطان المشائخ نے جواب دینے میں کسی التفات کا اظہار نہ کیا اور نہ کچھ فرمایا لیکن وقت کے منتظر لوگوں نے جو شر و فساد کی کمین گاہ میں تھے اس قضیہ کو اُلٹا رنگ دے دیا۔ ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو شیخ کی آمد مقرر کرکے بادشاہ کے دل کو مطمئن کردیا۔ اس مسئلہ کی شہرت کا علم ہوا تو خواجہ وحید قرشی اور اعزاز الدین علی دونوں حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بادشاہ کے پاس جانے کے بارے میں استفسار کیا۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے پیروں کے طریقے کے خلاف ہرگز نہیں ہوگا اور سلطان اپنے ارادے میں ناکام رہے گا۔ اس کے بعد فرمایا کہ رات میں میں نے یہ خواب دیکھا کہ ایک چبوترہ کے اوپر بیٹھا ہوا ہوں اور ایک گائے اپنی دراز سینگ سے مجھے مارنے کی کوشش کررہی ہے۔ تو فوراً میں اس جگہ سے اٹھ گیا اور اس کی دونوں سینگیں اپنے ہاتھ میں پکڑ کر زور سے جھٹکا دیا تو گائے اسی وقت زمین پر گر پڑی اور ہلاک ہوگئی۔ کہتے ہیں کہ جیسے ہی مہینہ کی پہلی تاریخ آئی سلطان المشائخ نے بادشاہ سے ملاقات کی زحمت نہیں فرمائی اور اسی رات خسرو خاں کے اشارہ پر مغل نسل کے ایک شخص نے سلطان قطب الدین کو قتل کردیا۔

کہتے ہیں کہ سلطان المشائخ شادی شدہ نہیں تھے جب آپ کی عمر شریف اکیانوے (۹۱) سال کو پہنچی تو بول و براز بند ہوجانے کے عارضوں میں مبتلا ہوئے اور مرض شروع ہونے کے آٹھویں

مولانا داؤد بالٰہی

درنواحِ ردولی سکونت داشت۔ وارادت وبیعتِ او با حضرت خواجہ فرید مسعود صادق است۔ خواجہ نظام الدین محبوب الاولیا ذکرِ او بسیار می کردومی فرمود کہ صاحبِ کمال ومحبت بود۔ رحمۃ اللہ علیہ

☆☆☆

فرعِ اول

از حضرت سلطان المشائخ، صدر آرائے بزمِ عرفان ومعرفت، مہرِ سپہرِ فضائل و عظمت، تاجدارِ کشورِ حقیقت، ہادیِ مراحل ومنازلِ ہیبت والوہیت، شاہدالمشہودین، منظورالناظرین، نظام العرفا، نظام الاولیا، سلطان المشائخ **خواجہ نظام الدین محبوبِ الٰہی قدس اللہ سرہ العزیز**۔ خلیفہ برحق خواجہ فرید مسعود است۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' آوردہ کہ شیخ محمد میناولی مادرزاد بود۔ چوں بعمر پنج سالہ اورا در دبستاں بنشاندند۔ واستاد بگفتن بسم اللہ اشارت کرد۔ بفور بخواند۔ چوں گفتند کہ بگو الف۔ گفت کہ الف۔ باز گفتند بگو ب۔ در جواب گفت کہ چوں الف گفتم بہ گفتن ب حاجت ندارم۔ وہمدریں محل چند معاِ حقائق بر زبان آورد۔

منقول است کہ او بہ ترک وتجرد غلوِ بسیار داشت۔ واہل وعیال نخواست۔ شب ہا بر سرِ دیوار نشستہ عبادت می کرد۔ تا از غلبۂ نوم محفوظ ماند۔ وبر سطحِ فرش خار وخسک گستردہ منتظر می نشست۔ ودر موسمِ زمستان پیرہن تن در آبِ سرد تر کردہ در صحنِ خانقاہ بے سایۂ سائبان وسقف مراقب ومشغول می گشت۔ القصہ دردمند ودرد طلب بود۔ گاہے براحت واستراحت نیاسود۔ وفاتِ او در سال ہشت صد وہفتاد ۸۷۰ھ منقول است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ رفعت الدین

پسرِ بزرگ شیخ نور قطب عالم بنگالی است۔ از بس بزرگ وصاحبِ حال بود۔ او می گفت کہ واللہ! من از سگِ بازار کمترم ومدام بتوکل وعسرت زندگی می کرد۔ واز اہلِ دنیا نفرتِ کلّی داشت۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

15-1-2013

شیخ انور

پسرِ خُرد شیخ نور قطبِ عالم بنگالی است۔ در حالتِ گدایانہ بہ سخاوت شہرتِ تمام داشت۔ گوسفندان را می پرورد۔ وبزمانِ فربہی ذبح کردہ بذلِ فقرا می کرد۔ وخود از گوشتِ آں چیزے نمی خورد۔ روزے شیخ حسام الدین از وے پرسید کہ مخدوم زادہ! عشق چہ باشد؟ فرمود۔ مردانِ حق

انہیں نوازیں۔اے دانیال یہ حقیقت آشکار کردو کہ حضرت خواجہ خضر ہی (میری) دنیا ہیں۔

مخفی نہ رہے کہ اکبر شاہ بادشاہ کا بیٹا شاہزادہ دانیال خود شیخ دانیال کے گھر میں پیدا ہوا تھا۔ اور بادشاہ نے اپنے بیٹے کا نام شیخ کے نام کے ساتھ نسبت دے کر مشہور کر دیا اور شیخ دانیال نے اکبر شاہ کی تخت نشینی کے سترھویں سال جو شاہزادہ دانیال کی پیدائش کا زمانہ تھا اجمیر میں سکونت اختیار کی اور شاہزادہ کی پیدائش کے بعد کئی سال تک حیات رہے۔ اور بالآخر ۹۹۹ھ ہجری میں وفات پائی۔

شیخ دانیال کا تعلق اجمیر سے نہیں تھا مگر خواجہ بزرگ (حضرت غریب نوازؒ) سے روحانی محبت کے غلبہ کے سبب انھوں نے اجمیر میں زیادہ قیام کیا۔ اور حضرت خواجہ بزرگؒ کے آستانۂ عالیہ کے قرب میں مشرقی جانب سکونت فرمائی۔ اور اس زمانے میں جبکہ بادشاہ کی ملکہ کا ناگور کے سفر کی زحمت کی وجہ سے اور وضعِ حمل کا زمانہ قریب دیکھتے ہوئے بادشاہ کے حکم سے اجمیر میں قیام ضروری ہو گیا۔شاندار محل اور وسیع مکان شیخ کے حجرہ کے برابر شیخ کی ہمسائیگی کے پیشِ نظر بنایا گیا۔جس کا مقصد خیر و برکت کے سوا کچھ اور نہ تھا۔ اور اسے نومولودِ مسعود (شہزادہ) کے لئے خاص طور پر بنایا گیا۔ وہ رفیع الشان عمارت ابھی تک باقی ہے۔ اور حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کے مجاورین نے اپنی لاعلمی اور حالات سے ناواقفیت کے باعث شیخ دانیال کو اپنے اجداد سے قرار دیا ہے۔شیخ کے مکان میں شاہزادہ کی ولادت کو اپنے لئے موجبِ اعتبار و اعزاز سمجھا جو فاش غلطی اور تحقیقی قصور ہے۔ان لوگوں کی اس شیخی اور ڈینگ پر توجہ ہرگز نہ دینا چاہیے۔ ملاقیط کی کتاب میں شیخ دانیال کے پیرانِ طریقت کا سلسلہ واضح طور پر اس طرح متصل ہے۔ شیخ دانیال مرید راجی حامد شاہ خلیفہ شیخ حسام الدین مانکپوری خلیفہ شیخ نور قطبِ عالم بنگالی خلیفہ شیخ علاء الحق بنگالی خلیفہ شیخ عثمان اخی سراج خلیفہ حضرت شیخ نظام الدین سلطان المشائخ۔قدس اللہ اسرارہم

شیخ حسن طاہرؒ

آپ حامد شاہ کے خلیفہ تھے۔اور سید نور بن حامد شاہ کی خدمت سے بھی فیوض حاصل کئے اور ابتداء ہی سے دردمندی اور درد طلبی آپ کا شعار رہا اور مشائخ و فقرا کی صحبت میں زیادہ رہے۔ راجی حامد شاہ کی مشیخت کی شہرت سن کر خدمت میں حاضر ہوئے اور سلسلۂ ارادت سے

چشم فراز کردہ می بیند کہ دوست می آید یا پیامِ دوست۔ وگرنہ بکشودنِ چشم چہ حاجت است؟

شیخ محمود راجن قدّس اللہ سرّہٗ

خلیفۂ پدرِ بزرگوارِ خود یعنی خواجہ علم الحق والدین است۔ وصاحبِ سلسلۂ سہروردیہ وشطاریہ بود۔ ونیز بیک واسطہ سلسلۂ خلافتِ وے بحضرتِ خواجہ گیسو درازمی رسد۔ ونیز از جاہا فیضہا دریافت۔ صاحبِ مقامِ عالی بود۔ بریاضت و ورع فقید المثال وفقر وفاقہ رابسیار دوست داشت۔ واز صحبتِ امرا واغنیا نفور بود۔ شبہا بعبادت ومشغولی بسر می برد۔ واز غایتِ بیداری ومشغولی چشمانِ او غیرتِ گلنار بودند۔ واز جمالِ او عالم مستی مینائے وحدت وحقیقت ظاہر وباہر بود۔ جمعے اربابِ دین واصحابِ یقین بذیل تلقین وارشادِ او بمقامِ حق رسیدند۔ وفاتِ او درسال نہ صد سنہ ۹۰۰ مرقوم است۔

راجی حامد شاہ چشتی

خلیفہ شیخ حسام الدین مانکپوری است۔ بزرگ وصاحب نسبتِ درست بود۔ درزمانِ سلطان شمس الدین التمش جدِ بزرگوارش سید شہاب الدین از گردیز آمدہ سکونتِ دہلی اختیار کرد۔

آوردہ اند کہ راجی حامد شہ دراوائل وضعِ سپاہیانہ داشت۔ وآخر بصحبتِ شیخ حسام الدین مانکپوری پیوست۔ واز جملہ اصفیاء عزمانہ گردید۔ بہ علمِ ظاہر بقدر ما یحتاج معرفت داشت۔ اما عالمانِ دین واربابِ یقین در دائرۂ ارادت وحلقۂ اطاعتِ او بودند۔ وفاتِ او درسال نہ صد ویک سنہ ۹۰۱ مرقوم است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

راجی سید نور

فرزندِ رشید حامد شاہ راجی است۔ بسیار بزرگ وصاحبِ حال وکریم النفس بود۔ ومدت العمر بعبادت وریاضتِ شاقہ گزرانید۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

وابستہ ہو گئے اور سلطان سکندر کے طلب کرنے پر جونپور سے دہلی آئے اور وہیں سکونت اختیار کی۔اور زندگی بڑی عبادت ریاضت میں بسر کی۔ایک عالم کو منزلِ حق کی جانب رہنمائی فرمائی۔ آپ کی وفات کا سال ۹۰۹ھ ہجری لکھا ہے۔رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مولانا الہ داد چشتی جونپوریؒ

آپ عالمِ باعمل اور فقیہِ بے مثل تھے۔ ہدایہ، کافیہ اور مدارک کی شرح فرمائی۔ بیعت و خلافت کا شرف راجی حامد شاہ سے پایا۔منقول ہے کہ مولانا شیخ طاہر آپ سے گہری محبت رکھتے تھے اور آپ کے ہمدرد احباب سے تھے۔ایک روز مولانا الہ داد نے راجی احمد شاہ کی بیعت کے بارے میں طنز کے طور پر بہت سی باتیں کہیں۔ شیخ حسن نے کہا آپ حضرت راجی حامد شاہ کی صحبت سے اٹھ کر سلامت واپس آ ئیے۔ یقیناً تمہاری باتیں کہنے اور سننے کے لائق خیال کی جاسکتی ہیں۔

الحاصل مولانا الہ داد، مولانا حسن کے ساتھ راجی حامد شاہ کی خدمت میں پہنچے اور چند ایسے مسائل پیش کئے کہ جن کا حل مشکل تھا۔ راجی حامد شاہ نے مولانا کے منصوبہ کو بیان کیا اور اجمال کے ساتھ بہترین انداز میں تفصیل بیان کرتے ہوئے مشکل کو آسان فرمادیا۔اسی وقت مولانا الہ داد نے آپ کے قدم پر اپنا سر رکھ دیا اور بیعت کرلی۔ پھر ریاضت اور مجاہدہ کی جانب خوب توجہ کی۔آپ کی وفات کا سال ۹۲۳ھ ہجری لکھا ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ محمد حسنؒ پسر شیخ حسن طاہرؒ

آپ علوم ظاہری و باطنی کے جامع تھے اور مشائخ میں نسبت و جمال کی ایک علامت تھے۔جس وقت اپنے حجرۂ خلوت سے مشیخت کے لئے جلوہ افروز ہوتے تو ہر وہ شخص جو آپ کے چہرہ پر نظر ڈالتا، اللہ اکبر کہتا۔حیرت اور محویت میں غرق رہتے۔آپ سلسلۂ قادریہ میں بھی اجازت رکھتے تھے۔مدینۂ نبوی میں کئی سال گذارے۔ ہمیشہ شام کے وقت تک انتظار کی زحمت اٹھاتے اور نمازِ عشاء کے بعد حجرہ کے اندر جاکر معبودِ حقیقی کی عبادت میں رہا کرتے۔آپ کی وفات کا سال ۹۴۴ھ ہجری لکھا ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شاہ سیدو

خلیفہ شیخ حسام الدین مانکپوری است۔ بہ اوائل صاحبِ دولت وثروت بود۔ و آخر بہ ترکِ مال و منال پرداختہ در خدمتِ شیخ پیوست۔ و بعد تکمیل خرقۂ خلافت یافت۔ آوردہ اند کہ اورا باز نے تعلقِ محبت بود۔ واو ہم ترکِ ہوسِ دنیا کردہ بہ فقر و توکل قناعت کرد۔ وفاتِ او در سال نہ صدوسی وسہ ۹۳۳ھ مرقوم است۔

شیخ بہاء الدین جونپوری

از مشاہیرِ مشائخِ آں دیار است۔ خلیفۂ شیخ عیسیٰ است۔ در منزلِ تجرد پائے استوار داشت۔ وبعبادت وریاضت گزرانید۔ وخلافتِ او از حضرت راجی حامد شہ ہم متیقن ومعتبر است۔ وفاتِ او در سال نہ صدو چہل و ہفت ۹۴۷ھ مرقوم است

شیخ دانیال چشتی

مرید وخلیفہ راجی حامد شہ بود۔ وصحبت دار حضرت خضر علیہ السلام۔ وفیض باطن از روحانیتِ حضرت خواجۂ بزرگ معین الحق والاولیا حاصل می کرد۔ و بہ ثبوت پیوستہ کہ حضرت خواجہ بزرگ اورا باشارۂ باطن بخضر علیہ السلام حوالہ کرد۔ وایں ابیاتِ ہندی در معارج الولایت وشرح الحروف العالیات ازو مذکور است۔

جگ جگ عمر جو حضرت خواجے
حضرت رسول کریم نواجے
15-1-2013
دانیال جو پڑھت کنیاں
حضرت خواجہ خضر ہست دنیا

مخفی مباد کہ شاہزادہ دانیال بن اکبر شاہ بادشاہ در خانہ ہمیں شیخ دانیال متولد شدہ بود۔ و بادشاہ بہ ہمنامیِ شیخ پسرِ خود را معروف کرد۔ وشیخ دانیال در سال ہفت دہم جلوس اکبر شاہ کہ زمانۂ تولد شاہزادہ دانیال است در اجمیر سکونت داشت۔ و بعد تولید شاہزادہ سالہا در صدرِ حیات بود۔ وآخر بسال نہ

شیخ عبدالرزاق جھنجانہؒ

آپ شیخ محمد حسن طاہر کے مرید و خلیفہ تھے صاحبِ کشف و کرامات اور حاملِ خوارقِ عادات تھے۔ اہلِ بیتِ نبوت اور ائمۂ رسالت کی نسبت پر کامل اعتقاد رکھتے تھے۔ آپ کا شیخ امان پانی پتی سے بڑا مناظرہ ہوا تھا۔ آپ کی وفات کا سال ۹۴۹ھ ہجری لکھا ہے۔

شیخ امان پانی پتی چشتیؒ

آپ کا اسمِ گرامی عبدالملک اور لقب امان اللہ تھا۔ شیخ محمد حسن طاہر چشتی نبیرۂ راجی حامد شاہ کے مرید و خلیفہ تھے۔ مشربِ قلندریہ میں شاہ نعمت اللہ ولی سے منسلک تھے۔ کسی بھی مسئلہ پر تقریرِ بلیغ اور بیانِ وسیع فرماتے۔ تصوف و توحید میں آپ کی چند کتابیں اور رسالے یادگار ہیں۔ خصوصاً ''رسالہ اثبات الاحدیت'' آپ ہی کا لکھا ہوا ہے۔ نیز ''لوائح'' کی مولانا نے مبسوط شرح لکھی ہے۔ فرمایا کرتے اگر انصاف کی بنیاد درمیان میں رہے تو منبر و مینار سے مسئلۂ توحید پر کہنا چاہیئے اور فرماتے کہ ابتدائے حال میں اثباتِ توحید پر دو دلیلیں میرے پاس تھیں اور اب سولہ (۱۶) دلائل رکھتا ہوں۔ اور فرمایا ہماری درویشی دو حال پر مبنی ہے۔ تہذیبِ اخلاق اور محبتِ اہلبیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس جامع صفات ہستی کی وفات ۹۵۷ھ ہجری میں لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

مولانا احمد شوریانی

آپ پیرِ کبار کی اولاد سے تھے۔ علومِ ظاہری و باطنی میں شیخ اسحاق بن شاہ کاکو چشتی کے مرید اور شاگرد ہیں اور دیگر بزرگانِ طریقۂ چشتیہ سے بھی نعمت اور فیضِ صحبت حاصل کیا۔ زہد و ریاضت میں بے مثال تھے اور اشغال و اذکار میں بے حد مصروف رہتے۔ آپ کی وفات ۱۰۳۰ھ ہجری لکھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

سید علی قوامؒ

آپ اہلِ کمال تھے۔ آپ کے اجداد سوانہ کے سادات تھے۔ آپ شیخ بہاء الدین

صد و نود و نہ ۹۹۹ھ وفات یافت ۔

شیخ دانیال از اجمیر نبود۔ اما بہ سببِ غلبۂ محبتِ روحانیتِ خواجہ بزرگ بیشتر در اجمیر قیام ورزید۔ و در جوارِ آستانۂ عالیہ حضرت خواجہ بزرگ باختر سوئے محل سکونت داشت۔ و در زمانے کہ حرم محترمِ بادشاہ را بہ جہتِ مصائبِ سفرِ ناگور و بنظرِ آنکہ زمانہ وضعِ حمل قریب تر بود۔ بحکمِ بادشاہ قیامِ اجمیر ناگزیر افتاد۔ قصرِ رفیع و مکانِ وسیع برابر حجرۂ شیخ بنیاد کردہ بنظرِ ہمسائیگیِ شیخ کہ خالے از خیر و برکت متصور نبود۔ برائے مولودِ مسعود مخصوص ساختند۔ ہنوز ازاں تعمیر رفیع الشان باقیست۔ و مجاوران روضۂ حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیا کہ بجہت جہالت و ناواقفیت حال شیخ دانیال را از اجدادِ خود قرار دادہ۔ وجہِ ولادت شاہزادہ در منزلِ شیخ موجبِ اعتبار و اعزازِ خود ہا برگزارند۔ غلط و فاش و تقصیر تحقیق است۔ برلاف وگذاف ایشاں گوش نباید داد۔ سلسلۂ پیرانِ طریقت شیخ دانیال کہ از کتب ملاقیط بوضوح پیوست اینست ۔ شیخ دانیال مرید راجی حامد شاہ خلیفہ شیخ حسام الدین مانکپوری خلیفہ شیخ نور قطب عالم بنگالی خلیفہ شیخ علاء الحق بنگالی خلیفہ شیخ عثمان اخی سراج خلیفہ حضرت شیخ نظام الدین سلطان المشائخ ۔ قدس اللہ اسرارھم۔

شیخ حسن طاہر

خلیفہ راجی حامد شہ و از خدمت سید نور بن حامد شہ فیضہا در ربود۔ و از اوائل درمندی و دردطلبی شعار کرد۔ و بمشائخ و فقرا صحبت گرم داشت۔ غلغلۂ وشہرتِ مشیختِ راجی حامد شہ اصغا کردہ حاضر خدمت شد۔ و بسلسلہ ارادت پیوست۔ و بطلب سلطان سکندر از جونپور بہ دہلی آمد و سکونت اختیار کرد۔ و در عبادت و ریاضتِ شاقہ بسر بردہ کافۂ انام را رہنمونی منزلِ حق فرمود۔ وفاتِ او در سال نہ صد و نہ ۹۰۹ھ مرقوم است۔

مولانا الہ داد چشتی جونپوری

جونپوری کے مرید وخلیفہ تھے۔ بہت ہی مقبولیت اور کامیابی رکھتے تھے۔ کسی خادم سے خدمت نہیں لیتے بلکہ خود زحمت اٹھاتے۔ آپ کی وفات کا سال ۹۵۰ھ لکھا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ ادھن جونپوریؒ

شیخ بہاء الدین جونپوری کے فرزند تھے۔ عمر رسیدہ ہونے کے باعث بے حد ضعیف واقع ہوئے تھے کہ کسی کا سہارا لئے بغیر اٹھ نہیں سکتے تھے۔ وجد کی حالت میں ایسا رقص کرتے کہ صحت مند جوان بھی ان کی طاقت کا تحمل نہیں کر سکتے۔ آپ کی وفات کا سال ۹۷۶ھ ہجری لکھا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ جمال الدین جمن چشتیؒ

آپ اپنے ہی والدِ بزرگوار حضرت شیخ محمود راجن کے مرید وخلیفہ تھے اور مغربی خاندان کے شیخ احمد کھٹو سے خلافت بھی حاصل کی تھی۔ صاحبِ وجد وحال اور اہلِ فضل وکمال تھے۔ یادِ حق میں بے حد محو رہتے اور توکل وحیرت سے سروکار رکھتے۔ شریعت اور طریقت کے جامع تھے۔ محنت ومحبت سے دل سرشار اور آنکھیں اشکبار رکھتے۔ درد ومحنت کے شکستہ دلوں کے معین ومددگار تھے۔ اور منزل حق کے سالکوں کے رہنما تھے۔ سر میں سودائے عشق رکھتے اور شاہدِ حقیقی کے جلوہ کے مشتاق رہتے۔ کئی سال تک ایک گوشہ میں اعتکاف کی حالت میں بیٹھے رہے۔ غور وفکر کے قلعہ میں گھرے رہتے اور ریاضت ومحنت سے نفس پر قابو رکھتے تھے۔ عوام میں مقبول اور سب کے محبوب تھے۔ اربابِ دل آپ سے رجوع ہوتے۔ ملکِ ہندوستان کے کئی مشائخ کی رشد وہدایت سے رہنمائی فرمائی اور قرب ووصلِ حق سے ہمکنار کیا۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے طالب اور سنتِ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع رہے۔ آپ کے وصال کا سال ۹۸۲ھ ہجری لکھا ہے اور بعضوں کو اس سے اختلاف بھی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ حسن محمد چشتیؒ

آپ شیخ جمال الدین جمن کے خلیفۂ اعظم تھے۔ علومِ ظاہری میں کاملِ زمانہ اور علمِ حقیقت ومعرفت میں یکتا ویگانہ تھے۔ آپ شاہدِ ازل (حق تعالیٰ) کے جمال کی ایک علامت اور علم وعمل میں مثال تھے، چشتیہ مشرب کے تاجدار اور انجمنِ بہشت کے صدر نشین تھے۔ مقاماتِ

عالمِ باعمل وفقیہ بے مثل بود۔ ہدایہ وکافیہ ومدارک راشرح فرمود۔ وشرفِ بیعت وخلافت ازراجی حامدشہ دریافت۔ منقول است کہ مولانا شیخ طاہر باوسلسلۂ محبت مستحکم داشت۔ وایشاں یارانِ ہمدم بودند۔ روزے مولانا الہ داد بطریقِ طنز در باب بیعتِ نسبت راجی احمدشہ سخن ہا گفت۔ شیخ حسن گفت کہ درصحبتِ حضرت راجی حامدشہ افتادہ بسلامت بدرآئید۔ البتہ سخنِ شمالائقِ گفتن وشنفتن متصوراست۔

الحاصل مولانا الہ داد بمعیتِ مولانا حسن بخدمت راجی حامدشہ رسیدہ مسائل چند کہ حلِ آں مشکل بود درپیش آورد۔ وراجی حامدشہ ازمنصوبۂ مولانا حکایت آوردہ تفصیل اجمال وتسہیلِ اشکال بوجہِ احسن فرمود۔ ہماندم مولانا الہ داد سر درقدم آوردو بیعت کرد۔ وبریاضت ومجاہدہ اشتغال ورزید۔ وفاتِ او درسال نہ صدو بست وسہ ۹۲۳ سنہ مرقوم است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ محمد حسن پسر شیخ حسن طاہر

جامع بود میانِ علوم حال وقال۔ وآیتے بود درمشائخِ نسبت وجمال۔ چوں از حجرۂ خلوت برقضائے مشیخت جلوہ می کرد۔ ہرآنکس کہ نظر بروے می انداخت۔ تکبیر می گفت۔ ودرمحیطِ حیرت ومحویت غرق می گردید۔ بہ سلسلۂ قادریہ ہم توسط داشت۔ سالہا درمجاورت مدینۂ نبوی بسر برد۔ مدام درانتظارِ شام زحمت کشیدے۔ وبعد نمازِ شام درونِ حجرہ رفتہ بعبادتِ معبودِ حقیقی کارہا کردے۔ وفاتِ اودرسال نہ صدوچہل وچہار ۹۴۴ سنہ مرقوم است۔

15-1-2013

شیخ عبدالرزاق جھنجانہ

مرید وخلیفہ شیخ محمد حسن طاہر است۔ صاحبِ کرامات وکشف و خداوندِ خوارق وعادات بود۔ وبہ اہلِ بیتِ نبوت وائمۂ رسالت اعتقادِ تام داشت۔ و اورا با شیخ امان پانی پتی مباحثہ ومناظرہ بسیار بود۔ وفاتِ اودرسال نہ صدوچہل و نہ ۹۴۹ سنہ ھ مرقوم است۔

علیہ کرامات جلیہ اور آثارِ زکیہ کے مالک تھے۔ مشتاقِ جمال اور طالب حال تھے مجلسِ سماع کو بہت پسند کرتے تھے۔ دردمند واقع ہوئے تھے اور درد کے ماروں کی خبر گیری اور دستگیری کیا کرتے۔ آپ کے وصال کا زمانہ ۹۸۲ھ ہجری لکھا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ محمد چشتی

آپ اپنے ہی والد ماجد شیخ حسن محمد کے مرید وخلیفہ تھے۔ اولین و آخرین امانتوں کے امین، پاکیزگی و یقین کے خزانوں کے مالک اور صاحبِ زہد و ورع تھے۔ اصل وفرع میں آراستہ اور لائقِ تحسین، بارگاہِ الٰہی میں برگزیدہ، بے انتہا انوار واسرار کا سرچشمہ اور جمالِ جمیل کے مالک تھے۔ کریم النفس اور پیکرِ کرم تھے۔ شب زندہ اور دل بیدار رکھتے تھے۔ ہمیشہ استغراق اور ذوق کی حالت میں زندگی گذارتے۔ محنت کے دلدادہ اور آرام کے دشمن تھے۔ ’’مرات ضیائی‘‘ کے مصنف لکھتے ہیں کہ جب محبت وارادت کا غلبہ ہوا تو بزرگانِ دین کے مقدس آستانوں کی زیارت کے ارادہ سے شہرِ دہلی تشریف لائے اور حضرت خواجہ نصیرالدین محمود نصیرالاولیا کے مزارِ مبارک پر حاضری دی اور قدم بوسی کی دولت حاصل کی تو مرقدِ مبارک کے پتھر میں شگاف پیدا ہوگیا اور حضرت شیخ محمد مزار کے اندر داخل ہوگئے۔ جب باہر نکلے تو ہاتھ میں نان اور حلوا تھا۔ اور خواجہ نصیرالاولیاءؒ کے پہلو میں جو نعلین، عصا، خرقہ اور مصلّٰی جو پیوندِ زمین کئے گئے تھے انھیں عطا ہوئے۔ اس دن سے جو کوئی شخص آپ کے چہرہ کو دیکھتا تو وارفتۂ حال اور پروانۂ جمال بن جاتا۔ آپ کا مقامِ پیدائش گجرات ہے اور آپ کے وصالِ پاک کا زمانہ ۹۵۶ھ ہجری بیان کیا جاتا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ علاء الدین بن شیخ نورالدین اجودھنی

آپ حضرت خواجہ فریدالدین فریدالاولیاء کی اولاد سے تھے۔ اخلاقِ حمیدہ اور اوصافِ پسندیدہ کے مالک تھے۔ علم وحلم کے جامع اور دنیا والوں سے تعلق نہ رکھتے اور لذت نفس اور آرام وآسائش کی خواہشات کو پاس آنے نہ دیتے۔ لوگ آپ کو فریدِ ثانی کہتے تھے۔ آپ حضرت خواجہ قطب الاولیاءؒ کی روح سے فیض یاب تھے۔ ۸۷۲ھ ہجری میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ امان پانی پتی چشتی

اسمِ گرامی عبدالملک ولقب امان اللہ۔ مرید وخلیفہ شیخ محمد حسن طاہر چشتی نبیرہ راجی حامد شاہ است۔ در مشربِ قلندریہ بہ شاہ نعمت اللہ ولی واسطہ دارد۔ در بابِ مسئلہ تقریرِ بلیغ و بیانِ وسیع داشت۔ در تصوف وتوحید از وے کتب و رسالہ چند یادگار است۔ بالخصوص رسالہ اثبات الاحدیت از واست۔ ونیز برلوائح مولانا حسام شرح دارد۔ ومی فرمود اگر پایۂ انصاف درمیان باشد مسئلۂ توحید برسرِ منبر و مینار باید گفت۔ و فرمود کہ دراوائلِ حال براثباتِ توحید دو دلیل داشتم۔ اکنون شانزدہ دارم۔ ومی گفت درویشی ما بر دو حال مبنی است۔ تہذیبِ اخلاق ومحبت اہلِ بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ وفاتِ آں جامع صفات درسال نہ صدو پنجاہ و ہفت ۹۵۷ھ مرقوم است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مولانا احمد شوریانی

از اولادِ پیرِ کبار است۔ وبعلومِ ظاہر و باطن مرید وشاگرد شیخ اسحاق بن شاہ کاکو چشتی است۔ واز دیگر بزرگان طریقۂ چشتیہ نیز نعمت وفیض وصحبت حاصل کرد۔ بزہد و ریاضت عدیم النظیر بود۔ ومشغولی بسیار داشت۔ وفاتِ او درسال یک ہزار وسی ۱۰۳۰ مرقوم است۔

سید علی قوام

از اہلِ کمال بود۔ اصلِ و [illegible] 15-1-2013 دانہ و مرید وخلیفہ شیخ بہاء الدین جونپوریست۔ قبول وفتوح بسیار داشت۔ بہ ہیچ خادم خدمت نمی گفت۔ وزحمت می کشید۔ وفاتِ او درسال نہ صدو پنجاہ ۹۵۰ ہجری مرقوم است۔

شیخ ادھن جونپوری

پسر شیخ بہاء الدین جونپوری بود۔ کبیر السّن وضعف بغایت داشت کہ بے دستیاری کسے اقدام نمی توانست۔ درحالتِ وجد چناں رقص می کرد کہ جوانانِ تنومند تحملِ

شیخ جلال الدین قریشی

اس کی تحقیق نہ ہوئی کہ آپ کس شیخِ وقت سے بیعت رکھتے تھے۔لیکن چشتیہ مشرب رکھتے تھے۔ باطن میں سلوک اور ظاہر میں بڑا جذب رکھتے اور اکثر ویرانہ (جنگل) میں بسر کیا کرتے۔ صرف سترِ عورت کی حد تک لباس پہنا کرتے۔علومِ معقول ومنقول، رسمی اور حقیقی سب زباں زد تھے۔فرماتے ہیں کہ ہشام نامی ایک مرید میرے پاس تھا جو اکثر پتھروں اور پہاڑوں پر سر مارتا اور اکثر یہ مصرع پڑھا کرتا تھا۔ ع

خام بُدم پختہ شدم سوختم

ترجمہ: میں ناپختہ (اناڑی) تھا پختہ ہو گیا (اب) جلتا ہوں۔

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' فرماتے ہیں کہ ابتداء میں انکو عشقِ مجازی تھا اور تھوڑے عرصہ بعد عشقِ حقیقی میں مبتلا ہو گئے۔آپ کی وفات ۹۴۸ھ ہجری بیان کی جاتی ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

سید سلطان بہرائچی

آپ درویشِ باصفا اور مردِ باہمت ومروت تھے۔شیخ علاء الدین اجودھنی کے مرید تھے اور خاندانِ شطاریہ سے بھی تعلق رکھتے تھے۔لباس مختصر ہوتا اور پریشان حال رہا کرتے۔ کہتے ہیں کہ ایک ہندو عورت نے اپنے سر میں آپ کا عشق لئے اسلام قبول کرلیا۔ اس کے خاندان والے بادشاہ کے سامنے فریاد لے کر پہنچے۔ بادشاہ نے آپ کو یہ کہلا بھیجا اس عورت سے جدائی اختیار کرلیں۔آپ کمر میں تلوار باندھے ہوئے گھر سے برآمد ہوئے اور جواب دیا کہ وہ عورت مسلمان ہو چکی ہے لہٰذا اسے کافروں کے تصرف میں دینا جائز نہیں ہوگا۔ یہ سن کر بادشاہ کے قاصد دم بخود ہو گئے اور کچھ نہ کہہ سکے۔آپ کی وفات چالیس سال کی عمر میں ۹۴۹ھ ہجری لکھی ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ یوسف معروف شاہ جوسیؒ

آپ حضرت خواجہ فرید الدین فرید الاولیاء سے آبائی نسبت رکھتے تھے۔خرقہ اور بزرگی ورثہ میں پائی تھی۔غیبی انتظام سے بیت اللہ (کعبہ مکرمہ) روانہ ہوئے اور وہاں سے مدینہ نبوی میں حاضری دی اور زیارت کا شرف حاصل کرنے کے بعد لوٹتے وقت آسیر تشریف لائے۔اہل وعیال کو

تصادمِ اونمی توانستند۔ وفاتِ اودرسال نہ صدو ہفتادوشش ۹۷۶ھ مرقوم است۔

شیخ جمال الدین جمن چشتی

مرید وخلیفۂ پدرِ عالی قدرِ خود حضرت شیخ محمود راجن است۔ و نیز خلافتِ خاندانِ مغربیہ از شیخ احمد کھٹو دارد۔ صاحبِ وجد و حال و اہلِ فضل و کمال بود۔ در یادِ حق غلوءِ بسیار داشت۔ و بتوکل و حیرت سروکار۔ جامعِ شریعت و طریقت بود و حاویِ محنت و محبت، دلِ داغدار داشت۔ و دیدۂ اشکبار، معین و معاونِ شکستہ دلانِ درد و محنت۔ و راہنمائے رہروانِ منزلِ ہیبت بود۔ سودائے عشق در سر و جلوۂ شاہدِ حقیقی در بر داشت۔ سالہا در کنجِ اعتکاف بنشست و حصارِ قلعۂ پندار و نفس بہ نیروئے ریاضت و محنت بشکست۔ قبولِ عام و تالیفِ تمام داشت۔ جمعے اربابِ دل باو مائل بود۔ وصف مشائخ دیارِ ہند را برہنمونی وارشاد تا بہ سراپردۂ قرب و اتصال رسانید۔ مدام جویائے رضائے الٰہی و مقلدِ ارشادِ رسالت پناہی بود۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ زمانِ وصال نہ صد و ہشتاد و دو ۹۸۲ھ مرقوم است۔ وبعضے اختلاف نیز دارند۔

شیخ حسن محمد چشتی

خلیفۂ اعظم حضرت شیخ جمال الدین جمن است۔ در علومِ ظاہر کاملِ زمانہ و در امورِ حقیقت و معرفت یکتا و یگانہ۔ آیتے بود از جمالِ شاہدِ ازل۔ و روایتے بود از مدائنِ علم و عمل۔ خدیو مشربِ چشت۔ و صدر نشینِ انجمنِ بہشت بود۔ صاحبِ مقاماتِ علیہ و کراماتِ جلیہ و آثارِ زکیہ۔ مشتاقِ جمال و متحیر منظرِ حال۔ مجلسِ سماع دوست تر داشت۔ دردمند بود و بہ احوالِ مستمندان در طلب می پرداخت۔ زمانِ وصالِ پاک درسال نہ صد و ہشتاد و دو ۹۸۲ھ مرقوم است۔

شیخ محمد چشتی

مرید و خلیفہ پدرِ خود خواجہ شیخ حسن محمد است۔ امین امانت ہائے اولین و

وطن سے بلوایا اور برہان پور میں سکونت اختیار کی۔آپ کی وفات کا سال ۹۵۰ھ بیان کیا جاتا ہے۔

شیخ نظام الدین چشتی

آپ شاہ یوسف جوسی کے فرزند تھے۔کہتے ہیں کہ آپ اپنی ماں کے شکم میں بارہ سال تک معتکف رہے۔آپ سفرِ حجاز پر بھی گئے اور بیت اللہ اور بیت النبی کی زیارت کا شرف بھی حاصل کیا۔آپ صاحبِ خرق عادات وکرامات تھے اور روشن آثار آپ سے ظہور پذیر ہوئے تھے۔آپ کی وفات ۹۸۵ھ ہجری بتائی جاتی ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ حمزہ دہرسوقریشی

آپ شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کی اولاد سے ہیں۔آپ کے پیروں کا سلسلہ خواجہ سید محمد گیسودرازؒ سے جاملتا ہے۔صاحبِ کشف وکرامت اور اہلِ عشق ومحبت تھے۔ابتدا میں بادشاہوں کی خدمت میں منسلک تھے۔ بالآخر ارادۂ غیبی سے اسے ترک کرکے حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاء کی زیارت کے ارادہ سے شہر ولایت اجمیر آئے اور اس جگہ شیخ حمزہ مجذوب سے جوان ہی کے ہم نام تھے اور طریقۂ مجذوبانہ رکھتے تھے ملاقات ہوئی۔فیضِ باطنی کا انعام حاصل کیا اس کے بعد شیخ احمد مجد شیبانی سے اکتسابِ فیض کیا اور نارنول سے قریب تین فرسنگ فاصلہ پر واقع قصبہ دہرسو میں اقامت اختیار کی اور دہرسو کے سادات کی تربیت فرمائی جو علوم سے بے بہرہ اور آوارہ طرز میں مبتلا تھے۔آپ سے متعلق کشف وخوارق کی کئی حکایتیں بیان کی جاتی ہیں جن کے لئے اس اختصار میں گنجائش نہیں ہے۔آپ کی وفات کا سن ۹۵۷ھ ہجری کہا جاتا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

میر سید عبدالاولؒ

آپ خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ کی اولاد کے مرید تھے۔علومِ معرفت سے بہت واقف تھے اور تصانیف بھی رکھتے تھے۔صحیح بخاری پر شرح اور حاشیہ بھی لکھا۔اکثر دکن اور گجرات کے قرب وجوار میں جایا کرتے۔مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔آپ کی وفات کا سال ۹۶۸ھ ہجری لکھا ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

آخرین ، و صاحبِ اموالِ خزائینِ صفوت و یقین ، صاحبِ زہد و ورع ، خلاصۂ آفرینش و آرائش اصل و فرع ، برگزیدہ خاص بارگاہِ الٰہی ، مہبطِ انوار و اسرارِ نامتناہی ، صاحبِ جمالِ جمیل الشّیم ، کریم النفس کرمِ مجسّم بود۔ شبِ زندہ و دلِ بیدار داشت۔ مدام در حالتِ سکر و ذوق زندگی می کرد۔ دوستِ محنت و عدوِ راحت بود۔ صاحبِ ''مرأت ضیائی'' آوردہ است کہ چوں بغلبۂ محبت و ارادت بنظرِ زیارت عتباتِ عالیات در مصر دہلی فائز شد۔ و بر مرقدِ مبارک حضرت خواجہ نصیر الدین محمود نصیر الاولیا رسید۔ و دولتِ پائے بوس دست داد۔ مصلائے سنگ مرقد شگاف پیدا کرد و حضرت شیخ محمد درونِ مزار داخل شد۔ چوں بیروں آمد۔ نان و حلوہ در دست بود۔ و نعلین و عصا و خرقہ و مصلی کہ در پہلوئے خواجہ نصیر الاولیا پیوند زمین کردہ بود۔ باو مفوض گشت۔ ازاں روز ہر آنکس کہ بروے اومی دید وارفتہ حال و پروانۂ جمال می گردید۔ مولدِ او احمد آباد گجرات است۔ و زمانِ وصال پاک در سال نہ صد و پنجاہ و شش ۹۵۶ھ مذکور۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ علاءالدین بن شیخ نورالدین اجودھنی

از اولاد حضرت خواجہ فرید الدین فرید الاولیا است۔ صاحبِ اخلاقِ حمیدہ و اوصافِ پسندیدہ۔ جامعِ علم و حلم۔ و با اہلِ دنیا سروکار نداشت۔ و از جملہ کالائی حظ نفس و آسائش چیزے بخود راہ ندادے۔ او را فریدِ ثانی می گفتند۔ و با روحانیت حضرت خواجہ قطب الاولیا توسط داشت۔ در سال ہشت صد و ہفتاد و دو ۸۷۲ھ فوت شد۔

15-1-2013

شیخ جلال الدین قریشی

بہ تحقیق نرسید کہ در بیعت کدام شیخ وقت بود۔ اما مشربِ چشتیہ داشت۔ در باطن سلوک ، و در ظاہر جذب۔ بیشتر در ویرانہ بسر می برد۔ و از لباس بقدرِ سترِ عورت کفایت کردہ بود۔ و علومِ معقول و منقول رسمی و حقیقی ہمہ بر نوکِ زبان داشت۔ می فرمود۔ یک مرید ہشام نام دارم کہ در کوہ و جبال سرمی زند و اکثر می

شیخ مہٹا گاگرونیؒ

آپ ایک درویشِ کامل اور صاحبِ حال تھے۔خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ سے روحانی تربیت حاصل کی۔ کہتے ہیں کہ آپ نے بیس سال کے عرصہ تک مزارِ مبارک کی خدمت کی اور جاروب کشی اختیار کی۔اس کے بعد حضرت خواجہ بزرگ کے روحانی اشارہ پر رخصت پا کر قصبہ گاگرون پہنچے اور وہیں سکونت اختیار کی۔آپ کی وفات سنہ ۱۰۰۳ ہجری میں واقع ہوئی۔رحمۃ اللہ علیہ

مولانا عبداللہ سلطان پوریؒ

آپ اکابر علماء اور بلند پایہ فقراء سے تھے۔متشرع، عارف اور متقی تھے۔کفر و بدعت کو جڑ سے اکھاڑنے کی بہت کوشش کرتے تھے۔ابتدائی زمانہ میں مخدوم الملک کے خطاب سے ممتاز ہوئے لیکن اکبر بادشاہ نے جیسے ہی دینِ الٰہی کا نیا مذہب نکالا اور سورج کی پرستش کرنے لگا تو شیخ اس کے خلاف جہاد میں سرگرم ہو گئے اور اسی بناء پر آپ کے حق میں ہندوستان سے اخراج کا حکم صادر ہوا۔مجبوراً حجاز کا سفر اختیار کیا۔ جب واپس آئے تو آپ کو زہر دیا گیا۔سنہ ۱۰۰۶ ہجری میں وفات پائی۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ جلال کاسی

آپ شیر شاہ بادشاہ کے عہد میں امارت سے منسوب تھے۔لیکن تمام دولتِ دنیا کو چھوڑ کر حضرت شاہ محمد چشتیؒ کے سلسلۂ بیعت و خدمت سے مشرف ہو گئے اور دیگر مقامات کو بھی گئے اور فیوض حاصل کئے۔آپ کی وفات سنہ ۱۰۱۳ھ لکھی ہے۔رحمۃ اللہ علیہ

شیخ قاضی خاں ظفر آبادیؒ

آپ شیخ حسن طاہر کے مرید و خلیفہ تھے۔صاحبِ کرامت و تصرف تھے۔فرماتے تھے کہ میں نے تیس سال تک جان کو پارہ پارہ کیا ہے۔بادشاہِ وقت نے آپ کو دیہات پیش کیا مگر آپ نے قبول نہ کیا اور توکل میں بسر کی۔آخر کار آپ کے فرزند شیخ عبداللہ کو پیشکش کے طور پر فرمان بھیجا گیا تو انھوں نے بھی انکار کر دیا اور کوئی چیز قبول نہ کی۔قاضی خاں کی وفات سنہ ۹۰۷ ہجری میں منقول ہے۔رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

خواند۔ ع

خام بُدم، پختہ شدم، سوختم

صاحبِ ''اخبار الاخیار'' فرمود کہ در اوائل او را عشقِ مجاز در سر بود۔ و در اندک زمان بعشق حقیقی گرفتار آمد۔ وفاتِ او در سال نہ صد و چہل و ہشت ۹۴۸ھ منقولست۔

سید سلطان بہرائچی

درویش صفا کیش و مردِ باہمت و مروّت بود۔ مرید شیخ علاء الدین اجودھنی است۔ و از خاندان شطاریہ نیز تعلق داشت۔ پیرہن قصیر و وحشت دامنگیر او بود۔ گویند ہندو زنے در سر سودائے اسلام آوردہ بود۔ وقبیلۂ او پیشِ بادشاہ فریاد برد۔ بادشاہ باو گفتہ فرستاد۔ تا از زنے مذکور مفارقت اختیار کند۔ او تیغ در کمر بست و از خانہ بیرون آمد۔ و جواب داد کہ زنِ مذکور مسلمان شدہ است۔ باز بتصرف کافراں دادن جائز نباشد۔ پیادگانِ شاہی باستماعِ ایں معنی دم در خود کشیدند و دگر ہیچ نگفتند۔ وفاتِ او در سال چہل و نہ صد و نہ ۹۴۹ھ مرقوم است۔

شیخ یوسف معروف شاہ جوسی

بحضرت خواجہ فرید الدین فرید الاولیا نسبتِ آبائی دارد۔ خرقہ و کرامت در ورثہ داشت۔ باشارۂ غیبی عازمِ بیت اللہ شد۔ و از انجا بہ مدینۂ نبوی حاضر و بعد حصول شرفِ زیارت ہنگامِ معاودت در آسیر آمد و اہل و عیال را از وطن طلب داشتہ سکونت برہان پور اختیار کرد۔ وفاتِ او در سال نہ صد و پنجاہ ۹۵۰ھ مذکور است۔

شیخ نظام الدین چشتی

پسر شاہ یوسف جوسی است۔ گویند کہ او دوازدہ سال در شکمِ مادر معتکف ماند۔ او بسفر حجاز ہم رفتہ بود۔ و بشرفِ بیت اللہ و بیت النبی مشرف گردید۔ او صاحبِ خرق و کرامات بود۔ و آثارِ جلیہ از وے بظہور آمدند۔ وفاتِ او در سال نہ صد و ہشتاد و پنج

شیخ عبدالعزیز بن شیخ حسن طاہرؒ

آپ قاضی خاں کے خلیفۂ اعظم تھے۔ مشہور مشائخ سے تھے۔ طریقت کی پابندی اور شریعت کی تعمیل میں یگانۂ زمانہ اور دنیا بھر میں مشہور تھے۔ مخلوقِ خدا پر غایت درجہ شفقت فرماتے اور حلم وصبر میں بلند پایہ رکھتے تھے۔ آپ نے اپنے فیضِ صحبت سے ایک خلقِ کثیر کو حق رسی کی منزل تک پہنچایا اور ایک جماعت آپ کی حمایت سے دشمنوں پر کامیاب و فتح مند ہوئی۔ آپ کی وفات کا سال ۹۷۵ھ ہجری بتایا جاتا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ سعدالدین خیرآبادیؒ

آپ شاہ محمد مینا کے مرید اور خلیفہ تھے۔ شریعت کے آداب اور طریقت کے حدود میں احتیاط کے ساتھ بڑی مہارت رکھتے تھے۔ صاحبِ تصرف و تعلقِ باطن تھے۔ سماع کے ساتھ حد سے زیادہ لگاؤ تھا۔ علمِ نحو، فقہ اور اصول میں اعلیٰ تصنیفات کے حامل تھے۔ آپ کے مریدین اور معتقدین بہت تھے۔ ان میں سے ایک شیخ صفی تھے جو صاحبِ وجد و حال اور اہلِ فضل و کمال تھے۔ اور شیخ مبارک سندیلیہ بھی جامع شریعت و طریقت اور مئے کشف و تحقیق سے سرشار تھے۔ مخدوم شیخ سعد کی وفات ۸۷۲ھ ہجری بتائی جاتی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

میر سید محمد کالپیؒ

آپ ابتدا میں امیر ابوالاعلی نقشبندی کی صحبت میں رہے۔ جب ہندوستان آئے اور اجمیر میں حضرت خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ کے مرقدِ مطہر کی زیارت سے مشرف ہوئے تو حضرت خواجہ صاحبؒ کے روحانی اشارہ پر طریقۂ چشتیہ اختیار کیا اور خوب فیض پا کر اعلیٰ مراتب پر پہنچے۔ وجد و سماع میں بے حد مشغول رہا کرتے اور ہر سال حضرت خواجہ صاحبؒ کے مزارِ فیض آثار کی زیارت کے لئے حاضر ہوتے اور خدمت انجام دیتے۔ آپ کی وفات کا سال ۱۰۳۱ھ ہجری لکھا گیا ہے۔

سید عبدالجلیل چشتی

آپ دنیا بھر میں برگزیدہ تھے اور بظاہر کسی کے ہاتھ پر بیعت نہ کی۔ لیکن حضرت

۹۸۵ سنہ مذکور است۔

شیخ حمزه دہرسو قریشی

از اولاد شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی است۔ وسلسلۂ پیرانِ او بخواجہ سید محمد گیسودراز می پیوندد۔ صاحبِ کشف و کرامت و اہلِ عشق ومحبت بود۔ در اوائل در خدمتِ ملوک منسلک بود۔ بالآخر بارادۂ غیبی ترک گفتہ بزیارت حضرت خواجۂ بزرگ معین الاولیا در مدینۃ الولایت اجمیر آمد۔ ودرانجا بہ شیخ حمزه مجذوب کہ ہمنامِ او بود و طریقۂ مجذوبانہ داشت ملاقی شد۔ وانعامِ باطن یافت۔ زاں بعد از شیخ احمد مجد شیبانی اکتساب کرد۔ و در قصبہ دہرسو کہ از نارنول قریب بہ سہ فرسنگ است طرحِ اقامت انداخت۔ وسادات دہرسو کہ از علوم بے بہره واز پاسداریِ وضع آواره بودند تربیت فرمود۔ از کشف وخوارقِ او حکایت ہا دارند۔ کہ دریں مختصر گنجائش ندارند۔ وفاتِ او در سال نہ صدو پنجاه و ہفت سنہ ۹۵۷ منقول است۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

میر سید عبد الاول

مریدِ اولادِ خواجہ بنده نواز گیسودراز است۔ از علوم معرفے بہرۂ وافی داشت۔ و تصانیف نیز دارد۔ و بر صحیح بخاری شرح و حاشیہ نوشتہ۔ اکثر بہ نواحِ دکن و گجرات رفت۔ و بہ زیارتِ مدینہ منوره ومکۂ معظّمہ مشرف گردید۔ وفاتِ او در سال نہ صدو شصت وہشت سنہ ۹۶۸ مرقوم است۔

شیخ بہا گاگرونی

درویشِ کامل وصاحبِ حال بود۔ وتربیت از روحانیتِ خواجہ بزرگ معین الاولیا حاصل کرد۔ آورده اند کہ او تا مدت بست سال خدمتِ مزار کرد۔ وجاروب کشی اختیار نمود۔ بعد آں باشارۂ روحانیت حضرت خواجہ بزرگ مرخص گشتہ بہ قصبۂ گاگرون رفت وسکونت ورزید۔ وفاتِ او در سال یک ہزار و سہ سنہ ۱۰۰۳ بوقوع آمد۔

مولانا عبد اللہ سلطانپوری

خواجہ بزرگ معین الاولیاءؒ کی روحانیت سے تربیت پائی اور شجرہ جو اپنے مریدوں کو دیتے تھے اس میں کسی کے واسطہ کے بغیر، حضرت خواجہؒ سے اپنا سلسلہ جوڑتے تھے۔ آپ کی وفات کا ۱۰۴۳ھ ہجری بیان کیا جاتا ہے۔

شیخ محمد عبدالرشید جونپوریؒ

آپ کا سلسلۂ ارادت چند واسطوں سے شیخ حسام الدین مانکپوری پر ختم ہوتا ہے۔ آپ نے دیگر پیرانِ طریقت سے بھی انعام و اکرام پایا۔ اپنے زمانے کے اکمل مشائخ میں سے ایک تھے۔ ابتداء میں درس دیا کرتے تھے۔ آخر میں سب چھوڑ دیا۔ صاحبِ تصنیف تھے۔ جہری ذکر کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ شیفتۂ محبت اور وارفتۂ سماع تھے۔ آپ کے اپنے اشعار بھی تھے۔ شمسیؔ تخلص کرتے تھے۔ آپ کی وفات کا سال ۱۰۵۵ھ ہجری لکھا ہے۔

شیخ احمد گیسو درازؒ

آپ صاحبِ حال وقال و وجد و سماع تھے۔ اکثر مباحثے اور مناظرے کیا کرتے اور مسائل واضح طور پر بیان کرتے۔ طریقہ چشتیہ کے پیرو تھے۔ خواجہ سید محمد گیسو درازؒ سے خاص نسبت تھی۔ اسی وجہ سے سر کے بال دراز رکھنے پر مائل تھے۔ آپ کی وفات کا سال ۱۰۵۸ھ ہجری لکھا ہے۔

پیر محمد سلونؒ

آپ علومِ ظاہری و باطنی کے جامع تھے۔ آپ کا سلسلہ شیخ عبدالکریم کے واسطے سے شیخ حسام الدین مانکپوری تک جا پہنچتا ہے۔ آپ کے مریدین صاحبِ کمال تھے۔ ایک خلق آپ سے رجوع ہوا کرتی تھی۔ عام قبولیت رکھتے تھے۔ شہر لکھنو میں اپنے زمانہ کے شیخ تھے۔ آپ کی وفات کا سال ۱۰۹۷ھ ہجری لکھا ہے۔

شیخ پیر محمد لکھنویؒ

آپ درویشِ کامل اور متوکل تھے۔ حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپ اصل میں جونپور سے تعلق رکھتے ہیں۔ علماءِ دہلی و لکھنؤ سے انتہائی علومِ دین حاصل کر کے

از اکابرِ علما و اعاظمِ فقرا بود و متشرع و عارف و متورع۔ در استیصالِ کفر و بدعت بسیار کوشیدے۔ در اوائلِ زمان بخطاب مخدوم الملک ممتاز بود۔ اما چوں اکبر بادشاہ دینِ الٰہی احداث نمود و شمس پرستی اختیار کرد۔ شیخ با او در جہاد سرگرم شد۔ واز یں جہت بحق او حکمِ اخراج از دیارِ ہند صادر گشت۔ بیچارہ سفرِ حجاز اختیار کرد۔ چوں باز آمد اورا مسموم کردند۔ و در سال یک ہزار و شش ۱۰۰۶ھ وفات یافت۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

شیخ جلال کاسی

درعہد شیر شاہ بادشاہ بہ امارت منسوب بود۔ اما ہمہ دولت دنیا را ترک گفتہ بہ سلسلہ بیعت و خدمت حضرت شاہ محمد چشتی مشرف گردید۔ و بجاہائے دیگر نیز رفت۔ و فیضہا ربود۔ وفاتِ او در سال یک ہزار و سیزدہ ۱۰۱۳ھ مرقوم است۔

شیخ قاضی خان ظفر آبادی

مرید و خلیفہ شیخ حسن طاہر است۔ صاحبِ استطاعت و کرامت بود۔ و می فرمود۔ تا بہ سی سال جانہا کندیدم۔ بادشاہِ وقت دیہات بأو می داد۔ امّا قبول نکرد۔ و بتوکل بسر برد۔ آخر بہ شیخ عبداللہ پسرِ او فرمان بطریق پیشکش فرستادند۔ او ہم انکار کرد و چیزے نگرفت۔ وفاتِ قاضی خان در سال نہ صد و ہفتاد ۹۷۰ھ منقول است۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

شیخ عبدالعزیز بن شیخ حسن طاہر

خلیفہ اعظم قاضی خان است۔ از مشاہیر شیوخ بودہ است۔ و در تقلید طریق و تعمیل شرع یگانۂ روزگار و شہرۂ آفاق بود۔ و بر خلقِ خدا شفقتِ بسیار کرد۔ و در پایۂ حلم و صبر بلند پایہ بود۔ خلقِ کثیر بہ فیضِ صحبتِ او بخدا رسید و جمعے در ذیل حمایتش بر خصم پندار مظفر و منصور گردید۔ وفاتِ او در سال نہ صد و ہفتاد و پنج مذکور است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شیخ عبداللہ سیاح چشتی کی بیعت سے معزز و مکرم ہوئے۔ اور فیضِ کامل حاصل کیا۔ آپ کی وفات ۱۰۸۰ھ ہجری میں واقع ہوئی۔

شیخ یحییٰ مدنی چشتیؒ

آپ حضرت محمد چشتی کے خلیفۂ اعظم تھے۔ علومِ دینیہ کی تکمیل مدینہ منورہ میں ہوئی۔ صاحبِ وجد و حال اور اہلِ فضل و کمال تھے۔ اہل اللہ کے مرجع اور اصحابِ صداقت کے ملجا تھے۔ صاحبِ تالیف و تصنیف تھے اور بزمِ قرب و حضور کے صدر نشین تھے۔ چشمِ بصیرت اور گوشِ سماعت رکھتے تھے۔ جو ایک عارف کے مرتبہ کا کمال ہے وہ سب آپ کو حاصل تھا۔ آپ کے سامنے راحت پر شکر کرنا اور تکلیف پر شکایت کرنا دونوں برابر تھے۔ جیسی بھی گذر بسر ہوتی اسی پر قانع تھے۔ اللہ کی یاد میں خود کو فراموش کر چکے تھے۔ مئے وحدت کے نشہ میں بیخود و مدہوش تھے۔ کئی سال تک ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہے۔ ایک مدت تک گوشۂ تنہائی و اطاعت میں بیٹھے رہے۔ کثرت سے مخلوق آپ کے فیض سے انعام و اکرام پاتی رہی۔ اور بہت سے لوگ جو جہل و انکار کی تاریکی میں سرگرداں تھے آپ کی رہنمائی و ہدایت کی بدولت منزل عرفان و ایقان پر فائز ہوئے۔ آپ کے مریدین اور معتقدین بڑے صاحبِ خرقِ عادات و کمالات تھے۔ گجرات شہر میں علمِ تصوف و طریقت کی اشاعت کی اور ملکِ ہندوستان میں شمعِ ایمان و ایقان کو فروغ دیا۔ کہتے ہیں کہ ہر کس و ناکس آپ کا مشتاق تھا اور سب آپ کی خدمت و صحبت کو بجا اور برحق سمجھتے تھے۔ آپ جیسی جامع الکمالات شخصیت کا سال وفات ۱۱۴۱ھ ہجری بتایا جاتا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ

حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ بن حاجی نور اللہ بن شیخ احمد بن شیخ حامد، حضرت امیر المومنین شیخنا ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں۔ آپ کے اسلاف کا تعلق دراصل ترکستان سے ہے۔ آپ کے والدِ بزرگوار شاہ جہاں بادشاہ کے دور میں دہلی میں وارد ہوئے۔ حضرت شیخ کلیم اللہ کو شیخ یحییٰ مدنیؒ کے واسطے سے بیعت کا شرف حاصل ہے۔ آپ دینی علوم میں شہرۂ آفاق اور

شیخ سعد الدین خیر آبادی

مرید و خلیفہ شاہ محمد مینا است۔ در آدابِ شریعت و حدِ طریقت احتیاطِ عام و دستگاہے عظیم داشت۔ صاحبِ تصرف و تعلقِ باطن بود۔ وبسماع بسیار غلو داشت۔ و در علمِ نحو و فقہ و اصول صاحبِ تصنیفاتِ عالی است۔ اورا مریدان و متبعان بسیار بودند۔ از جملۂ ایشاں شیخ صفی صاحبِ وجد و حال و اہلِ فضل و کمال بود۔ و شیخ مبارک سندیلیہ جامعِ شرع و طریق و سرمستِ صومعۂ کشف و تحقیق بود۔ وفاتِ مخدوم شیخ سعد در سال ہشت صد و ہفتاد و دو ۸۷۲ھ مذکور است۔

میر سید محمد کالپی

در اوائل از امیر ابو الاعلیٰ نقشبندی ہم صحبت بود۔ چوں بہندوستان آمد و بزیارتِ مرقدِ مطہر حضرت خواجۂ بزرگ معین الاولیا در مقامِ اجمیر مشرف شد۔ باشارۂ روحانیتِ حضرت خواجہ طریقۂ چشتیہ اختیار کرد۔ و فیضہا دریافت۔ و بمراتب اعلیٰ رسید۔ و در وجد و سماع مشغولی بمرتبہ غایت داشت۔ و ہر سال بزیارت مزار فیض آثار حضرت خواجہ می آمد و خدمت می کرد۔ وفاتِ او در سال یک ہزار و سی و یک ۱۰۳۱ مرقوم است۔

سید عبد الجلیل چشتی

برگزیدۂ آفاق بود۔ و بظاہر دستِ بیعت بہ کسے نداد۔ اما از روحانیت حضرت خواجۂ بزرگ معین الاولیا تربیت یافت در شجرہ کہ بمریدان خود می داد بلا واسطہ کسے بحضرت خواجہ سلسلۂ خود پیوند می کرد۔ وفاتِ او در سال یک ہزار و چہل و سہ ۱۰۴۳ مذکور است۔

شیخ محمد عبد الرشید جونپوری

سلسلۂ ارادتِ او بچند واسطہ بہ شیخ حسام الدین مانکپوری منتہی می شود۔ و از دیگر حضرات طریقت نیز انعام و اکرام یافت۔ از اکملِ مشائخِ عہد خود بود۔ در آغاز

ریاضت وعبادت میں یگانہ تھے۔ نقل ہے کہ حضرت شیخ ابوالفتاح قادری سے بھی نسبت رکھتے تھے اور کچھ زمانہ ان کی صحبت میں گذارا اور خرقۂ نقشبندیہ امیرِ محترم لاہوری کی خدمت سے حاصل کیا۔ مجلسِ سماع میں بڑی احتیاط فرماتے تھے۔ اس دوران کسی دوسرے سلسلہ والے کو اندر آنے کی اجازت نہیں تھی۔ خانقاہ کا دروازہ بند کردیا جاتا تھا۔ کئی گم کردۂ راہ اور متلاشیانِ حق کے لئے آپ چراغِ ہدایت ثابت ہوئے اور تاریکی، گم گشتگی اور بے علمی کو دور کرکے دائمی روشنی اور کامیابی سے ہمکنار فرمایا۔ اعلیٰ آثار اور روشن اطوار کے حامل تھے۔ اہل اللہ کی تلقین وارشاد میں بڑے کوشاں رہتے تھے۔ آپ کی صحبت کی گرمی روح میں عشق ومحبت کی حرارت پیدا کردیتی تھی۔ دل ہمیشہ یادِ حق سے معمور رہتا تھا۔ آپ دقیق مسائل پر نظر رکھتے تھے۔ راحت وآرام سے بیزار اور محنت، درد اور محبت سے تعلق رکھتے تھے۔ طریقت کے امام اور شرابِ حقیقت کے نشہ سے سرشار تھے۔ آرام طلبی سے کراہت اور شان وشوکت سے ناپسندیدگی کا اظہار کرتے۔ آپ کے وصال کا زمانہ ۱۱۴۲؁ ہجری لکھا ہے۔ آپ کا مرقدِ پاک شاہجہاں آباد میں ہے جو بازار خانم کے ختم پر اور سرخ پتھر کے احاطہ سے متصل ہے۔ دہلی پر حملوں کے زمانے میں پتھر کا احاطہ منہدم ہوگیا، صرف قبر باقی ہے۔ آپ کے خلفاء کے ناموں کی فہرست حسبِ ذیل ہے۔

فہرست خلفاء

شیخ نظام الدین اورنگ آبادی۔ سید بڈھن۔ حافظ محمود۔ شیخ جمال الدین۔ شیخ حامد سعید۔ قاضی شیخ عبدالولی۔ شاہ ضیاء الدین۔ شاہ اسد اللہ۔ شاہ جلال الدین۔ شاہ مداری ناگوری۔ محمد ہاشم۔

کہتے ہیں کہ حضرت شیخ کی بہت سی تصانیف ہیں جیسے تفسیرِ قرآن۔ سواء السبیل۔ عشرۂ کاملہ۔ کشکول۔ واقعاتِ کلیمی اور الہاماتِ کلیمی وغیرہ۔

آپ کے چار فرزند اور پانچ دختران تھیں جن کے نام حافظ حامد سعید، حافظ فضل اللہ، احسان اللہ اور خواجہ محمد ہیں۔ دختروں میں بی بی رابعہ جو حضرت کے خلیفہ محمد ہاشم کے نکاح میں آئیں۔ بی بی فخر النساء جو شیخ عبدالرحیم سے منسوب ہوئیں۔ بی بی زینب جن کا عقد شاہ میر سے ہوا اور پہلی دختر کی وفات کے بعد مرحومہ کے شوہر محمد ہاشم کی زوجیت میں چوتھی دختر آئیں۔ پانچویں دختر کے حالات نظر سے نہیں

تدریس می کرد۔ و در آخر از ہمہ گزشت۔ صاحبِ تصانیف بود۔ ذکرِ جہر دوست داشت۔ شیفتۂ محبت و وارفتۂ سماع بود۔ اشعار ہم می دارد۔ تخلص شمسیؔ می کرد۔ وفاتِ او درسال یک ہزار و پنجاہ و پنج ۱۰۵۵ سنہ مرقوم است۔

شیخ احمد گیسو دراز

صاحبِ حال و قال و وجد و سماع بود۔ بمباحثہ و مناظرہ اکثر می پرداخت۔ و مسائل علانیہ می گفت۔ پیرِ طریقۂ چشتیہ بود۔ با خواجہ سید محمد گیسو دراز نسبتے خاص داشت۔ وازین جہت بہ درازیِ جعدو گیسو مائل بود۔ وفاتِ او درسال یک ہزار و پنجاہ و ہشت ۱۰۵۸ سنہ مرقوم است۔

پیر محمد سلون

جامع علومِ صوری و معنوی بود۔ وسلسلۂ او بواسطۂ شیخ عبدالکریم بہ شیخ حسام الدین الدین مانکپوری می رسد۔ مریدانِ او صاحب کمال بودند۔ خلقے باو رجوع بود و قبولِ عام داشت۔ و در دیارِ لکھنؤ شیخِ عہدِ خود بود۔ وفاتِ او درسال یک ہزار و ہفتاد و چہار ۱۰۷۴ سنہ مرقوم است۔

شیخ پیر محمد لکھنوی

درویشِ کامل و متوکل و بشرفِ زیارتِ حرمین شریفین مشرف۔ اصلِ او از جونپور است۔ اکتسابِ علومِ دین از علماءِ دیارِ دہلی و لکھنؤ بحدِ غایت رسانیدہ در بیعت شیخ عبداللہ سیاح چشتی معزز و [illegible] بخشش کامل ربود۔ وفاتِ او درسال یک ہزار و ہشتاد ۱۰۸۰ سنہ ہجری بوقوع آمد۔

شیخ یحییٰ مدنی چشتی

خلیفۂ اعظم حضرت شیخ محمد چشتی است۔ تکمیلِ علومِ دینیہ در مدینۂ منورہ بمہر رسانیدہ۔ صاحبِ وجد و حال و عادی فضل و کمال، مرجعِ اولو الارباب، وملجائے اصحابِ صداقت مآب بود۔ صاحبِ تالیف و تصنیف است۔ آیۂ نور و صدر نشینِ

گزرے۔ یہ تمام فرزندان اور دختران آپ کی دوسری زوجہ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخِ وفات کے سلسلہ میں قطعات اور ابیات درج ذیل ہیں۔

موسیٰ امت ، کلیم اللہ عصر | بود مقبولِ دو عالم از قبول
سالِ وصلش ہاتف از کلکِ جلی | زد رقم ''شد حشر با آل رسول''

۱۱۴۲ھ

اپنے دور کے کلیم اللہ، موسیٰ امت تھے | جو دو عالم میں قبول و مقبول تھے
جلی تحریر میں ان کے وصال کا سال ہاتف نے | یوں لکھا ''شد حشر با آلِ رسول''

یعنی (آل رسول کے ساتھ حشر ہوا) ۱۱۴۲ھ

ایضاً

فضل و کمالش بیش بودہ | مرہمِ قلبِ ریش بودہ
سالِ وصالش گفت ہاتف | قطبِ زمانۂ خویش بودہ

۱۱۴۲ھ

ان کا فضل و کمال بہت تھا | وہ مجروح دل کیلئے گویا مرہم تھے
ان کے وصال کا سال ہاتف نے کہا | قطبِ زمانۂ خویش بودہ

یعنی (اپنے زمانے کے قطب تھے) ۱۱۴۲ھ

ایضاً

چو از دنیا بفردوسِ بریں رفت | پئے گلگشتِ خلدِ جاودانی
دو تاریخست بہر سالِ وصلش | بر آید مدعا از وے چو خوانی
یکے ''موسی ثانی کاشفِ دیں'' | دگر ''عرفان دینِ موسیِ ثانی''

۱۱۴۲ھ | ۱۱۴۲ھ

دنیا سے جب فردوس بریں کو گئے تو | خلدِ جاوداں کی سیر کے لئے
ان کے سالِ وصال کی دو تاریخ ہیں | اس سے مقصد پورا ہو جائے گا اگر تم پڑھو

بزمِ قرب وحضور بود۔ دیدۂ بینا گوش شنوا کہ کمالِ مرتبہ عارفے است اورا حاصل بود۔ وشکرِ راحت وشکایتِ زحمت پیشِ او ہموزن بود۔ ہر آنچہ می گزشت براں قانع بود۔ دریادِ حق از خود فراموش ودر سکرِ بادۂ وحدت بے خود ومدہوش۔ سالہا بریاضت ومجاہدہ کارفرمائی می کرد۔ ومدتے در گوشۂ تنہائی وزاویۂ اطاعت بنشست۔ جمِ غفیر وخلقِ کثیر انعام واکرام از مادۂ فیضش دربر بود۔ وبسیاران از کلبۂ تیرہ وتارِ جہل وانکار براہنمونی اوتا بمنزل عرفان واقرار فائز گردیدند۔ مریدان ومتبعانِ او ازبس صاحبِ خرق وکمال بودند۔ ودر دیارِ گجرات علمِ صفوت وطریقت برافراشتہ۔ ودر دیارِ ہند شمعِ ایمان وایقان رافروغ دادہ۔ آوردہ اند کہ از ہر کہ ومہ ہمہ مشتاقِ او بودند۔ وخدمت وصحبتِ اورا برجا وبرحق می دانستند۔ وفاتِ آں جامع کمالات و خلاصۂ موجودات درسال یک ہزار ویک صد وچہل ویک ۱۱۴۱ سنہ ہجری منقول و مذکور است۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی

حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی بن حاجی نور اللہ بن شیخ احمد بن شیخ حامد از اولاد حضرت امیر الاسلام شیخنا ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اصل آبائے وے از ترکستان است۔ پدرِ بزرگوارِ او بزمانِ دولت شاہجہاں بادشاہ در دہلی فائز شد۔ حضرت شیخ کلیم اللہ راشرفِ بیعت بواسطہ حضرت شیخ یحییٰ مدنی است۔ در علومِ دینی شہرۂ آفاق ودر ریاضت وعبادت طاق بود۔ آوردہ اند کہ با حضرت شیخ ابوالفتاح

15-1-2013

قادری ہم نسبت داشت۔ ویک چند در صحبتِ او بسر بُرد۔ ونیز خرقہ نقشبندیہ از خدمت امیر محترم لاہوری دربر راست کرد۔ در مجلسِ سماع بسیار حزم واحتیاط می فرمود ۔ واحدے از سلسلۂ غیر اندر آں وقت باریاب نمی شد۔ ودرِ خانقاہ مسدود می کردند۔ جمعے گم گشتگانِ راہ ومتفحصانِ غیر آگاہ راچراغِ ہدایت بنمود۔ واز تاریکی گم گشتگی وغیر آگہی برآوردہ در طلعت جاوید کامرانی فائز گردانید۔ آثارِ عالی و اطوارِ متلالی

ایک تو ہے ''موسیٰ ثانی کاشفِ دیں''
یعنی (دین کو ظاہر کرنے والا موسیٰ ثانی) ۱۱۴۲ھ

دوسری ہے ''عرفانِ دین موسیٰ ثانی''
یعنی (دین کی پہچان موسیٰ ثانی) ۱۱۴۲ھ

حضرت شیخ نظام الدین اورنگ آبادیؒ

آپ علومِ شریعت و طریقت کے جامع تھے۔ عرفان و تحقیق کے اسرار کے ماہر تھے۔ فقیروں کے مرجع اور عارفوں کے ملجا تھے۔ وجد اور سماع سے شغف رکھتے اور حیرت و ہیبت کے سمندر میں محو رہتے تھے۔ آپ کے نسبِ پاک کا سلسلہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر ختم ہوتا ہے۔ آپ شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی کی اولاد سے ہیں۔ کہتے ہیں کہ علم حاصل کرنے کی غرض سے حضرت شیخ کلیم اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ علومِ ظاہری سے فارغ ہونے کے بعد باطنی فیوض حاصل کئے اور سخت محنت و ریاضت کرنے کے بعد مرتبۂ کمال کو پہنچے۔ آپ کے بزرگ چہرہ سے بلند آثار اور ارجمند اطوار نمایاں تھے۔ بے حد قبولیت اور مہارت رکھتے تھے۔ خطۂ دکن میں تشریف لائے تو شہر اورنگ آباد دکن میں سکونت اختیار فرمائی اور راہِ یقین کے طالبوں اور چشمۂ دین کے پیاسوں کی اپنے ارشاد و تلقین کے ذریعہ رہنمائی کر کے انھیں منزلِ مقصود تک پہنچایا۔ صاحبِ تصانیف تھے۔ آپ کی زیادہ مشہور تصنیف رسالۂ نظام القلوب ہے۔ آپ کے نامور خلفائے گرامی کی فہرست اس طرح ہے۔

فہرست خلفاء

خواجہ کامگار خاں۔ محمد علی۔ خواجہ نور الدین۔ مولانا فخر الدین۔ سید شاہ شریف۔ شاہ عشق اللہ۔ غلام قادر خاں۔ محمد یار بیگ۔ محمد جعفر۔ شیر محمد۔ کرم علی شاہ وغیرہ۔ اور بھی ہیں جن کی فہرست معلوم نہ ہو سکی۔

آپ کے وصالِ پاک کا زمانہ ۱۱۴۲ھ ہجری لکھا ہے۔ آپ کا مرقدِ اطہر دکن کے اورنگ آباد شہر میں واقع ہے جو مقبول زیارت گاہِ خلائق ہے۔ نقل ہے کہ آپ کو حضرت شیخ کلیم اللہؒ سے محبت اور انسیت عشق کی حد تک تھی۔ چنانچہ شیخ کی وفات کے بعد نہایت حسرت و محنت کے ساتھ گوشۂ تنہائی و جدائی میں کچھ عرصہ گذارا تھا کہ مطلوبِ حقیقی کی طلب آ پہنچی اور جدائی و فراق کی مزید زحمت برداشت نہ کر سکے۔ بظاہر چند امراض میں مبتلا ہوئے اور شیخ

داشت ۔ بہ تلقین وارشادِ اہل اللہ بسیاری کوشید۔ گرمیِ صحبتِ او احتراقِ عشق والتہابِ محبت میانِ جاں پیدا می کرد۔ دلِ مشغوف در بر، ودقائقِ مکشوف پیشِ نظر داشت ۔ از راحت واستراحت بیزار، وبا دردومحنت محبت سروکار۔ امام الطریق، سرشارِ بادۂ تحقیق وجامِ رحیق بود۔ بہ رفاہ استکراہ وخصومت ومنازعت با جمعیت وجاہ داشت ۔ زمانِ وصالِ او در سال یازدہ صد وچہل ودو ۱۱۴۲ ھ مرقوم است ۔ مرقدِ پاکش در شاہجہاں آباد در فنائے بازار خانم متصل بہ حصار سنگِ سرخ است ۔ بزمانِ شورشِ دہلی مجر و احاطہ منہدم شد۔ قبر باقیست ۔ فہرست اسماء خلفائیش اینست ۔

فہرستِ خلفاء

شیخ نظام الدین اورنگ آبادی، سید بڈھن، حافظ محمود، شیخ جمال الدین، شیخ حامد سعید، قاضی شیخ عبدالولی، شاہ ضیاء الدین، شاہ اسد اللہ، شاہ جلال الدین، شاہ مداری ناگوری، محمد ہاشم۔

آوردہ اند کہ حضرت شیخ تصانیف بسیار بود۔ تفسیرِ قرآن ، سواء السبیل، عشرۂ کاملہ، کشکول، واقعاتِ کلیمی، الہاماتِ کلیمی وغیرہ۔

از حضرت شیخ چہار پسر وپنج دختر بودند۔ حافظ حامد سعید، حافظ فضل اللہ، احسان اللہ، خواجہ محمد۔ نام دختران بی بی رابعہ کہ بہ محمد ہاشم خلیفہ حضرت منکوحہ شد۔ بی بی فخر النساء کہ بہ شیخ عبدالرحیم منسوب بود۔ بی بی زینب کہ در حبالۂ عقد شاہ میر در آمد۔ و نیز دخترِ چہارم بعد فوت دخترِ اول بہ سلسلۂ زوجیت محمد ہاشم پیوستہ بود۔ وحال دختر پنجم از نظر نگزشت۔ واینہمہ فرزندان ودختران از بطن خاتونِ دوم در معرضِ وجود آمدہ بودند۔ قطعات وابیات در تاریخ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ۔

موسیٰ اُمت کلیم اللہ عصر
بود مقبولِ دو عالم از قبول
سالِ وصلش ہاتف از کلکِ جلی

کی رحلت کے بعد بہت جلد اس دنیائے فانی سے عالمِ جاودانی کی جانب سدھارے۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

صاحبِ ''مناقبِ فخریہ'' نے لکھا ہے کہ جس زمانے میں شیخ نظام الدین اپنے شیخ کلیم اللہ کی خدمت میں اکتسابِ علوم کر رہے تھے ایک دن حضرت شیخ مجلسِ وعظ برخاست کر کے اپنے حرم سرا کے اندر جانا چاہتے تھے کہ شیخ نظام الدین اپنی جگہ سے اٹھے اور حضرت شیخ کے پاؤں میں نعلین پہناتے ہوئے عرض کرنے لگے۔

سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی حساب کم و بیش را

(یعنی میں نے اپنا سارا سرمایہ آپ کے حوالے کر دیا ہے۔) (اب آپ ہی حساب میں کمی یا زیادتی کے بارے میں جانتے ہیں۔)

حضرت شیخ کو حضرت شیخ یحییٰ مدنی کا ارشاد یاد آیا جو سفرِ حجاز پر روانہ ہونے کے موقع پر فرمایا تھا کہ اے نظام الدین! ایک خوب رو نوجوان مجلسِ تدریس میں تمہارے سامنے آئے گا اور زبانِ حال سے یہی شعر پڑھے گا۔ چاہئے کہ تم اس کو بیعت و خلافت کی سعادت سے مشرف کرو اور یہ سب نعمت و کرامت اور نسبت کہ تمہیں عطا کی گئی ہے اسی کا حق ہے۔ اس دن سے حضرت شیخ نے بے حد توجہ فرمائی اور تھوڑے سے عرصہ میں شیخ نظام الدین کو مرتبۂ کمال پر پہنچا دیا۔

خواجہ فخر الدین فخر جہاں چشتی دہلویؒ

سند الاصفیاء، قدوۃ الاولیا، امام المتقین، صدر الولایت، محبوبِ رب العالمین، محب النبی خواجہ فخر الدین فخر جہاں چشتی دہلوی قدس اللہ سرہ العزیز حضرت خواجہ نظام الدین اورنگ آبادیؒ کے فرزند اور خلیفہ تھے۔ ظاہری و باطنی علوم کے عالم و ماہر تھے۔ ان کی ولادت کے وقت خواجہ کلیم اللہ نے اپنا خرقہ اور ٹوپی عنایت فرمائی اور سولہ (۱۶) سال کی عمر میں علومِ عقلی و نقلی سے مالا مال ہوئے اور ریاضت و عبادت میں مشغول ہوئے۔ اپنی رہنمائی سے ایک عالم کو فیض یاب فرمایا اور اپنے زیر سایۂ عاطفت دنیا اور دنیا والوں پر برکات و حسنات نازل فرمائے۔ آپ کے خوانِ نعمت سے مخلوق مستفید ہوتی ہے۔ آپ کے آستانِ پاک کی چوکھٹ پر اپنی جبیں خم کرتی ہے۔ اس زمانے میں جبکہ حضرت خواجہ بزرگ (غریب نواز) کے روضہ کی

زد رقم ''شد حشر باآلِ رسول''

۱۱۴۲ھ

ایضاً

فضل و کمالش بیش بودہ
مرہمِ قلبِ ریش بودہ
سالِ وصالش گفت ہاتف
قطبِ زمانۂ خویش بودہ

۱۱۴۲ھ

ایضاً

چو از دنیا بفردوسِ بریں رفت
پے گلگشتِ خلدِ جاودانی

دو تاریخست بہرِ سالِ وصلش
بر آید مدعا از وے چو خوانی
یکے موسیٰ ثانی کاشفِ دیں

۱۱۴۲ھ

دگر عرفانِ دین موسیٰ ثانی

15-1-2013

۱۱۴۲ھ

حضرت شیخ نظام الدین اورنگ آبادی

جامعِ علومِ شرع وطریق، حاویِ اسرارِ عرفان وتحقیق، مرجع الفقرا، ملجاء العرفاء بود۔ وجد وسماع رادوست داشت۔ ودر محیطِ حیرت وہیبت مستغرق۔ سلسلۂ نسبِ پاکِ او بہ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ منتہی می شود۔ واز نبیرگانِ شیخ الشیوخ شہاب الدین

زیارت کے ارادہ سے اجمیر پہنچے۔ مزار اقدس کی زیارت کے بعد بڑی مسجد اکبر شاہی کے جنوب میں واقع خانقاہ شریف کی جانب توجہ فرمائی اور صاحبِ سجادہ کے ساتھ جو حضرت خواجہ بزرگ کی اولاد سے تھے دوستی و محبت قائم کی۔ اسی اثناء میں فضائل و حقیقت آگاہ شاہ رشید الدین جو حاجی حرمین شریفین حضرت خواجہ یحییٰ مدنی گجراتی کی اولاد پاک سے تھے وہاں تشریف لائے اور خواجہ فخر جہاں اور پیرزادہ کے ساتھ مصافحہ اور معانقہ کر کے ساتھ بیٹھ گئے۔ اس موقع و محل میں باکمال گفتگو نے حیرت میں ڈال دیا اور در و دیوار جمال سے پُرانوار ہو گئے۔ خدمت گزاروں میں سے ہر ایک کو سعادت کا جامہ عطا فرمایا کہ پاکی و پاکیزگی پیش نظر تھی۔ اور حضرت پیرزادہ شیخ المشائخ سید اصغر علی احمد چشتی اجمیری نے اسی محفل میں حضرت خواجہ فخر جہاں کی خدمت میں شرح مُلا کا ایک نسخہ پیش کیا جیسا کہ ''مخبر الاولیا'' میں منقول ہے۔ خواجہ فخر جہاں کے مریدین و معتقدین کی تعداد کی حد نہیں ہے۔ آپ کا وصال پاک 1199 ہجری میں ہوا اور قدیم دہلی میں فائض الانوار حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کے مزار کے قریب جگہ پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

آفتابِ فلکِ ہدایت، نیرِ اعظمِ برجِ ولایت،
شاہنشہِ کشورِ غوثیت و قطبیت، فخر العارفین، مظہرِ انوار الصمد
حضرت خواجہ نور محمد مہاروی قدس سرہٗ

آپ کا اسمِ گرامی بہبل اور لقبِ پاک نور محمد تھا جو حضرت خواجہ فخر جہاں سے پایا تھا۔ نقل ہے کہ حضرت خواجہ فخرِ جہاں کی محبت آپ کے ساتھ روز بروز زیادہ ہوتی تھی۔ جب یہ بات مشتہر اور مشہور ہوئی تو حضرت خواجہ فخرِ جہاں کے مریدین میں سے ایک عورت نے چاہا کہ خواجہ نور محمد کے حسن و جمال کے دیدار سے آنکھوں کو تسکین دے۔ خواجہ فخرِ جہاں کی دعوت کے بہانے سے ایک پوشیدہ جگہ پر چھپ کر بیٹھ گئی۔ جس وقت طعام لایا گیا ہر کوئی کھانے میں مشغول ہو گیا۔ تو اس عورت نے بالاخانے کے پردے سے دیکھا۔ جیسے ہی حضرت خواجہ مہارویؒ کے جمالِ مبارک پر اس کی نظر پڑی تو بظاہر خوبصورتی سے خالی دیکھ کر دل میں سوچا کہ خواجہ (فخرِ جہان) کے دل کا

سہروردی است۔ آوردہ اند کہ بطلبِ علم بخدمت حضرت شیخ کلیم اللہ حاضر شدہ بعد از فراغ علوم ظاہر در تحصیلِ امورِ باطن اکتساب کرد۔ ومحنت و ریاضت شاقہ کشیدہ مرتبۂ کمال بہ تکمیل رسانید۔ و بہ آثارِ رفیع و اطوارِ منیع و مقاماتِ بلند، نشانِ ارجمند فرقِ مشیخت برافراشت۔ قبولِ عظیم و دستگاہِ کلیم داشت۔ و در دیارِ دکن نزولِ مکرمت فرمودہ در بلدۂ اورنگ آباد دکن سکونت اختیار فرمود۔ وطالبانِ راہِ یقین واعیان واشرافِ دین را بہ رہبریِ تلقین وارشاد بمنزلِ مقصود رسانید۔ صاحبِ تصانیف بود۔ اشہر تصانیفِ او رسالۂ نظام القلوب است۔ فہرستِ نام نامی خلفائے گرامی اینست۔

فہرست خلفا

خواجہ کامگار خان، محمد علی، خواجہ نور الدین، مولانا فخر الدین، سید شاہ شریف، شاہ عشق اللہ، غلام قادر خان، محمد یار بیگ، محمد جعفر، شیر محمد، کرم علی شاہ، وغیرہ اینہا کہ فہرستِ ایشاں معلوم نشد۔

زمانِ وصالِ پاک در سال یازدہ صد و چہل و دو مرقوم است۔ مرقدِ مطہر در بلدۂ اورنگ آباد ملکِ دکن مسجودِ انام وملجائے عوام است۔ آوردہ اند کہ اورا با حضرت شیخ کلیم اللہ محبت وموانست بمرتبۂ عشق بود۔ چنانچہ بعد وفاتِ شیخ در گوشۂ خمول وعسرت ومحنت در کنجِ تنہائی وفراق چندے بسر نہ بردہ بودند کہ تقاضائے طلب از بر مطلوبِ حقیقی در رسید۔ ومزید برآں زحمتِ مفارقت ومہاجرت نہ پسندید۔ لاجرم بجہت اتمامِ حجت ظاہر امراض معتد عارضِ حال شدند۔ وقریب تر از زمان رحلتِ شیخ محملِ زندگانی ازیں سرائے فانی بعالمِ قدسِ جاودانی بربستند۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

15-1-2013

و صاحبِ ''مناقبِ فخریہ'' آوردہ است کہ دراں زمان کہ شیخ نظام الدین بخدمت شیخ کلیم اللہ اکتسابِ علوم می کرد۔ روزے حضرت شیخ از مجلسِ تذکیر برخاستہ درونِ حرم سرائے رفتن می خواست۔ کہ شیخ نظام الدین از جائے خود برخاستہ نعلین در قدم حضرت شیخ بنہاد۔ وعرض کرد۔

سپردم بتو مایۂ خویش را

میلان اس منظر و پیکر کے ساتھ کس وجہ سے ہے؟ فوراً باطنی کشف کے ذریعہ واقف ہو کر حضرت خواجہ مہارویؒ نے فرمایا۔ مائی صاحبہ! خواجہ فخرِ جہاں جو میری صورت کے حُسن پر فریفتہ و شیفتہ ہیں۔ ناقص آنکھ اسے دیکھنے سے معذور ہے۔ لیلیٰ کو مجنوں کی آنکھ سے دیکھنا چاہیے۔

نقل ہے کہ ایک وقت حضرت خواجہ مہارویؒ نے ایسے اوراد (وظائف) پڑھنے کی درخواست کہ جن کے پڑھنے سے حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں باریاب ہونے کی دولت نصیب ہو، ایک دن ایک تحریر حضرت خواجہ فخر جہاں کی خدمت میں روانہ کی۔ اس کے جواب میں حضرت نے جو تحریر بھیجی تھی وہ اس طرح ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ دوستوں کی اور دوستوں کے سلوک کی تفصیل تحریر کی جانی چاہئے۔ صحبت کے اثرات ہوتے ہیں۔ خشک مزاج لوگوں کی صحبت سے نفرت ہونا چاہئے۔ لازم ہے کہ ان کے حق میں تمہاری صحبت اثر کرے۔ اور غفلت کے اندھیرے سے باہر آئیں۔ ایک انسان جس نے تم سے خدا کا نام سیکھا۔ وہ تمہاری فرض عبادت سے بہتر ہے۔ بیچارہ محمد اکبر تکلیف اٹھا کر یہاں تک آیا اور دوبارہ اس نے تمہارا مراسلہ پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ اسے دین و عقبیٰ میں جزائے خیر عطا کرے۔ کبھی سماع سنتے ہو یا بالکل بند کر دیا ہے کبھی کبھی سنتے رہو۔ بغیر ساز و عمل کے توجہ کرو۔ یعنی دوستوں کے ساتھ مراقبہ کرو۔ اس جذبہ کے ساتھ کے ان کا جذبہ مجلس میں عمل کرے گا۔ جو فرمانبرداری ایک مرید کرتا ہے وہ ایک شاگرد نہیں کرتا۔

